www.mashriqquetta.com.pk

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | اتوار 24 جمادی الاول 1447ھ 16 نومبر 2025 | صفحات 24 | شمارہ 132

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 40 روپے

غزہ سے فلسطینیوں کی نقل مکانی کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائیگی، پاکستان اور اردن کا اتفاق

شہباز شریف، شاہ عبداللہ ملاقات

وزیراعظم ہاؤس آمد پر شاہ عبداللہ دوئم ابن الحسین کا پرتپاک استقبال ملاقات میں غزہ کے معاملے پر پاکستان اور اردن کے اصولی مؤقف کو اجاگر کیا گیا امن معاہدے کے حوالے سے تعاون بڑھانے کا عزم

شہباز شریف نے پاکستان کے پڑوسی ممالک میں حالیہ پیشرفت، افغانستان اور بھارت میں ہونے والی تبدیلیوں سے آگاہ کیا، شاہ عبداللہ کا پاکستان کے خطے میں امن و استحکام کے لیے اہم کردار کا اعتراف

ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے اقتصادی، تجارت، سرمایہ کاری، صحت، سائنس و ٹیکنالوجی، تعلیم اور دفاعی شعبوں میں تعاون بڑھانے کے مواقع تلاش کرنے پر زور دیا، مفاہمتی یادداشتوں کا تبادلہ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے آج شام وزیراعظم ہاؤس میں اردن کے شاہ عبداللہ دوئم ابن الحسین کا پرتپاک استقبال کیا۔ دونوں رہنماؤں کی ملاقات کے دوران پاکستان اور اردن کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے طریقوں پر تفصیل سے بات چیت کی گئی۔ ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے اقتصادی، تجارت، سرمایہ کاری، صحت، سائنس و ٹیکنالوجی، تعلیم اور دفاعی شعبوں میں تعاون بڑھانے کے مواقع تلاش کرنے پر زور دیا۔ اس کے علاوہ، پاکستان اور اردن کے درمیان اسٹریٹجک اور اقتصادی تعلقات کو مزید گہرا کرنے کے لیے بھی اقدامات پر غور کیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے شاہ عبداللہ دوئم کے دورہ پاکستان کو دونوں ممالک کے درمیان پائیدار دوستی کے عزم کا مظہر قرار دیا۔ دونوں رہنماؤں نے فلسطین اور غزہ کی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ شاہ عبداللہ دوئم نے غزہ تنازعہ میں اردن کے کردار کو سراہا اور پاکستان کی غزہ میں استحکام کے لیے کی جانے والی انسانی ہمدردی کی کوششوں کی تعریف کی۔ دونوں رہنماؤں نے غزہ کے معاملے پر پاکستان اور اردن کے اصولی مؤقف کو اجاگر کیا، خاص طور پر فلسطینیوں کی حل مکانی کے بارے میں کسی بھی سمجھوتے سے گریز کرنے کی ضرورت پر اتفاق کیا۔ مزید برآں، انہوں نے شرم الشیخ امن معاہدے کے حوالے سے آٹھ عرب اسلامی ممالک اور امریکہ کے درمیان غزہ میں جنگ بندی کی کوششوں پر تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اردن کے شاہ عبداللہ کو پاکستان کے پڑوسی ممالک میں حالیہ پیشرفت، خصوصاً افغانستان اور بھارت میں ہونے والی تبدیلیوں سے آگاہ کیا۔ شاہ عبداللہ دوئم نے پاکستان کے خطے میں امن و استحکام .... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

جسٹس کامران خان ملاخیل بلوچستان کے قائم مقام چیف جسٹس مقرر

وزارت قانون وانصاف نے نوٹیفکیشن جاری کردیا، پیر کو حلف اٹھائیں گے

کوئٹہ (یو این اے) صدر پاکستان نے بلوچستان ہائی کورٹ کے جسٹس کامران ملاخیل کو قائم مقام چیف جسٹس مقرر کردیا ہے۔ یہ تقرری صدر پاکستان کے آئین کے آرٹیکل 196 کے تحت کی گئی ہے۔ تقرری کے مطابق جسٹس محمد کامران خان ملاخیل پیر کے روز اپنے عہدے کا حلف اٹھائیں گے۔ وہ اس عہدے پر تب تک فائز رہیں گے جب تک کہ عدالتی کمیشن آف پاکستان کی سفارش پر مستقل چیف جسٹس مقرر نہیں ہو .... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر



صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف شاہ اردن عبداللہ کا اسلام آباد آمد پر استقبال کر رہے ہیں

پاکستان اور اردن کے تعلقات تاریخی اور مذہبی بنیادوں پر قائم ہیں، سرفراز بگٹی

دوطرفہ وفود کی ملاقاتوں سے تجارت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں پیش رفت متوقع ہے شاہ عبداللہ دوم کا دورہ تعلقات کو مزید وسعت دے گا

سری لنکا کی کرکٹ سے وابستگی اور جذبہ قابل تحسین ہے، ملک میں کھیلوں کا فروغ اس بات کا ثبوت ہے کہ امن قائم ہو رہا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اردن کے بادشاہ شاہ عبداللہ دوم کے دو روزہ دورہ پاکستان کا خیرمقدم کرتے ہوئے اسے پاکستان اور اردن کے دیرینہ، برادرانہ اور باہمی اعتماد پر مبنی تعلقات کی مضبوطی کا اہم سنگ میل قرار دیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی دعوت پر شاہ عبداللہ دوم کا پاکستان آنا اس حقیقت کی گواہی ہے کہ دونوں ممالک نہ صرف .... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

بشریٰ بی بی حساس ادارے کی معلومات عمران تک پہنچا کر اعتماد جیتتی رہیں، دی اکانومسٹ

عمران کے وزیراعظم بننے کے بعد بشریٰ بی بی کا کردار تیزی سے سیاسی بحث کا حصہ بن گیا

بشریٰ کے آنے کے بعد عمران خان کے گھر عجیب رسومات شروع ہوئیں

برطانوی جریدے کی رپورٹ میں فیض حمید پر بشریٰ بی بی کو استعمال کرنے کا الزام عائد

لندن / اسلام آباد (این این آئی) برطانوی جریدے دی اکانومسٹ نے کہا ہے کہ بشریٰ بی بی حساس ادارے کی معلومات عمران تک پہنچا کر اعتماد جیتتی رہیں، 2010 کی دہائی کے وسط میں عمران خان ایک کمزور اور مایوس کن دور سے گزر رہے تھے جبکہ چیئرمین پی ٹی آئی پیر سٹر گوہر نے بشریٰ بی بی سے متعلق برطانوی جریدے کی رپورٹ کیخلاف قانونی کارروائی کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ آرٹیکل شرانگیز .... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے مسلم لیگ ن کے پارلیمنٹیرینز اور دیگر رہنماؤں پر مشتمل وفد ملاقات کر رہا ہے

غزہ میں کثیر الملکی امن فوجوں کی تعیناتی

قطر، مصر، متحدہ عرب امارات، سعودی عرب، انڈونیشیا، اردن، ترکیہ اور امریکا قرارداد کی مشترکہ حمایت کرنے والے ممالک میں شامل

پاکستان کا سلامتی کونسل میں امریکی قرارداد کی حمایت کا اعلان

قرارداد رکن ممالک کو اختیار دے گی کہ وہ عبوری عالمی استحکام فورس تشکیل دیں جو اسرائیل، مصر اور نئی تربیت یافتہ فلسطینی پولیس کے ساتھ مل کر سرحدی علاقوں کو محفوظ اور غزہ کی پٹی کو غیر فوجی بنائے

یہ قرارداد ایک مخلصانہ کوشش ہے اسرائیلی اور فلسطینی عوام سمیت پورے خطے کے لیے امن اور استحکام کا قابل عمل راستہ پیش کرتی ہے، اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹرز سے جاری مشترکہ بیان

اسحاق ڈار اور مصری وزیرخارجہ کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ، غزہ کے لیے امن کی کوششوں پر تبادلہ خیال، مصری وزیر خارجہ کا پاکستان میں دہشتگردی کے حملوں میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر تعزیت کا اظہار

اسلام آباد (شاکر رحمان) پاکستان نے دیگر مسلم اور عرب ممالک کے ساتھ شامل ہو کر غزہ میں بین الاقوامی استحکام فورس (آئی ایس ایف) تعینات کرنے کی تجویز کی امریکی قرارداد کی حمایت کا اظہار کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹرز سے جاری مشترکہ بیان میں پاکستان، قطر، مصر، متحدہ عرب امارات، سعودی عرب، انڈونیشیا، اردن، ترکیہ اور امریکا نے اس قرارداد کے لیے اپنی مشترکہ حمایت کا اظہار کیا جو اس وقت سلامتی کونسل میں .... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

صدر نے آرمی، نیوی اور ایئرفورس ترمیمی بلز کی منظوری دیدی

فیلڈ مارشل کی مدت ملازمت کو بطور (سی ڈی ایف) تقرری کے بعد دوبارہ ترتیب

منظوری کے بعد نوٹیفکیشنز پیپلز پارٹی کی جانب سے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر شیئر

اسلام آباد (زاہد احمد خان) صدر آصف علی زرداری نے ہفتے کے روز 3 بلوں کی منظوری دیدی ہے جن میں وہ بل بھی شامل ہے جس کے تحت چیف آف دی آرمی اسٹاف (سی او اے ایس) فیلڈ مارشل عاصم منیر کی مدت ملازمت کو بطور چیف آف دی ڈیفنس فورسز (سی ڈی ایف) تقرری کے بعد دوبارہ ترتیب دیا گیا ہے۔ صدر نے پاکستان .... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

معاشی اعداد و شمار حکومتی اصلاحات درست ثابت کر رہے ہیں، شہباز شریف

رواں سال ہونے والی ٹیرف اصلاحات کا کوئی منفی اثر ریونیو وصولی پر مرتب نہیں ہوا، معاشی ترقی کی رفتار بہتر ہو رہی ہے

درآمدی سطح پر ڈیوٹیوں اور ٹیکس کی وصولی میں 25 فی صد اضافہ ہوا، اعلامیہ، ٹیکس وصولی کیلئے انتظامی اقدامات کی ہدایت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ تازہ ترین معاشی اعداد و شمار حکومتی معاشی اصلاحات کو درست ثابت کر رہے ہیں جن کے نتیجے میں معاشی ترقی کی رفتار ہر روز بہتر ہو رہی ہے جس کے شاہد بھی کاروباری برادری اور قوم کے سامنے آ رہے ہیں .... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹس نے پہلا انتظامی حکم جاری کر دیا

جسٹس امین الدین نے سابق ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج محمد حفیظ کو رجسٹرار آئینی عدالت لگا دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹس امین الدین نے پہلا حکم جاری کر دیا جس کے مطابق سابق ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج محمد حفیظ کو .... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

نیازی حکومت میں فیصلے روحانیت کا لبادہ اوڑھے بشریٰ بی بی کرتی تھیں، عطاء تارڑ

وہ بتاتی تھیں کون سی تعیناتی کہاں ہوگی، کون سے ملک کے ساتھ اچھے تعلقات، کون سے ملک سے فاصلہ رکھنا ہے

27 ویں آئینی ترمیم عجلت میں نہیں کی گئی، آئینی عدالت کے قیام کے حوالے سے 2005-06 سے بحث چل رہی ہے

اب عام آدمی کو اعلیٰ عدالتوں میں وقت پر سنا جائے اور فوری انصاف ملے گا، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ لندن کے ایک معروف جریدے .... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

صدر مسلم لیگ ن نواز شریف ایک بار پھر لندن روانہ

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ ن کے صدر نواز شریف ایک بار پھر لندن روانہ ہو گئے۔ سابق وزیراعظم میاں محمد نواز شریف جاتی امرا رائیونڈ سے لاہور .... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی جی آئی ایس پی آر کی طلبہ و اساتذہ کیساتھ خصوصی نشست

طلباء اور اساتذہ نے پاک فوج کی قربانیوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاک فوج کے محکمہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے ڈی منٹگمری یونیورسٹی .... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

افغان طالبان رجیم میں بچوں کی غذائی قلت المیہ بن گئی، یونیسف

افغان طالبان کے زیر اقتدار افغانستان میں معاشی بحران شدت اختیار کر گیا، رپورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اقوام متحدہ کی ذیلی تنظیم یونیسف نے .... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

مچھ گیس پائپ لائن میں شگاف، کوئٹہ سمیت متعدد علاقوں کو فراہمی معطل

ہائی پریشر ٹرانسمیشن 18 انچ قطر پائپ لائن میں شگاف پڑا، پشین کچلاک زیارت مستونگ قلات کو سپلائی متاثر

متاثرہ علاقوں کو متبادل ذرائع سے محدود گیس کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی، مرمت کیلئے ٹیمیں روانہ کر دیں، گیس حکام

کوئٹہ (آن لائن) مچھ کے علاقے میں سوئی سدرن گیس کمپنی کی ہائی پریشر ٹرانسمیشن 18 انچ قطر پائپ لائن میں شگاف پڑنے سے کوئٹہ، پشین، کچلاک، زیارت، مستونگ اور قلات کو گیس کی فراہمی معطل ہوگئی متاثرہ علاقوں کو متبادل ذرائع سے گیس کی .... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

بشریٰ بانی پی ٹی آئی کو کنٹرول کرنے کا حصہ تھیں، طلال چوہدری

بزدار کی تقرری سے لے کر اہم ترین تقرری تک جادو ٹونے سے کام ہوتا رہا، وزیر مملکت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما طلال چوہدری نے کہا ہے کہ جو سرکار جادو ٹونے سے چلے، اندازہ لگائیں اس نے ملک کے ساتھ .... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

جسٹس کے کے آغا نے وفاقی آئینی عدالت کے جج کا حلف اٹھا لیا، تعداد چار ہوگئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جسٹس کے کے آغا نے بھی وفاقی آئینی عدالت کے جج کا حلف اٹھا لیا، وفاقی آئینی عدالت .... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شمس محمود مرزا نے استعفیٰ دے دیا

استعفیٰ صدر کو بھجوا دیا، 27 ویں آئینی ترمیم کے بعد تبادلے کا امکان تھا

لاہور (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کے سینئر ترین جج جسٹس منصور علی شاہ اور جسٹس اطہر من اللہ کے بعد لاہور ہائی .... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت نے ڈیزل کی فی لیٹر قیمت میں 6 روپے اضافہ کر دیا

پیٹرول کی موجودہ قیمت 265 روپے 45 پیسے فی لیٹر پر برقرار رکھی گئی

اسلام آباد (شاکر رحمان) حکومت نے ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں رد و بدل کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق فی لیٹر ڈیزل کی .... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان سرمایہ کاروں کا اعتماد دوبارہ حاصل کرنے میں کامیاب

ملک اقتصادی استحکام کے ایک نئے دور میں داخل ہو رہا ہے، بلومبرگ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان کی معیشت کے لیے ایک مثبت پیش رفت سامنے آئی ہے۔ جہاں عالمی مالیاتی اداروں اور بین الاقوامی مارکیٹوں میں .... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: ریٹرننگ آفیسر انور کاکڑ کے دفتر میں بلدیاتی امیدوار کاغذات نامزدگی جمع کرا رہے ہیں

مونس الٰہی کیخلاف انٹرپول نے تحقیقات بند کر دیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما مونس الٰہی کو بڑا ریلیف مل گیا۔ ذرائع کے مطابق انٹرپول نے مونس الٰہی کے خلاف دو سال سے جاری تحقیقات .... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

بیرسٹر گوہر کا برطانوی جریدے کیخلاف قانونی کارروائی کا اعلان

بشریٰ بی بی سے متعلق آرٹیکل شرانگیز اور جھوٹ پر مبنی، مقصد کردار کشی ہے، گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر علی خان نے برطانوی جریدے میں بانی پی ٹی آئی .... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

بنوں، لکی مروت میں پولیس، سی ٹی ڈی کی مشترکہ کارروائی، 5 خوارج ہلاک

خیبر پختونخوا پولیس کے جوان امن و امان کے قیام اور عوام کے تحفظ کے لیے ہر دم تیار ہیں، ڈی پی او سجاد خان

دہشت گردوں کو کہیں بھی محفوظ پناہ گاہ نہیں ملے گی، مشترکہ آپریشن امن کے استحکام کے لیے جاری رہے گا، آئی جی

بنوں / لکی مروت (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے اضلاع بنوں اور لکی مروت میں پولیس اور کاؤنٹر ٹیررازم .... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان میں دہشتگردی کے ذمہ دار سرحد پار عناصر ہیں، وزیر داخلہ

افغانستان سے دہشت گردی کے مسئلے پر بات کر چکے ہیں، بار بار کہا ہمارے ملک کا امن تباہ نہ کیا جائے، حملوں میں مقامی ملوث نہیں

دہشتگردوں کا انسانیت سے کوئی تعلق نہیں، ان درندوں کا کوئی مذہب نہیں، بہادر سپاہیوں نے سازش ناکام بنا دی، محسن نقوی کا خطاب

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر داخلہ محسن نقوی نے ہفتے کے روز دانا .... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

کے پی حکومت کا برطانوی جریدہ کے خلاف عالمی فورم پر جانے کا اعلان

دی اکانومسٹ کی حالیہ رپورٹ غیر مصدقہ کہانیوں اور سیاسی پروپیگنڈے پر مبنی ہے

سیاسی مخالفین کے بیانات کو حقیقت بنا کر پیش کیا گیا، صحافتی اصولوں کے سراسر منافی ہے، شفیع جان

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا حکومت نے برطانوی جریدہ دی اکانومسٹ کی بانی پی ٹی آئی عمران خان اور اہلیہ بشریٰ بی بی سے متعلق رپورٹ کو بے بنیاد قرار .... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

علیمہ خانم کی پنجاب بھر سے جائیدادوں کی چھان بین شروع

منقولہ، غیر منقولہ، زرعی رقبوں کی تفصیلات طلب کر لی گئیں

لاہور (بیورو رپورٹ) بورڈ آف ریونیو کی جانب سے علیمہ خانم کی پنجاب بھر سے جائیدادوں کی چھان بین شروع کر دی گئی۔ سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو نبیل جاوید .... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

لورالائی: بیٹے کی فائرنگ سے سوتیلی ماں سمیت دو افراد ہلاک

پولیس نے بروقت کارروائی کر کے ملزم آلہ قتل سمیت گرفتار کر لیا، مزید تفتیش جاری

لورالائی (آن لائن) کلی نیو بازار میں بیٹے نے فائرنگ کر کے اپنی سوتیلی ماں مسماۃ (ح) اور محب اللہ کو ہلاک کر دیا، خاتون کا تعلق کلی نیو بازار اور مرد کا تعلق کلی زنگیوال .... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ اور ایس پی او کے درمیان تحفظ نسواں اور کم عمری کی شادیوں کے خلاف مشترکہ ایم او یو پر دستخط کیے جا رہے ہیں

روس نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان ثالثی کی پیشکش کر دی

پاکستان اور افغانستان ضبط و تحمل کا مظاہرہ کریں، سرحدی کشیدگی خطے کے امن کیلئے خطرہ ہے

دونوں اہم شراکت دار ہیں، ثالثی کی پیشکش کرتے ہیں، ترجمان روسی وزارت خارجہ

ماسکو (م ڈ) روس نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان کشیدگی میں کمی کے لیے ثالثی کی پیشکش کر دی۔ روس کی وزارت خارجہ کی ترجمان ماریہ زخارووا نے کہا .... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

موسمیاتی تبدیلی پاکستان کیلئے بقا کا خطرہ بن چکی، محمد اورنگزیب

ملکی مستقبل کی خوشحالی موسمیاتی خطرات سے نمٹنے سے مشروط ہے، خطاب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے عالمی سطح پر سادہ اور تیز کلائمیٹ فنانسنگ تک رسائی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ موسمیاتی .... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

بھارتی خاتون کا واپسی سے انکار، اسلام قبول کر کے شادی کر لی

سربجیت کور 4 نومبر کو بھارتی یاتریوں کے ساتھ پاکستان آئی تھیں 13 نومبر ویزہ ختم ہو گیا تھا

لاہور (بیورو رپورٹ) مذہبی تہوار کے سلسلے میں بھارت سے آئی سکھ خاتون نے بھارت واپس جانے سے انکار کر دیا، اسلام قبول کر کے پاکستانی شہری سے شادی .... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

Scholarships are open for Fall 2026 Admissions

URAAN PAKISTAN

Higher Education Commission (HEC), Pakistan under its project, US-Pakistan Knowledge Corridor invites applications for award of scholarships for PhD program in top 100 QS World Ranked US universities Fall, 2026.

- The scholarship is only for the PhD Program and does not include MS Leading to PhD.
- Preference shall be given to applicants having admission in preferred subject areas as mentioned on HEC website. http://www.hec.gov.pk/site/US-PAK-KCSA
- Applications for scholarship shall be submitted online through HEC scholarship portal at: https://scholarship.hec.gov.pk/

ELIGIBILITY CRITERIA

a. Pakistani/AJK nationals
b. Minimum 4 years bachelor's degree (BS/BSc. /BE/16 years formal education)
c. No 2nd or 3rd Division in entire academic career for category – I & II scholarship.
d. Maximum age on the closing date shall not exceed:
   - 40 years in case of regular Government employees/regular faculty members of public sector universities & Government colleges/regular researchers of approved R&D organizations.
   - 35 years in all other cases.
e. Must not be availing any other scholarship.

SPECIFIC ELIGIBILITY CRITERIA

1. Category I-Scholarship (Top 50 QS World Ranked US Universities–Overall):
   - Tuition Fee as per University Invoice
   - Stipend and Health Insurance

   The prospective applicants must have:
   a. Secured admission in top 50 QS World Ranked US University
   b. Valid GRE – General Score (Minimum 300 in total) OR HEC HAT Score (Minimum 60%)

2. Category II-Scholarship (51-100 QS World Ranked US Universities–Overall):
   - A tuition fee up to USD 12,000/- per annum
   - Stipend and Health Insurance

   Prospective applicants must have:
   a. Secured admission in top 51-100 QS World Ranked US University.
   b. Valid GRE – General Score (Minimum 300 in total) OR HAT Score (Minimum 60%).

Important Note

a. Applications for scholarships are invited from those prospective applicants who satisfy both general and specific eligibility criteria.
b. There will be no binding on HEC to provide scholarships to all selectees. HEC will select only best of the best among this lot on merit.
c. The latest QS Ranking (2025) shall apply. www.topuniversities.com website will be used as a reference for QS Ranking.
d. For more details, please visit HEC Website www.hec.gov.pk/site/US-PAK-KC

Deadline: Applications must be submitted on the HEC online portal by April 30, 2026

Project Management Unit
US – Pakistan knowledge Corridor
HRD Division, Higher Education Commission Sector H – 8, Islamabad.
UAN: 051-111-119-432 & 0334-1119432

UAN: 111-119-432 | HECPakistan2002 | hecpakofficial | HECPakistan2002 | hec-pakistan | hec_pk

PID(I) 4073/25

اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے ثناءاللہ کاکڑ کی ملاقات کر رہے ہیں

100 سے زائد اساتذہ، ملازمین برسوں سے پنشن کنٹریبیوشن سے محروم ہیں، فپواسا

باقاعدہ منظوری کے باوجود مختلف الاؤنسز کی غیر قانونی کٹوتیاں مسلسل جاری ہیں، ترجمان

کوئٹہ (آن لائن) فپواسا اور اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن جامعہ بلوچستان کے ترجمان نے اپنے ایک وضاحتی بیان میں کہا ہے کہ، آج بھی جامعہ بلوچستان کے سو سے زائد اساتذہ اور ملازمین گزشتہ چار برسوں سے اپنی جائز پنشن کنٹریبیوشن سے محروم ہیں۔ اسی طرح مالی سال 25-2024 اور 26-2025 کے بجٹ میں تنخواہوں اور پنشن میں کیے گئے سرکاری اعلان کردہ اضافے کی مکمل ادائیگی تاحال نہیں کی گئی۔ مزید برآں، جامعہ کے پالیسی ساز اداروں سے باقاعدہ منظوری کے باوجود مختلف الاؤنسز کی غیرقانونی کٹوتیاں مسلسل جاری ہیں۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ جامعہ بلوچستان کے اساتذہ اور ملازمین کو پالیسی ساز اداروں سے منظور شدہ اپ گریڈیشن اور ٹائم اسکیل سے بھی اب تک محروم رکھا گیا ہے۔ منظور شدہ خالی آسامیوں کو مشتہر نہ کرنے کے سبب گزشتہ 20 برسوں سے درجنوں اہل اساتذہ، تمام ضروری شرائط پوری کرنے کے باوجود، پروموشن سے محروم ہیں، جو نہایت ناانصافی ہے۔ ترجمان نے اس امر پر بھی تشویش کا اظہار کیا کہ صوبے کی اکثر جامعات میں پرو وائس چانسلرز، رجسٹرار، ٹریژرار اور کنٹرولر امتحانات جیسے اہم انتظامی عہدوں پر مستقل تعیناتیاں نہیں کی جا رہیں، جب کہ کئی اداروں میں اب تک ایکٹنگ وائس چانسلرز اور پرو وائس چانسلرز کام کر رہے ہیں، حالانکہ ان عہدوں پر تقرریاں قانون و میرٹ کے مطابق مستقل بنیادوں پر ہونی چاہئیں تھیں۔ بیان میں صوبائی حکومت سے پرزور مطالبہ کیا گیا کہ صوبے کی تمام سرکاری جامعات کے اساتذہ اور ملازمین کو صوبائی سول سیکرٹریٹ اور گورنر سیکرٹریٹ کے آفیسران و ملازمین کی طرح تنخواہوں اور الاؤنسز سے مستفید کیا جائے۔ مزید یہ کہ اپ گریڈیشن، منظور شدہ خالی آسامیوں کی فوری تشہیر، پنشن کنٹریبیوشن، میڈیکل و امتحانی بلز اور تمام بقایاجات کی فی الفور ادائیگی کو یقینی بنایا جائے۔

شیرانی ضلع کی نئی آرگنائزنگ باڈی تنظیمی کام کو آگے بڑھائے گی، عبدالرحیم زیارتوال

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نے پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں ضلع شیرانی کے ضلعی آرگنائزر ڈاکٹر قطب الدین شیرانی، سینئر ڈپٹی آرگنائزر عبیداللہ حریفال، خواجہ خان شیرانی، رشتیارمل شیرانی، جلات زلاند سے حلف لیا اور انہیں دلی مبارکباد پیش کی۔ حلف کے تقریب میں مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، صوبائی سینئر نائب صدر سید شراف آغا، صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، ضلع کوئٹہ کے ایگزیکٹیوز اور ضلع کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔

خلیل جارج بھٹو اور وائس چیئرمین عرفان بشیر آج پریس کانفرنس کریں گے

کوئٹہ (آن لائن) کریگن الائنس کے چیئرمین سابق نگران وفاقی اور صوبائی وزیر خلیل جارج بھٹو اور وائس چیئرمین عرفان بشیر آج اتوار کی سہ پہر 3 بجے کوئٹہ پریس کلب میں بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے اہم پریس کانفرنس کریں گے۔

27 ترمیم کی منظوری سے ملک میں امن فروغ پائے گا، جہانگیر شاہ

پاک بھارت جنگ میں کامیابی کے بعد سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کا اعزاز دیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما سید جہانگیر شاہ نے قومی اسمبلی اور سینٹ سے پاکستان آرمی ایکٹ، پاکستان ایئرفورس ایکٹ اور پاکستان نیوی آرڈیننس میں ترمیم کی منظوری پر وزیراعظم پاکستان اور وفاقی حکومت میں شامل اتحادی جماعتوں کے سربراہوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ سیاسی جماعتوں نے آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کو 2030 تک چیف آف ڈیفنس فورسز تعینات کرکے ایک اچھا اقدام اٹھایا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سید جہانگیر شاہ نے کہا کہ حالیہ پاک بھارت جنگ میں پاک فوج نے جنرل سید عاصم منیر کی قیادت میں بھارت کو عبرتناک شکست سے دوچار کیا جس سے پوری دنیا میں پاکستان کی عزت اور وقار میں اضافہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج کے جوان ملک سے دہشت گردی کے خاتمے کیلئے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کررہے ہیں اور انشاء اللہ جلد ملک سے دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کردیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان نے پاک بھارت جنگ میں کامیابی کے بعد آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی دی جس کی بعض سیاسی جماعتوں نے مخالفت کی لیکن حکومت نے اسکے باوجود آرمی چیف کو اعزاز سے نواز کر یہ ثابت کردیا کہ زندہ قومیں اپنے قومی ہیروز کو عزت واحترام دینا جانتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن)، پاکستان پیپلزپارٹی اور وفاقی حکومت میں شامل اتحادی جماعتوں نے 27 ویں آئینی ترمیم کے ذریعے پاکستان آرمی ایکٹ، پاکستان ایئرفورس ایکٹ اور پاکستان نیوی آرڈیننس میں ترمیم کی منظوری دی جس پر وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف، بلاول بھٹو زرداری، چوہدری شجاعت حسین اور دیگر جماعتوں کے قائدین مبارکباد کے مستحق ہیں۔ سید جہانگیر شاہ نے آرمی چیف سید عاصم منیر کو 2030 تک چیف آف ڈیفنس تعینات ہونے پر مبارکباد پیش کی اور امید ظاہر کی انکی قیادت میں ملک مزید ترقی کریگا۔

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کو بے نظیر کفالت پروگرام کی قسط ادا کردی گئی

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار بی بی شازیہ کو بے نظیر کفالت پروگرام کی قسط کی رقم 13500 روپے دلوا دیے گئے۔ درخواست گزار بی بی شازیہ نے بتایا کہ وہ متعدد بار متعلقہ محکمہ (بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام) کے دفتر جا کر رجسٹریشن کروا چکی ہے لیکن ہر بار انتظار کرنے کے کہا جاتا۔ اور کوئی عمل نہ کیا جاتا۔ لہذا درخواست گزار نے متعلقہ محکمے کی عدم توجہی اور تاخیر کے خلاف وفاقی محتسب کوئٹہ میں درخواست جمع کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کرکے کیس کی فوری سماعت شروع کردی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کو بے نظیر کفالت پروگرام کی رقم ادا کی جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کو بے نظیر کفالت پروگرام کی قسط کی رقم 13500 روپے جاری کر دیئے۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

علی بابا تاج کی دائمی رخصتی: چیئرپرسن اکادمی ادبیات کی کوئٹہ آمد کی نوید

ادبی منظرنامہ — شیخ فرید

اکادمی ادبیات پاکستان کوئٹہ کی افسردہ عمارت پر مسکان کی پتیلی نے چٹکی بھری ہے۔ گلاب کی مسکراہٹ ابھری ہے اور امید کی کرن نے دستک دی ہے۔ کہ شاید دفتر کی زیبائش و آرائش فرنیچرز کی دستیابی اور رنگ و روغن کی کوئی سبیل نکل آئے۔ اور ادبی رونقیں بحال ہوں۔ رونق تو بحال ہوگی جب اکادمی ادبیات پاکستان کی چیئرپرسن ڈاکٹر نجیبہ صاحبہ کی کوئٹہ تشریف آوری ہوگی۔ تشریف تو لارہی ہیں ڈاکٹر صاحبہ اور ہماری اطلاعات کے مطابق اکادمی ادبیات پاکستان (کوئٹہ) کے زیر اہتمام بلوچستان کے سینئر اور نامور ادباء اور شعراء کے ساتھ ایک ادبی نشست کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ جس کی صدارت چیئرپرسن اکادمی ادبیات پاکستان بنفس نفیس خود ڈاکٹر نجیبہ صاحبہ فرمائیں گی۔ مہمانان خصوصی میں ایوب بلوچ (بلوچی ادب)، ڈاکٹر عبدالرزاق صابر (براہوئی ادب)، ڈاکٹر عبدالکریم بریالئے (پشتو ادب) اور پروفیسر ڈاکٹر آغا ناصر قاری (ہزارگی ادب) کے حوالے سے بات کریں گے۔ اس کے علاوہ اس تقریب میں بلوچستان کے نامور ادباء، شعراء اور دانشور شریک ہوں گے تقریب انشاء اللہ 17 نومبر بروز سوموار سہ پہر تین بجے نوری نصیر خان کلچرل کمپلیکس اسپنی روڈ کوئٹہ میں منعقد کی جائے گی۔

شعری مجموعے "مٹی میں کچھ سانسیں" کا تخلیق کار اور خوبصورت نظم گو شاعر علی بابا تاج بھی ہم سے رخصت ہوگئے۔ علی بابا دوستوں کے دوست تھے ملنسار، ہنس مکھ اور زندہ دل انسان، باغ و بہار والی طبیعت کے حامل علی بابا تاج نے بڑی جاندار نظمیں کہیں ہیں۔ 48 سالہ علی بابا کا گزشتہ دنوں بچے کا آپریشن ہوا تھا مگر وہ جانبر نہ ہو سکے اللہ مغفرت فرمائے۔ بلوچستان کے اہل قلم نے علی بابا تاج کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے ان کی بے وقت موت کو ادبی سانحہ قرار دیا ہے۔ بلوچستان رائیٹرز فورم اور نیو برائٹ لائف ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ری ہیبلیٹیشن سینٹر کے اشتراک سے الطسانی محفل مشاعرہ کا انعقاد کیا گیا۔ جس کی صدارت پروفیسر محمد انور زیب اور شاہد منیر نے کی۔ مہمانان خصوصی میں حمید عزیز آبادی اور رحیم ناز شامل تھے۔ اعزازی مہمانوں کی حیثیت سے استاد صابر ندیم، رشید حسرت، عبداللہ جوہر، شہزاد فنی، عبدالکریم فریادی، عجب خان سائل، بابل نور ح، محمد ابراہیم سالانی اور صفیر احمد سالانی نے شرکت کی۔ نظامت کے فرائض سید غریب شاہ انجم نے انجام دیے۔ پروفیسر انور زیب، حمید عزیز آبادی، استاد صابر ندیم، شاہد منیر، رشید حسرت، عبدالکریم فریادی، اسامہ عزیز سریابی، رشید ساگر، عمرگل، حمید حسرت، سلام صائم، ہدایت فدا، حیدر عاطش، بہاول نسیم ہنگوئی، اے جی بلوچ، مبہم فتراک، سرور آتش، سلیم ثانی، نصیر احمد گل جی، اعجاز سنگت، رحیم دانش اور کبیر عاطف نے اپنا خوبصورت کلام سنا کر داد و تحسین حاصل کی۔

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ انڈس ہسپتال کے تعاون سے متعدی طبی فضلے کی محفوظ تلفی کیلئے فراہم کردہ میڈیکل ویسٹ وہیکلز کا معائنہ کر رہے ہیں

جبری گمشدگیوں کے خلاف احتجاجی کیمپ کو 16 سال مکمل ہو چکے ہیں، نصر اللہ بلوچ

حوران بلوچ اور غنی بلوچ کے اہلخانہ کے ہمراہ عدالت روڈ پر قائم احتجاجی کیمپ میں پریس کانفرنس

کوئٹہ (آن لائن) بلوچ وائس فار مسنگ پرسنز کے چیئرمین نصر اللہ بلوچ نے کہا ہے کہ صوبے میں جبری گمشدگیوں کے خلاف ہمارے احتجاجی کیمپ کو قائم ہوئے اور جاری جدوجہد کو 16 سال مکمل ہو چکے ہیں اور ہم آج بھی حکمرانوں درخواست کرتے ہیں کہ بلوچستان کے مسئلے کو سیاسی طریقے سے حل کیا جائے طاقت اس طرح کے غیر قانونی اقدامات اور گمشدگیوں کا سلسلہ ختم ہو سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تنظیم کی حوران بلوچ اور غنی بلوچ کے اہلخانہ کے ہمراہ ہفتہ کو عدالت روڈ پر قائم احتجاجی کیمپ میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ نصر اللہ بلوچ نے کہا کہ ہماری تنظیم کے احتجاجی کیمپ کو پریس کلب کے سامنے قائم ہوئے 6 ہزار دن مکمل ہو چکے ہیں بلوچستان کا مسئلہ سیاسی ہے اسے سیاسی طریقے سے حل کرنے کی کوشش کی جائے۔ اور لوگوں کے ساتھ ملکی قوانین کے ساتھ برتاؤ کیا جائے جبری لاپتہ افراد کو بازیاب کیا جائے جن پر الزامات ہیں انہیں عدالتوں میں پیش کیا جائے ماورائے قانون گرفتاریوں اور قتل کا سلسلہ روکا جائے جبری گمشدگیوں کے مسئلے کے حل کیلئے انسانی وقار اور آئینی حصوں کے مطابق قانون سازی کی جائے۔ ہماری لاپتہ افراد کے لواحقین سے گزارش ہے کہ وہ خاموش نہ بیٹھیں اپنے پیاروں کی مکمل تفصیلات کے خود سامنے آئیں۔

کوئٹہ، بلدیاتی انتخابات میں حصہ لینے والے پی پی پی کے رہنما شاہجہان گجر، اسد گجر کاغذات نامزدگی جمع کرانے کے بعد حمایتوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

طلبہ کو سیرت النبیؐ کے آفاقی پیغام سے روشناس کراتے رہیں گے، پروفیسر سارہ معین

کوئٹہ (آن لائن) گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج میں سیرت النبیؐ کانفرنس نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ منعقد ہوئی۔ کانفرنس کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا۔ اس پرنور محفل کی مہمان خصوصی معروف نعت خواں پروفیسر سارہ معین نے اپنی خوبصورت آواز میں اللہ کے آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی مداح سرائی کرکے حاضرین کے دلوں کو محبت رسولؐ سے منور کیا۔ سیرت النبیؐ کانفرنس کی آرگنائزنگ کمیٹی کی سیکرٹری پروفیسر شازیہ منصور تھیں ان کی معاونت پروفیسر غیاث اور پروفیسر روبینہ نے کی۔ جان محمد بروہی گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج گلشن معمار میں منعقد ہونے والی دو روزہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کانفرنس کے پہلے مرحلے میں حسن قرأت، نعت خوانی اور تقریری مقابلے منعقد ہوئے جس میں طالبات نے بھرپور حصہ لیا۔ سیرت کانفرنس کی روح رواں کالج کی پرنسپل تسلیم مشتاق نے پوزیشن حاصل کرنے والی طالبات کو اسناد سے نوازا اور طالبات پر زور دیا کہ وہ اپنے اندر اسلامی اقدار کو پروان چڑھائیں اور آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم کے بتائے گئے اوصاف پر عمل کرکے اپنی زندگی کو آنیوالی نسل کیلئے عملی نمونہ بنائیں۔ سیرت النبیؐ کانفرنس کے دوسرے روز معروف دینی اور علمی درسگاہ جامع الرشید کے مولانا محمد علی ظفر نے ختم نبوت کے موضوع پر روشنی ڈالی اور سیرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیان کی۔ انہوں نے حضور پاک صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے ختم رسل ہونے پر مدلل دلائل دیے اور ایمان افروز خطاب سے طالبات اور حاضرین کے بنیادی معلومات میں اضافہ کیا۔ مہمان خصوصی معروف نعت خواں پروفیسر سارہ معین نے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیرت النبیؐ ایک کامل ضابطہ حیات اور ہر انسان کیلئے ذریعہ ہدایت ہے، اللہ کے آخری نبیؐ نے دشمنوں کو بھی عفو و درگزر اور اعلیٰ اخلاق سے جیتا، آج کے دور میں ہماری ذمہ داری ہے کہ اپنی زندگیاں حضورؐ کی تعلیمات کے مطابق ڈھالیں۔ جان محمد بروہی گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج گلشن معمار کی پرنسپل تسلیم مشتاق نے اسلام میں صلاح رحمی کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ کالج علمی، فکری، سماجی اور ثقافتی سرگرمیوں کے ذریعے طلبہ کو سیرت النبیؐ کے آفاقی پیغام سے روشناس کراتا رہے گا

کم عمری کی شادی کے بل کی منظوری غیر شرعی، قبائلی اقدار کے منافی ہیں، مفتی محمد روزی خان

مذہبی و سماجی مسئلے پر شریعت سے ہٹ کر قانون سازی کرنا سنگین غلطی ہے، سربراہ مرکزی مجلس فقہی

اسلام آباد+کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام پاکستان کی مرکزی مجلس فقہی کے سربراہ مولانا مفتی محمد روزی خان نے بلوچستان اسمبلی سے 18 سال سے کم عمری کی شادی کے بل کی منظوری کو غیر شرعی، غیر روایتی اور قبائلی اقدار کے منافی قرار دیتے ہوئے سخت احتجاج کیا ہے۔ اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ بل اسلامی شریعت کے مسلمہ اصولوں، فقہی روایات اور پاکستانی معاشرتی ساخت سے مکمل طور پر متصادم ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی فقہ میں نکاح کی اہلیت عمر سے نہیں بلکہ جسمانی و ذہنی بلوغت اور سرپرست کی نگرانی سے مشروط ہے، جسے آئینی طور پر بھی تسلیم کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے حساس مذہبی و سماجی مسئلے پر شریعت سے ہٹ کر قانون سازی کرنا صرف سنگین غلطی ہے بلکہ عوام کے دینی جذبات کو مجروح کرنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ این جی اوز کی خوشنودی اور فنڈز کے حصول کے لیے عجلت اور اندھیرے میں پاس کیا گیا یہ بل بلوچستان جیسے اسلامی، قبائلی اور روایتی معاشرے پر بدنما داغ ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالم اسلام کے فقہی اداروں، دارالافتاء، اور شریعت کے ماہرین کی رائے کو نظرانداز کرنا قانون سازی کے عمل کو مشکوک بنادیتا ہے۔ مرکزی مجلس فقہی کے سربراہ مولانا مفتی محمد روزی خان مطالبہ کیا کہ صوبائی حکومت اس متنازع بل کو فوری طور پر واپس لے، اسلامی نظریاتی کونسل اور معتبر دینی اداروں سے رہنمائی حاصل کرے اور شرعی اصولوں کے مطابق نئی مشاورت شروع کرے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام پاکستان، علماء کرام اور دینی قوتیں شریعت سے متصادم قوانین کے خلاف آئینی و جمہوری جدوجہد جاری رکھیں گی۔

ڈاکٹر وسیم باری کو ایئر ایمبولینس سے کراچی منتقلی، پروزیراعلیٰ کے مشکور ہیں، وائی ڈی اے

کوئٹہ (آن لائن) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے تجویز پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے خصوصی ڈائریکٹو اور سیکرٹری صحت داؤد خان خلجی کی ہدایات، معاونت اور ذاتی دلچسپی سے ڈاکٹر وسیم باری کو ایئر ایمبولینس کے ذریعے آغا خان ہسپتال کراچی منتقل کر دیا گیا ہے، جہاں ان کا علاج جاری ہے۔ حکومت بلوچستان نے علاج و معالجے کے حوالے سے تمام اخراجات اپنی ذمے لینے کا اعلان کیا ہے۔ ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان حکومت بلوچستان، بالخصوص وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور سیکرٹری صحت داؤد خان خلجی کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتی ہے جنہوں نے بروقت اقدام اور مکمل تعاون فراہم کیا۔ ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان تمام ڈاکٹر برادری سے اپیل کرتی ہے کہ وہ ڈاکٹر وسیم باری اور ان کی اہلیہ کی جلد صحت یابی کے لیے خصوصی دعائیں کریں، اور اس دکھ بھرے وقت میں ان کے اہل خانہ کے ساتھ اظہار یکجہتی کریں۔ ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان مشکل وقت میں اپنے تمام ڈاکٹروں کے ساتھ مکمل تعاون کا یقین دلاتی ہے۔

پیپلز پارٹی بلدیاتی انتخابات میں واضح کامیابی حاصل کرے گی، سید اقبال شاہ

پارٹی عوامی خدمت، مساوات اور سہولیات کی فراہمی کا تسلسل جاری رکھے گی، فوکل پرسن

کوئٹہ (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے فوکل پرسن و پیپلز پارٹی سول سیکرٹریٹ کے انچارج سید اقبال احمد شاہ نے پارٹی عہدیداران و جیالوں کے مسائل سننے کے موقع پر میڈیا وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ میں ہونے والے بلدیاتی انتخابات میں بھرپور عوامی پذیرائی اور حمایت کے باعث واضح اور فیصلہ کن کامیابی حاصل کرے گی پیپلز پارٹی بلوچستان کی عوام کی امیدوں کا محور و مرکز بن چکی ہے جس نے ہمیشہ خدمت خلق، مساوات اور عوامی بہبود کی سیاست کو پروان چڑھایا ہے جس کا تسلسل مستقبل قریب و بعید دونوں میں جاری رہے گا انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کی محرومیوں کو ختم کرے گی عوام کو ان کا حق دلائے گی اور بلدیاتی انتخابات میں کامیابی کے بعد عوامی مسائل اور انتظامی امور کو نچلی سطح پر فوری طور پر حل کیا جائے گا تاکہ عوام کو براہ راست سہولیات فراہم کی جاسکیں انہوں نے مزید کہا کہ پیپلز پارٹی نے ماضی میں بھی عوام کو بنیادی سہولیات، ریلیف اور ترقیاتی منصوبے فراہم کیے ہیں اور آئندہ بھی یہی سلسلہ پوری مضبوطی کے ساتھ جاری رہے گا عوام کی امیدیں پیپلز پارٹی کے ساتھ وابستہ ہیں اور اس بار کے بلدیاتی انتخابات میں پارٹی کوئٹہ میں نئی سیاسی تاریخ رقم کرنے جا رہی ہے۔

کوئٹہ، وزیر اعظم یوتھ افیئر بلوچستان کے کوآرڈینیٹر حیدر خان اچکزئی سے ن لیگ کے مرکزی کونسل کے رکن عبدالقدیر بلوچ و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار خاتون کو بینوولنٹ فنڈ کی رقم کی ادائیگی

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار خاتون کو بینوولنٹ فنڈ کی مد میں 25000 روپے دلوا دیے گئے۔ درخواست گزار خاتون نے بتایا کہ وہ مئی 2024 سے ماہانہ 4,000 روپے بینوولنٹ فنڈ کی مد میں وصول کر رہی تھیں، جو ستمبر 2024 تک باقاعدگی سے دی جاتی رہیں، اکتوبر 2024 سے یہ ادائیگی روک دی گئیں اور تاحال معطل ہیں۔ مزید یہ کہ انہوں نے اس بات کی نشاندہی کی کہ جو ماہانہ رقم انہیں دی جارہی تھی وہ ناکافی ہے اور اسے متعلقہ ضوابط کے مطابق 6,000 روپے ماہانہ تک بڑھایا جانا چاہیے۔ انہوں نے ماہانہ بینوولنٹ فنڈ کی دوبارہ بحالی اور اکتوبر 2024 سے موجودہ تاریخ تک کے بقایا جات کی ادائیگی کے لیے متعلقہ محکمے سے رابطہ کیا اور متعدد بار متعلقہ دفتر کو درخواست دی۔ لیکن کوئی شنوائی نہ ہوسکی۔ لہذا، وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کردی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہذا، وفاقی محتسب کوئٹہ نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کو ان کا حق یعنی ماہانہ بینوولنٹ فنڈ کی رقم دی جائے۔ احکامات جاری ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کا ماہانہ بینوولنٹ فنڈ جاری کر کے بقایاجات کی مد میں 25000 روپے دلوا دیے گئے۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

شعائر اللہ کی حرمت و تقدس ہمارے ایمان کا بنیادی حصہ ہیں، ڈاکٹر علی محمد ابوتراب

یونیورسٹی آف لاہور کے زیر اہتمام عظیم الشان بین الاقوامی شعائر اللہ کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) یونیورسٹی آف لاہور کے زیر اہتمام 13 نومبر، بروز جمعرات ایک پروقار اور عظیم الشان بین الاقوامی شعائر اللہ کانفرنس منعقد ہوئی۔ پاکستان سمیت متعدد مسلم ممالک کے جلیل القدر علمائے کرام، نامور اسکالرز، محققین، دینی قائدین اور سماجی شخصیات نے اس عالمی اجتماع میں شرکت کی۔ اس کانفرنس کا مقصد شعائر اللہ کی حرمت، ان کے عملی تقاضوں، ان کے تحفظ اور موجودہ دور میں مسلم معاشرے میں ان کے احیا کے حوالے سے ایک علمی، فکری اور تحقیقی مکالمہ پیش کیے۔ زیر صدارت مولانا ڈاکٹر علی محمد ابوتراب حفظہ اللہ کانفرنس کا دوسرا سیشن نہایت وقار اور سنجیدگی کے ساتھ، سینئر نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان، مولانا ڈاکٹر علی محمد ابوتراب حفظہ اللہ کی صدارت میں منعقد ہوا ڈاکٹر نے اپنے اثر انگیز، مدلل اور بصیرت افروز صدارتی خطاب میں شعائر اللہ کی حرمت و تقدس کو ایمان کا بنیادی حصہ قرار دیتے ہوئے فرمایا اللہ نے جن چیزوں کو اپنی نشانیاں قرار دیا ہے، ان کی تعظیم دراصل ایمان کا حصہ ہے۔ کعبہ اللہ، مساجد، نماز، روزہ، قربانی، عیدین، انسانی جان کی حرمت اور دیگر اسلامی شعائر کا احترام ہر مسلمان پر لازم ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اسلام میں انسانی جان کی حرمت بنیادی اور مرکزی حیثیت رکھتی ہے۔ ڈاکٹر ابوتراب حفظہ اللہ نے فرمایا بے گناہ انسان کا قتل سنگین اور حرام فعل ہے۔ جو معاشرے انسانی جان کے احترام سے غافل ہو جاتے ہیں، وہ زوال کی طرف بڑھتے ہیں۔ مزید فرمایا کہ اسلام امن، محبت، اخوت اور خیرخواہی کا دین ہے، لیکن بدقسمتی سے عالمی سطح پر اسلام کو دہشت گردی سے جوڑنے کی ناپاک کوششیں کی جارہی ہیں، جبکہ اسلام نے سب سے پہلے دہشت گردی، خونریزی اور ظلم کو ناجائز قرار دیا۔ انسان کا ناحق قتل اسلام اور انسانیت دونوں کے خلاف ہے۔ اختتام پر انہوں نے دہشت گردی کی ہر صورت میں شدید مذمت کرتے ہوئے کہا دہشت گردی اسلام، انسانیت اور پاکستان کے خلاف ایک گہری سازش ہے۔ اللہ تعالیٰ امت مسلمہ کو شعائر اللہ کی صحیح سمجھ عطا فرمائے اور پاکستان کو امن واستحکام کا گہوارہ بنائے۔

انسٹی ٹیوٹ آف نیفرو یورولوجی کوئٹہ میں تربیتی سیمینار کا انعقاد کیا گیا

سی ای او تنبیق پروفیسر ڈاکٹر لیاقت آغا نے سیمینار کے شرکا میں شیلڈ پیش کی

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف نیفرو یورولوجی کوئٹہ میں گلیوی امراض کے سی این ایس مظاہرہ پر تعلیمی سیشن (CNS . Renal Of Manifeststion Diseases) گلیوی امراض کے "سی این ایس مظاہرہ" (Diseases Renal Of Manifeststion CNS) پر ایک تعلیمی سیشن۔ بروز بدھ، 12 نومبر 2025 کو بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف نیفرو یورولوجی کوئٹہ (BINUQ) میں منعقد ہوا۔ اس سیشن کا اہتمام چیف ایگزیکٹو تنبیق، پروفیسر ڈاکٹر سید لیاقت علی آغا کی بھرپور کوشش سے ممکن ہوا۔ سیشن سے خطاب پروفیسر ڈاکٹر نور احمد کھوسہ، ڈین پی جی ایم آئی اور بولان میڈیکل کالج کوئٹہ کے نیورولوجی شعبے کے سربراہ نے کیا۔ اس سیشن میں گلیوی امراض (CNS Renal Of Manifeststion Diseases) کے ساتھ جڑی نیورولوجیکل پیچیدگیوں پر اہم گفتگو کی گئی، جو کہ BINUQ کے فیکلٹی ممبران، پوسٹ گریجویٹ اسٹوڈنٹس اور میڈیکل افسران کے لیے انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ ایسا مظاہرہ عموماً کرانک کڈنی ڈیزیز (CKD) کے مریضوں کے معمول کے انتظام میں دیکھے جاتے ہیں، جس کی بنا پر یہ گفتگو BINUQ کے صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والوں کے لیے بہت قیمتی ثابت ہوئی۔ اکیڈیمک سیشن کے اختتام پر ڈاکٹر راشد حسین (یورولوجی ڈیپارٹمنٹ) نے تحقیق کی طرف سے پروفیسر ڈاکٹر نور احمد کھوسہ کا شکریہ ادا کیا اور سی ای او تنبیق پروفیسر ڈاکٹر لیاقت آغا نے تحقیق شیلڈ پیش کی۔

کوئٹہ، وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے چیئرمین نصر اللہ بلوچ لواحقین کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

خان شہید کی برسی کے جلسے کی کامیابی کیلئے ہر کارکن کردار ادا کریں، سید شراف آغا

مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی کی شرکت

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کی ضلعی کمیٹی کا اجلاس پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا کی صدارت میں پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں مرکزی پارٹی کی جانب سے 2 دسمبر 2025 برصغیر پاک و ہند اور پشتونخوا وطن کے عظیم رہنما عبدالصمد خان اچکزئی شہید کی 52ویں برسی کی تیاریوں کو زیر بحث لایا گیا اور مختلف فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں پارٹی کارکنوں کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنے اپنے تنظیمی میٹنگز اور اس میں پارٹی، عوام، سیاسی جمہوری قوتوں کو متحرک کرنے کا فریضہ سرانجام دینے اور عوام کو جلسے میں شریک کرنے کی پرزور مہم چلائیں۔ اجلاس سے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، سید شراف آغا، صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خان شہید نے نہایت کم عمری میں فرنگی سامراج کے خلاف اپنی سیاست کا آغاز کیا تھا اور فرنگی سامراج نے انہیں دنیا کے قوانین اور خود اس برصغیر پاک و ہند اور پشتونخوا وطن میں رائج قوانین کی پامالی کرتے ہوئے انہیں ناقابل بیان تکالیف اور اذیتیں دیں اور آخر کار خان شہید اور ان جیسے حریت پسندوں کی سیاسی جمہوری تحریک کے نتیجے میں انگریز کو جانا پڑا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تشکیل کے بعد خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کے سیاسی جمہوری عوام دوست موقف پر عمل کیا جاتا تو آج ملک بحرانوں سے دوچار نہ ہوتا۔ وقت اور حالات کا تقاضا ہے کہ ملک کے جمہوری صف کے عظیم رہنما، ملی مشر محمود خان اچکزئی جو تمام ملک میں اپنی مقبولیت حاصل کرچکے ہیں اس طرح ملک کے قومی سوال اور ملک کے قوموں کے زبانوں، ثقافتوں اور جمہوری حقوق کے حقیقی رہنما کی حیثیت سے پہچانے جاتے ہیں۔ ان کی قیادت میں ملک کے آئین کو تحفظ دینے کے لیے جاری تحریک تحفظ آئین پاکستان کی جدوجہد میں اپنا مثبت و تعمیری کردار ادا کرنا ملک کے تمام سیاسی جمہوری قوتوں اور عوام کا اولین فریضہ ہے۔ اجلاس میں پارٹی کے مرکزی ایڈیشنل مالیات سیکرٹری آغا سید لیاقت علی، صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، صوبائی آفس سیکرٹری ملک عمر کاکڑ، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز سردار اور لیس خان بڑیچ، صورت خان کاکڑ، حضرت عمر ایڈووکیٹ، حفیظ ترین، پارٹی کمیٹی کے اراکین خواجہ خان شیرانی، ڈاکٹر قطب الدین شیرانی، اعظم صاحب، رشتیارمل شیرانی، جلات زلاند اور عبید اللہ حریفال بھی موجود تھے۔

حاجی غلام محمد آخوندزادہ رضائے الٰہی سے وفات پا گئے

کوئٹہ (پ ر) حاجی غلام محمد آخوندزادہ رضائے الٰہی سے وفات پا گئے ہیں وہ ایس پی پولیس مرحوم حاجی رحمت اللہ آخوندزادہ ماسٹر عطاءاللہ درانی کے بھائی منظور احمد شکیل احمد جلیل احمد کے والد شان اللہ آخوندزادہ ڈی سی آفس ماسٹر احسان اللہ آخوندزادہ کے چچا سابقہ اے ڈی سی ریونیو کوئٹہ محمد وقار کاکڑ الیاس کاکڑ محمد رضا کاکڑ باسط خان کاکڑ بلاول خان عمر خان مزمل خان بلال احمد کے ماموں تھے جن کی فاتحہ خوانی کلی الماس گلشن الماس ہاؤسنگ سکیم کی مسجد ایئرپورٹ روڈ میں ادا کی جا رہی ہے

براہوی اکیڈمی کے زیر اہتمام شہنشاہ غزل محمد اسحاق سوز براہوی کی یاد میں تعزیتی ریفرنس سے چیئرمین براہوی اکیڈمی پروفیسر سوسن براہوئی، ملک مصلیح الدین مینگل و دیگر مقررین خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ، ریٹرننگ آفیسر بہادر خان کاکڑ کے پاس بلدیاتی انتخابات میں حصہ لینے والے امیدوار حیدر مسلم، جہانگیر خان خروٹی، نذر بڑیچ و دیگر کاغذات نامزدگی جمع کرا رہے ہیں

"اپنا میٹر، اپنی ریڈنگ" کے نام سے موبائل ایپ متعارف کروادی

اضافی بلوں کی شکایات سے بھی نجات دلانے میں معاون ثابت ہوسکے گا

کوئٹہ (آن لائن) وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کے احکامات کی روشنی میں بجلی کے صارفین کیلئے پاور انفارمیشن ٹیکنالوجی کمپنی (پی آئی ٹی سی) کی جانب سے "اپنا میٹر، اپنی ریڈنگ" کے نام سے ایک جدید موبائل ایپ متعارف کروائی گئی ہے۔ جس سے صارفین اپنے استعمال شدہ بجلی یونٹس کی از خود ریڈنگ لے کر براہ راست بلنگ کیلئے ارسال کرواسکتے ہیں۔ اس موبائل ایپلی کیشن کے استعمال سے نہ صرف بلنگ کے عمل کو شفاف بنانا ممکن ہوگیا ہے بلکہ صارفین کو اندازے سے لگائے گئے غلط میٹر ریڈنگ اور اضافی بلوں کی شکایات سے بھی نجات دلانے میں معاون ثابت ہوسکے گا۔ کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے صارفین کیلئے بھی یہ جدید ایپ گوگل پلے اسٹور اور ایپل ایپ اسٹور پر دستیاب ہیں جس کا استعمال بھی نہایت آسان ہے۔ صارف کو سب سے پہلے اپنا اکاؤنٹ رجسٹرڈ کروانے ہونگے جس کے بعد ہر ماہ کی مقررہ تاریخ سے قبل اپنے میٹر کی تصویر اپ لوڈ کرواسکتے ہیں جس کا فائدہ صارف کو براہ راست درست اور بروقت بلنگ کی صورت میں حاصل ہوسکے گا۔ لہٰذا کیسکو کے تمام صارفین یہ ایپلی کیشن اپنے موبائل میں انسٹال کرکے اس سہولت سے فائدہ اٹھائیں اور اپنے موبائل فون کے ذریعے میٹر ریڈنگ کے عمل میں از خود شریک ہوکر میٹر کی واضح تصویر اپ لوڈ کریں تاکہ انھیں استعمال شدہ یونٹس کے مطابق درست اور بروقت بلنگ کا حصول یقینی بنایا جاسکے۔

چیک پوسٹ پر ڈرائیوروں کے ساتھ ناروا سلوک بند کیا جائے، نور محمد شاہوانی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر حاجی نور محمد شاہوانی نائب صدور حاجی ظاہر شاہ یوسف زئی حاجی خدائیداد شاہوانی حاجی بابو ریکسانی مچھ سے حاجی محمد عیسیٰ خان سالانی حاجی محمد وفا حاجی موسیٰ خان محمد نواز لہڑی اور ایسوسی ایشن کے دیگر معتبرین ٹرانسپورٹرز آج بمورخہ 25/11/12 بروز بدھ کوئٹہ سے سندھ کے دورے پر روانہ ہوگئے سب سے پہلے شہے شاہ چیک پوسٹ پر ناروا سلوک جو ڈرائیورز کے ساتھ ہو رہا ہے اس، آئی جی لاڑکانہ اور سندھ کے دیگر اعلیٰ حکام سے شہے شاہ چیک پوسٹ پر بات چیت کریں گے اور اس کے علاوہ دیگر مسائل کو اعلیٰ حکام تک پہنچائیں گے مرکزی ترجمان نے مزید بتایا کہ ہماری دعا ہے کہ ہمارے اعلیٰ عہدے داروں کو سفر کی حفاظت فرمائیں اور ان کو اپنی مشن میں کامیابی عطا فرمائے۔

کوئٹہ، کیپٹن اسامہ بن محمد کا شادی کے موقع پر عزیز و اقارب کے ہمراہ گروپ

منہ کے کینسر کی بروقت تشخیص سے زندگی کو بچایا جاسکتا ہے، خلیل مراد

بی ایم سی میں آگاہی سے متعلق کیمپ اور واک کے شرکا، سے ڈپٹی سیکرٹری ہیلتھ کا خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈپٹی سیکرٹری ہیلتھ بلوچستان خلیل مراد، بولان میڈیکل ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر آصف شاہوانی، پروفیسر ڈاکٹر جہانگیر، روفیسر ڈاکٹر خلیل، ڈاکٹر شائستہ شاہنواز، ڈاکٹر منظم عالم خان نے کہا ہے کہ منہ کے کینسر کی بروقت تشخیص کرکے زندگی کو بچایا جاسکتا ہے منہ کے کینسر کی بروقت تشخیص سے علاج کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کو منہ کے کینسر کی اسکریننگ اور آگاہی سے متعلق کیمپ کے موقع پر بولان میڈیکل ہسپتال میں واک کے شرکا، سے خطاب کرتے ہوئے کہی واک میں ڈاکٹر نسیم کنگلے زئی، ڈاکٹر پارس مینگل، ڈاکٹر اسفند، ڈاکٹر سراج سمیت دیگر نے بڑی تعداد میں شرکت کی اس سے قبل بولان میڈیکل ہسپتال میں عوام میں منہ کے کینسر سے بچاؤ کیلئے آگاہی سے متعلق کیمپ کا بھی انعقاد کیا گیا جہاں ڈاکٹروں نے لوگوں کو منہ کے کینسر سے بچاؤ سے متعلق آگاہی دی۔ مقررین نے واک کے شرکا، سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ منہ کا کینسر کی ایک قسم جو منہ یا گلے کے ٹشوز میں نشوونما پاتی ہے۔ دنیا بھر میں سب سے زیادہ عام کینسر میں سے یہ اس کا تعلق کینسر کے ایک بڑے گروپ سے ہے جسے سر اور گردن کا کینسر کہا جاتا ہے اور اس میں ہونٹ، مسوڑھوں، زبان، گالوں کی اندرونی استر، منہ کی چھت اور گلا شامل ہوسکتا ہے اگرچہ کینسر کا امکان پریشان کن ہوسکتا ہے، اچھی خبر یہ ہے کہ طرز زندگی کے کئی انتخاب اور بچاؤ کے اقدامات ہیں جو آپ اپنے خطرے کو کم کرنے کے لیے لے سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ منہ کی کینسر کے کامیاب علاج کیلئے اسکا جلد پتہ لگانا بہت ضروری ہے کہ دانتوں کا باقاعدہ چیک اپ کرائیں اور احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ انہوں نے کہا کہ منہ کے کینسر کی بروقت تشخیص کرکے مریض کی زندگی کو بچایا جاسکتا ہے۔

مدارس کے طلبا کو تعلیم کا برابر حق دیا جائے، جے ٹی آئی کوئٹہ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت طلبا اسلام ضلع کوئٹہ کے صدر حافظ حبیب الرحمن جنرل سیکرٹری حافظ عابد اللہ حنفی سیکرٹری اطلاعات حافظ اکرام اللہ سیکرٹری مالیات حافظ عبدالمنتقم کاکڑ حافظ محمد موسیٰ محمد اسماعیل مری محمد قیصر عبدالقادر رودینی نیاز محمد ناصر حافظ سعید احمد نیک محمد ولی رحمت اللہ سلیمان خیل محمد سلطان ایوبی نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ جب عدالتی حکم کے تحت افغان طالبان کو ملکی تعلیمی اداروں میں پڑھائی کی اجازت دی گئی ہے تو اسی اصول کے تحت دینی مدارس کے طلبا کو بھی تعلیمی اداروں میں تعلیم حاصل کرنے کا مساوی حق دیا جائے انہوں نے کہا کہ مدارس کے طلبا کو بلاوجہ تنگ کرنا یا انہیں مشکوک نظروں سے دیکھنا انصاف اور آئین دونوں کے منافی عمل ہے انہوں نے واضح کیا کہ دینی مدارس دراصل امن اخلاق علم اور انسانیت کی خدمت کے مراکز ہیں جہاں سے قوم کے فکری و اخلاقی رہنما تیار ہوتے ہیں، جمعیت طلبا اسلام ضلع کوئٹہ نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ مدارس کے طلبا کے ساتھ امتیازی سلوک بند کیا جائے عدالتی فیصلے کی روح کے مطابق تمام طلبا کو یکساں تعلیمی حقوق دیے جائیں تاکہ ملک میں تعلیم عدل اور ہم آہنگی کا ماحول فروغ پاسکے جمعیت طلبا اسلام ہر اس اقدام کی حمایت کرتی ہے جو علم مساوات اور انصاف کے فروغ کا ذریعہ بنے اور ہر اس پالیسی کی مخالفت کرے گی۔

حاجی غلام محمد آخوندزادہ کی وفات پر تعزیت کا سلسلہ جاری ہے

کوئٹہ (پ ر) حاجی غلام محمد آخوندزادہ رضائے الٰہی سے جو گزشتہ روز انتقال کر گئے تھے وہ ایس پی (ر) پولیس مرحوم حاجی رحمت اللہ آخوندزادہ ماسٹر عطاءاللہ درانی کے بھائی منظور احمد، شکیل احمد، جلیل احمد کے والد شان اللہ ڈی سی آفس ماسٹر آخوندزادہ احسان اللہ کے چچا سابقہ اے ڈی سی ریونیو کوئٹہ محمد وقار کاکڑ، الیاس کاکڑ، محمد رضا کاکڑ، باسط خان کاکڑ، بلاول خان، عمر خان، مزمل خان، بلال احمد کے ماموں تھے جن کی فاتحہ خوانی کلی الماس گلشن الماس ہاؤسنگ سکیم ایئرپورٹ روڈ سے بروز اتوار کو ختم کرکے ایک دن کیلئے فاتحہ خوانی بروز پیر کل 17 نومبر جائنٹ روڈ یار محمد بڑیچ اسٹریٹ ذوالنورین مسجد میں دی جائیگی۔

اجتماع عام میں بلوچستان کے مسائل سے عوام کو آگاہ کریں گے، مرتضیٰ خان کاکڑ

جماعت اسلامی حقیقی طور پر عوامی جمہوری اسلامی پارٹی ہے، نائب امیر صوبہ مولانا محمد عارف دمڑ

کوئٹہ (آن لائن) جنرل سیکرٹری جماعت اسلامی بلوچستان مرتضیٰ خان کاکڑ نائب امیر صوبہ مولانا محمد عارف دمڑ صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری پروفیسر سلطان محمد کاکڑ نے کہا کہ جماعت اسلامی کا کل پاکستان 21 سے 23 نومبر اجتماع عام عوامی بیداری، تعلیم، تربیت، حقوق کے حصول، ظلم جبر لاقانونیت کے خلاف منظم بھرپور اجتماع ہوگا بلوچستان کے عوام سے اسٹیبلشمنٹ، مرکز وصوبے کے حکمرانوں، طاقتور طبقات کی زیادتی ومظالم سے 25 کروڑ عوام کو آگاہ کریں گے۔ عوام کی امیدوں کا مرکز جماعت اسلامی ہے۔ دیگر اکثر پارٹیوں پر خاندان نسل در نسل قابض ہیں صرف جماعت اسلامی حقیقی طور پر عوامی جمہوری اسلامی پارٹی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں اجلاس سے خطاب وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی پاکستان کے زیر اہتمام 21، 22 اور 23 نومبر کو مینار پاکستان لاہور میں منعقد ہونے والے تاریخی اجتماع عام میں دو انتظامی تیاریوں کے سلسلے میں جماعت اسلامی و برادر تنظیموں کے قائدین و ذمہ داران اور کارکنان کو بھرپور محنت، جوش و جذبے اور منظم حکمت عملی کے ساتھ گھر گھر، بستی بستی دعوت اجتماع پہنچانا چاہیے۔ اجتماع عام میں بلوچستان سے ہزاروں مرد و خواتین نوجوان علما کرام طلبا اور مزدور سمیت ہر طبقہ فکر کے لوگ شریک ہوں گے۔ اجتماع عام کی کامیابی کیلئے ہر سطح کے ذمہ داران دن رات کام کریں اجتماع عام میں دنیا بھر کے کے اسلامی تنظیموں کے قائدین بھی شرکت کرکے امت مسلمہ کے حالات و مسائل اور آئندہ لائحہ عمل پیش کریں گے اجتماع عام 21 نومبر جمعہ نماز سے شروع ہوگی۔

کوئٹہ میں چوری ڈکیتی، راہزنی کی وارداتیں معمول بن چکی ہیں، سعد اللہ ناصر

لوگوں کی جان و مال محفوظ نہیں۔ کاروبار زندگی ٹھپ ہوکر رہ گیا ہے، صدر تحریک جوانان

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) تحریک جوانان پاکستان بلوچستان کے صدر حاجی ملک زادہ سعد اللہ ناصر نے کہا ہے کہ بلوچستان میں حالات دن بدن گھمبیر ہوتے جارہے ہیں لوگوں کی جان و مال محفوظ نہیں۔ کاروبار زندگی ٹھپ ہوکر رہ گیا ہے۔ چوری ڈکیتی، راہزنی کی وارداتیں معمول بن چکی ہے۔ مسائل کے حل کیلئے اقدامات کیے جائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ اس موقع پر میر محمد، محرم ڈوگی، سردارزادہ علامہ محمد علی، میر عبدالغنی خلجی، امیر ہدایت اللہ سمیت دیگر رہنماء بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بڑھتی ہوئی بدامنی کے باعث لوگوں کی زندگی اجیرن بن گئی ہے۔ آئے روز چوری ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں کے باعث کاروبار متاثر ہوکر رہ گیا ہے جس کی وجہ سے لوگوں کا ذریعہ معاش ممکن بنانا مشکل ہوچکا ہے۔ حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ میں ناکام ہوچکی ہے۔ روزگار اور بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی سے مسائل جنم لے رہے ہیں۔

کوئٹہ مستونگ میں پاکستان غریبوں کی پارٹی کے چیئرمین ڈاکٹر قاسم بلوچ، نجیب کرد، وشریف کرد، عبدالحئی و دیگر علی محمد کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

محکمہ پولیس بلوچستان میں تقرر و تبادلے

کوئٹہ (این این آئی) سینٹرل پولیس آفس بلوچستان کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر پنجگور بائک شیر کو سینٹرل پولیس آفس رپورٹ کرنے کی ہدایت حفیظ اللہ کو پولیس لائن پنجگور سے ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر پنجگور، صابر علی کو پولیس لائن پنجگور سے ایس ڈی پی او گچک سرکل پنجگور، بہرام خان کو پولیس لائن نوشکی سے ایس ڈی پی او سٹی نوشکی، ناصر حسین ایس ڈی پی او نوشکی کو سینٹرل پولیس آفس رپورٹ کرنے کی ہدایت، محمد اکبر تجزانی کو پی ایس تفتان سے ایس ڈی پی او نوکنڈی، لیاقت علی کو پولیس لائن آواران سے ایس ڈی پی او گشکور سرکل، صابر علی کو پولیس لائن آواران سے ایس ڈی پی او مشکے سرکل، احمد خان کو پولیس لائن آواران سے ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر آواران، یحییٰ کو پولیس لائن آواران سے ایس ڈی پی او جاہو سرکل، محمد رفیق مینگل کو پولیس لائن خضدار سے ایس ڈی پی او خضدار، شیر زمان کو پولیس لائن شیرانی سے ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر شیرانی، آدم خان پولیس لائن ژوب سے ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر ژوب، ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر ژوب گلاب دین کو ڈسٹرکٹ کمپلینٹ آفیسر ژوب اور عبدالحکیم کو پولیس لائن جھل مگسی سے ڈسٹرکٹ کمپلینٹ آفیسر جھل مگسی تعینات کر دیا گیا۔

میزان بینک بلوچستان میں معاشی ترقی کے لیے سرگرم عمل ہے، سید سلمان احمد

ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ کے صدر محمد ایوب مریانی سے سینئر ایگزیکٹو وائس پریذیڈنٹ کی بات چیت

میزان بنک کے ریجنل منیجر کمرشل بینکنگ کوئٹہ عامر علی درانی اور ایریا منیجر خالد محمود بھی اس موقع پر موجود تھے

کوئٹہ (آن لائن) میزان بینک کے سینئر ایگزیکٹو وائس پریذیڈنٹ سید سلمان احمد نے کہا ہے کہ میزان بینک بلوچستان میں بزنس کمیونٹی کو سہولیات کی فراہمی کیلئے ہر ممکن اقدامات کررہا ہے، جلد بینک کے کمرشل اور فنانس ٹیم کی بلوچستان کی بزنس کمیونٹی کے ساتھ سیشن کے انعقاد کرائیں گے تاکہ بزنس کمیونٹی ان کے سامنے اپنے مطالبات پیش کرسکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان کے صدر حاجی محمد ایوب مریانی ودیگر عہدیداران وممبران کے ساتھ ملاقات کے دوران کیا اس موقع پر ان کے ہمراہ میزان بنک کے ریجنل منیجر کمرشل بینکنگ کوئٹہ عامر علی درانی اور ایریا منیجر خالد محمود بھی موجود تھے۔ اس سے قبل چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے صدر حاجی محمد ایوب مریانی نے میزان بینک کے وفد سے ہمسایہ ممالک کے ساتھ بارڈرز پر برانچز کھولنے کا مطالبہ کیا اور کہا کہ اس سے بینک اور بلوچستان کی بزنس کمیونٹی دونوں کو فائدہ ہوگا اس بابت چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان میزان بینک کے حکام کی ہر ممکن مدد کیلئے ہمہ وقت تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بینکوں کی جانب سے بلوچستان میں فنانسنگ نہ ہونے کے برابر ہے اس وقت ہمسایہ ممالک کے ساتھ مختلف ایشوز کی وجہ سے لینڈ روٹ پر اقتصادی سرگرمیوں میں کمی آئی ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ میزان بینک آسان بزنس لون اور فنانسنگ دے تاکہ کاروبار کے دوسرے مواقع تلاش کئے جاسکیں انہوں نے کمرشل بینکوں کی جانب سے ایل سی کے معاملے پر مختلف حیلے بہانوں کی بھی نشاندہی کی اور مطالبہ کیا کہ میزان بینک اس سلسلے سہولت فراہم کریں۔ اس موقع پر میزان بینک کے سینئر ایگزیکٹو وائس پریذیڈنٹ سید سلمان احمد نے چیمبر آف کامرس کوئٹہ کے صدر و دیگر کی جانب سے دی جانے والی تجاویز کو سراہا۔

GOVERNMENT OF PAKISTAN
COLLECTORATE OF CUSTOMS (ENFORCEMENT)
CUSTOM HOUSE, AIR PORT ROAD, QUETTA
(Ph # 081-9202350 Fax # 081-9202560)

FBR PAKISTAN

CORRIGENDUM

It is hereby informed to the General Public that the tender previously issued by the Collectorate of Customs (Enforcement), Quetta has been **extended due to the transfer of concerned officers.**

The revised schedule and new dates for submission and opening of the tender shall be notified separately through official channels and newspapers.

All interested bidders are advised to follow upcoming notifications for updated timelines.

(Mustafa Zamir)
Deputy Collector (HQs)

PID(Q)220/25

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ وحب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

یونیورسٹی آف تربت فیز-ٹو نظرثانی شدہ منصوبے کا پی سی-ون منظور

سینٹرل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی نے تربت یونیورسٹی کے نظرثانی شدہ پی سی-ون کی مجموعی لاگت 1,930.33 ملین روپے کی منظوری دی

ہم نصابی سرگرمیوں، ڈیجیٹل لائبریری، سولرائزیشن، لیبارٹری سامان خریداری کے منصوبوں کیلئے بھی مجموعی طور پر 15.5 کروڑ روپے منظور کیے گئے

تربت (آن لائن) وفاقی وزیر پروفیسر احسن اقبال کی خصوصی دلچسپی اور وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن کی مثالی قیادت میں ٹیم ورک اور مشترکہ کوششوں کی بدولت یونیورسٹی آف تربت نے اعلیٰ تعلیم کے سفر میں ایک اور سنگ میل عبور کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق بروز جمعہ وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال کی زیر صدارت سینٹرل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی (سی ڈی ڈبلیو پی) کے اجلاس میں یونیورسٹی آف تربت فیز-ٹو نظرثانی شدہ منصوبے کے پی سی-ون کی منظوری دے دی گئی ہے۔ اجلاس کے دوران وفاقی وزیر نے یونیورسٹی آف تربت کی ترقی اور اعلیٰ تعلیم کے فروغ کے لیے اپنی مسلسل تعاون جاری رکھنے کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ جنوبی بلوچستان میں سماجی و معاشی ترقی، نوجوانوں کو بااختیار بنانا، مقامی سطح پر مواقع میں اضافہ کرنا، ہنرمند افرادی قوت کی تیاری اور علاقائی عدم مساوات کے خاتمے کے لیے تربت یونیورسٹی جیسے اداروں کا ترقی کرنا اور مضبوط ہونا نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ اس منصوبے پر تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے (سائنس و ٹیکنالوجی/ آئی ٹی) پلاننگ کمیشن کے ممبر ڈاکٹر نجیب اللہ، ایس اینڈ ٹی کے سینئر چیف ڈاکٹر گل محمد لغاری، ایم اینڈ ای کے ڈائریکٹر سید نوید شاہ، اور ہائر ایجوکیشن کمیشن کے پی اینڈ ڈی کے ڈائریکٹر آصف حسین نے منصوبے کے بنیادی خدوخال، بنیادی ڈھانچے کی بہتری اور تعلیمی و تحقیقی سرگرمیوں کو وسعت دینے کے علاوہ تدریسی و انتظامی صلاحیتوں پر جامع روشنی ڈالی۔ طویل غور و خوض کے بعد سی ڈی ڈبلیو پی نے تربت یونیورسٹی کے نظرثانی شدہ پی سی-ون کی مجموعی لاگت 1,930.33 ملین روپے کی منظوری دی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر نے اعلیٰ تعلیم کے فروغ کے لیے اپنی مسلسل تعاون کا یقین دلاتے ہوئے تربت یونیورسٹی کے لیے اضافی فنڈز کا بھی اجرا کیا، جن میں طلبہ کی ہم نصابی سرگرمیوں کے لیے 1 کروڑ روپے، جدید ڈیجیٹل لائبریری کے قیام کے لیے 2 کروڑ 30 لاکھ روپے اور نئے اکیڈمک بلاکس کی سولرائزیشن کے لیے 8 کروڑ روپے کے علاوہ لیبارٹری سامان کی خریداری کے لیے 4 کروڑ 20 لاکھ روپے کے منصوبے شامل ہیں

چینی 190 روپے فی کلو فروخت کی جائے، تحصیلدار پنجگور

پنجگور (این این آئی) ڈپٹی کمشنر پنجگور عبدالکبیر زرکون کی ہدایات پر تحصیلدار پنجگور عارف حلیم اور ریڈر اے سی عثمان نے سوردو اور تار آفس چتکان کے دکانوں کا دورہ کیا۔ معائنے کے دوران معلوم ہوا کہ دکاندار سرکاری چینی کے ریٹ سے زیادہ پر...

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بجلی اور گیس کی عدم فراہمی ناقابل قبول ہے، اے کیو ایم

گیس کے بھاری بلوں کے باوجود عدم فراہمی کہاں کی انسانیت وانصاف ہے، بیان

شدید سردی میں گیس اور بجلی کی لوڈشیڈنگ کر کے عوام کی اذیت میں اضافہ کیا جا رہا ہے

کوئٹہ (پ ر) بجلی اور گیس کی عدم فراہمی ناقابل قبول ہے۔ بجلی اور گیس کے بلوں میں آئے روز بے تحاشا اضافے سے عوام ذہنی کوفت میں مبتلا ہو گئے ہیں ماہانہ ہزاروں روپے بل ادائیگی کے باوجود طویل لوڈشیڈنگ نے رہی سہی کسر بھی پوری کر دی ہے۔ افغان قومی موومنٹ کے بیان میں صوبے کے مختلف شہروں میں سردی شروع ہوتے ہی گیس اور بجلی کی فی یونٹ کی قیمت میں آئے روز بے تحاشا اضافے سے عوام ذہنی کوفت میں مبتلا ہو گئے ہیں صوبے میں بجلی اور گیس صارفین کو ہر ماہ بھاری بلوں کی ادائیگی نے غریب عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے جو عوام کے ساتھ بجلی وتختی کے مترادف ہے انہوں نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر اور گرد و نواح میں موسم سرما کا موسم شروع ہوتے ہی گیس پریشر کی کمی کر دی جاتی ہے دوسری طرف صوبے میں بجلی کی لوڈشیڈنگ اور آنکھ مچولی سے حکومتی ناقص کارکردگی اور متعلقہ احکام کی غفلت کی وجہ سے شہری اور دیہاتی علاقوں کے عوام سخت اذیت کا شکار ہیں بیان میں کہا گیا ہے کہ طویل لوڈشیڈنگ اور گیس کی عدم فراہمی سے ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والوں کی زندگی اجیرن بن گئی ہے عوام کو بجلی اور گیس کی غیر موجودگی کے باعث سخت مجبوری کا سامنا ہے کوئٹہ کے شہری خصوصاً سیٹلائٹ ٹاؤن، پشتون آباد اور پشتون باغ کے گرد و نواح اور شہر کے وسطی علاقے میں بجلی اور گیس کی زیادہ لوڈشیڈنگ اور گیس کی پریشر میں کمی کے باعث عوام اس عذاب اور بے بسی کے عالم میں عوام کے پاس متبادل انتظام بھی نہیں ہیں۔ بیان میں اعلیٰ احکام سے پرزور مطالبہ کیا گیا ہے

خضدار: بجلی کی تاریں چوری کرنیوالے دو ملزمان گرفتار

چوری شدہ سامان برآمد، مزید تفتیش جاری اور مزید انکشافات کی توقع

خضدار (آن لائن) ایس ایچ او صدر کی کامیاب کارروائی، بجلی کے کھمبوں سے تاریں اور لوہے کا سامان چوری کرنے والے دو ملزمان گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی خضدار شہزادہ عمر عباس بابر کے خصوصی حکم پر ڈی ایس پی کی سربراہی میں پولیس نے اہم کارروائی کرتے ہوئے بجلی کے ... معمول بن گئے ہیں، جس کے باعث علاقے میں بجلی کی فراہمی بری طرح متاثر اور شہری شدید پریشانی میں مبتلا تھے۔ ایس ایچ او نے خصوصی ٹیم تشکیل دی اور خفیہ مخبروں کے ذریعے ملزمان کے گرد گھیرا تنگ کیا۔ مسلسل کوششوں کے بعد پولیس نے دو ملزمان ...

حکومت نے غربت کے خاتمے کیلئے مربوط منصوبے شروع کیے ہیں، سردار یعقوب ناصر

وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف عوام کی فلاح و بہبود کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہے ہیں، رکن قومی اسمبلی مسلم لیگ (ن)

ملک سے بے روزگاری کا خاتمہ حکومت کی ترجیح ہے اور عوام کی خوشحالی ہمارا مطمع نظر ہے، فلاحی اداروں کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں

لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رکن قومی اسمبلی سابق وفاقی وزیر سردار یعقوب خان ناصر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ غربت کے خاتمے کے لئے حکومت نے مربوط منصوبے شروع کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف عوام کی فلاح و بہبود کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک سے بے روزگاری کا خاتمہ حکومت کی ترجیح ہے اور عوام کی خوشحالی ہمارا مطمع نظر ہے سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ فلاحی اداروں کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں تاکہ لوگوں کی زندگیوں میں آسانی لائی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو ترقی کی راہ پر آگے بڑھنے سے اب کوئی نہیں روک سکتا اور پاکستان کے ڈیفالٹ ہونے کے خواب دیکھنے والوں کو مایوسی ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ اب پوری دنیا میں پاکستان کی اہمیت بہت بڑھ چکی ہے انہوں نے کہا کہ معرکہ حق سر کرنے کے بعد دنیا میں پاکستانیوں کی عزت و وقار میں اضافہ ہوا ہے اسی لئے بھارت تیخ پا ہے اور اسکی کوشش ہے کہ پاکستان میں بدامنی اور دہشت گردی پیدا کی جائے تاکہ دنیا پاکستان میں دہشتگردی سے خوفزدہ ہو کر یہاں پر سرمایہ کاری سے بھاگ جائے اور اجکل بھارت افغان رجیم کے ساتھ مل کر ملک میں دہشتگردی کرا کر اپنے ناپاک عزائم کی تکمیل چاہتا ہے لیکن سب منصوبے ناکام بنا دیئے گئے اسلام آباد اور وانا کیڈٹ کالج اسکی واضح کڑیاں ہیں جس پر سری لنکن کرکٹ ٹیم بھی واپسی کا سوچنے لگی لیکن حکومت اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے مداخلت پر اور فل پروف سیکورٹی فراہم کرنے کی یقین دہانی پر دشمن کا منصوبہ خاک میں مل گیا انہوں نے کہا کہ 27 ویں ...

دریاؤں اور آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج کے اعداد و شمار جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) واپڈا نے دریاؤں اور آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج کے اعداد و شمار جاری کر دیئے ہیں جس کے مطابق دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر پانی کی آمد 29 ہزار 300 کیوسک اور اخراج 75 ہزار کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر پانی کی آمد 7 ہزار ... ہزار کیوسک اور اخراج 48 ہزار 500 کیوسک، گدو بیراج میں پانی کی آمد 44 ہزار 700 کیوسک اور اخراج 38 ہزار کیوسک، سکھر بیراج میں پانی کی آمد 38 ہزار 100 کیوسک اور اخراج 7 ہزار 900 کیوسک، کوٹری میں پانی کی آمد 12 ہزار 600 کیوسک اور اخراج ایک ہزار 300 کیوسک، تریموں بیراج میں پانی کی آمد ...

بیٹے کے قاتلوں کو کیفر کردار تک نہ پہنچایا گیا تو ظلم کا یہ سلسلہ تھمے گا نہیں

انصاف کے حصول کے لیے ہر فورم پر اپنی آواز بلند کرتے رہیں گے، حاجی محمد صالح بلوچ

پنجگور (یو این اے) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما حاجی محمد صالح بلوچ نے اپنے ایک تفصیلی بیان میں کہا ہے کہ ان کے جواں سال بیٹے ولید بلوچ کو جس بے رحمی، بے دردی اور سفاکی کے ساتھ شہید کیا گیا ... جدوجہد کرتا رہا۔ اس کی اچانک اور المناک موت نے ہر دل کو زخمی کر دیا ہے۔ حاجی محمد صالح بلوچ نے کہا کہ ولید کی شہادت صرف ایک خاندان کا سانحہ نہیں، بلکہ یہ پورے پنجگور اور بلوچستان کے باشعور لوگوں کے لیے ...

... باعث نوجوان نسل منشیات کے زہر میں دھکیلی جا رہی ہے۔ عارف کاکڑ نے کہا کہ اگر اسی طرح چشم پوشی جاری رہی تو آنے والی نسلوں کو تباہی سے کوئی نہیں بچا سکے گا۔ انہوں نے بالا حکام، وزیر اعلیٰ بلوچستان اور وفاقی حکومت سے فوری نوٹس لینے اور مؤثر کارروائی کا مطالبہ کیا تاکہ ضلع کو منشیات اور بدامنی کے بڑھتے ہوئے خطرات سے محفوظ بنایا جاسکے۔

... قلعہ عبداللہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مبینہ غفلت کے باعث غیر قانونی سرگرمیاں مسلسل بڑھ رہی ہیں۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ ضلع میں بھنگ اور افیون کی کھلے عام کاشت جاری ہے، جس پر متعلقہ حکام کی خاموشی انتہائی افسوسناک اور تشویشناک ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ ڈپٹی کمشنر، ...

جے آئی پاکستان کے اجتماع عام کیلئے انتظامات کیے جا رہے ہیں، زاہد اختر بلوچ

اجتماع عام کا مقصد تجدید عہد اور قومی لائحہ عمل کی تیاری کیساتھ جماعت اسلامی کی پوری ٹیم، ارکان وکارکنان اور عوام کو متحرک متحد وفعال کرنا ہے

جماعت اسلامی نے ایک بار پھر اپنے عظیم الشان اجتماع عام کا انعقاد کر کے قومی سیاست میں اپنی قوت کا مظاہرہ کرنے کی ٹھانی ہے، عبدالنعیم رند

کوئٹہ (آن لائن) نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان زاہد اختر بلوچ، امیر جماعت اسلامی کوئٹہ عبدالنعیم رند نے کہا کہ جماعت اسلامی پاکستان کے اجتماع عام 21، 22، 23 نومبر مینار پاکستان لاہور کیلئے بلوچستان سمیت ملک بھر سے کارکنان کی شرکت کے لیے انتظامات کیے جا رہے ہیں۔ جماعت اسلامی کا عظیم الشان اجتماع عام مینار پاکستان تجدید عہد اور قومی لائحہ عمل کی تیاری کیساتھ جماعت اسلامی کی پوری ٹیم ارکان وکارکنان اور عوام الناس کو متحرک متحد وفعال کرنا ہے۔ جماعت اسلامی نے ایک بار پھر لاہور کے تاریخی مینار پاکستان پر اپنے عظیم الشان اجتماع عام کا انعقاد کر کے قومی سیاست میں اپنی قوت کا مظاہرہ کرنے کی ٹھانی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں اجتماع عام تیاریوں کے حوالے سے منعقدہ تقاریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ 21، 22 اور 23 نومبر کو منعقد ہونے والا یہ اجتماع عام کارکنان کی تربیت، قومی مسائل پر لائحہ عمل مرتب کرنے اور ملک میں اسلامی فلاحی ریاست کے قیام کے لیے تجدید عہد کا ذریعہ بنے گا۔ اس بڑے اجتماع کی تیاریاں ملک بھر کی طرح بلوچستان بھر میں بھی زور و شور سے جاری ہیں۔ ملک کے تمام صوبوں کی طرح، بلوچستان، کوئٹہ کے کارکنان بھی اس اجتماع میں بھرپور شرکت کے لیے تیار ہیں۔ صوبائی اور ضلعی قیادتیں کارکنان کی بڑی تعداد کو لاہور لے جانے کے لیے سفری انتظامات کو حتمی شکل دے رہی ہیں۔ بلوچستان کا یہ قافلہ نہ صرف جماعت کی مرکزی قوت کا اظہار ہوگا بلکہ اس بات کی بھی عکاسی کرے گا کہ جماعت اسلامی کی جڑیں ملک کے پسماندہ سمجھے جانے والے علاقوں میں بھی مضبوط ہیں۔ بلوچستان کے کارکنان کی شرکت سے یہ پیغام بھی جائے گا کہ صوبے کے عوام مرکزی دھارے کی سیاست اور قومی تبدیلی کے عمل کا حصہ بننا چاہتے ہیں۔ یہ اجتماع عام محض ایک سیاسی جلسہ نہیں بلکہ جماعت اسلامی کے نظریاتی مقاصد کی عکاسی کرتا ہے۔ اس کا بنیادی مقصد کارکنان کی فکری و اخلاقی تربیت کرنا، ملک میں اسلامی نظام حیات کے نفاذ کی اہمیت کو اجاگر کرنا اور موجودہ سیاسی و معاشی بحران سے نکلنے کے لیے ایک عملی قومی لائحہ عمل پیش کرنا ہے۔ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن، بلوچستان کیا میر ممبر صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ اور دیگر مرکزی رہنما قوم کو ملک کی اندرونی و بیرونی چیلنجوں سے آگاہ کریں گے اور ایک مستحکم اور اسلامی پاکستان خوشحال بلوچستان کیلئے اپنا وژن پیش کریں گے

پنجگور: جی بی ایچ ایس بالگتر کی تزئین و مرمت مکمل

پنجگور (یو این اے) یونین کونسل کیل کور میں واقع گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول بالگتر کے دفتر کی تزئین و مرمت مکمل ہو گئی ہے، جس میں ضلعی چیئرمین عبد المالک صالح بلوچ کی خصوصی دلچسپی اور مخلص ...

پاکستان کا مستقبل بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں تابناک ہے، فیصل کریم کنڈی

پی ایل ایف کو مزید فعال اور متحرک بنانے کا سلسلہ جاری ہے گا، تقریب میں گفتگو

پشاور (بیورو رپورٹ) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ پاکستان کا مستقبل بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں تابناک ہے۔ ان خیالات ... اور آج آئینی ترامیم میں بھی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں پیپلز پارٹی کا اہم کردار ہے پیپلز پارٹی نے مفادات کے بجائے پاکستان کو ...

صوبے بھر میں عوامی فلاح و بہبود کیلئے اہم منصوبوں کا آغاز کر دیا گیا ہے، زرک مندوخیل

آئینی عدالت کا قیام عدلیہ پر حملہ نہیں بلکہ نظام کی مضبوطی ہے، احسن اقبال

صحافی مطیع اللہ جان کیخلاف منشیات و اسلحہ چھیننے کے کیس میں فرد جرم عائد

بشریٰ بی بی حلال کرپشن کرواتی رہی، عظمیٰ بخاری

اساتذہ کی رہنمائی اور والدین کی دلچسپی سے تعلیمی ماحول مزید بہتر ہو سکتا ہے، چیئرمین گوادر پورٹ

VACANCY ANNOUNCEMENT

A leading E&P Company invites applications for the following position:

i. Head of Information Security

The initial term of employment will be three (03) years extendable by mutual consent.

Please access the following link for details and submission of application:

(http://jobs.hrs-int.com/)

Complete the online application form and submit it within 15 days from the date of publication of advertisement.

For queries, please contact us on

(021-35873442, 35873665, 35873831)

Website for Information: www.hrs-int.com

hrsi

HUMAN RESOURCE SOLUTIONS INTERNATIONAL KARACHI
OFFICE NO. C-50, BLOCK-2, CLIFTON, KARACHI

No. 282/04

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر:۔ پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر 4-A ماڈل ٹاؤن جالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؒ

ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:۔ 2835934-2830228

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

اتوار 16 نومبر 2025ء

افغانستان کے ساتھ تعلقات۔ پاکستان کا دوٹوک اور واضح موقف

پاکستان نے دہشت گردوں کے خاتمے تک افغانستان سے تجارت نہ کرنے کا اعلان کیا ہے دفتر خارجہ کے ترجمان طاہر حسین اندرابی نے واضح کیا ہے کہ دہشت گردوں کے خاتمے تک افغانستان سے تجارت بند رہے گی۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ ہم نے تجارت پر افغان رہنماں کے بیانات دیکھے ہیں' تجارت کیسے اور کس سے کرنی ہے یہ کسی بھی ملک کا انفرادی معاملہ ہے، افغانستان سے تجارت یا ٹرانزٹ ٹریڈ وہاں سے دہشت گردوں کی پناہ گاہوں کے مکمل خاتمے کے بعد ہی ممکن ہے تجارت انسانی جانوں سے زیادہ اہم نہیں ترجمان نے کہا کہ پاکستان کا دہشت گردی کے خاتمے اور شہریوں کے تحفظ کے حوالے سے واضح اور دوٹوک موقف ہے افغانستان کے ساتھ تجارتی اور ہمہ نوعیت کے تعلقات کے حوالے سے پاکستان کا موقف عین اصولی اور حق وانصاف کے عین مطابق ہے ۔پاکستان کا موقف اصولی، جائز اور قومی سلامتی کے تقاضوں کے عین مطابق ہے۔ افغانستان کو چاہئے کہ وہ دہشت گردی کے خاتمے کے لئے عملی اقدامات کرے، تاکہ دونوں ممالک ایک نئے دور کی طرف قدم بڑھا سکیں جو امن، تعاون اور باہمی احترام پرمبنی ہو۔ پاکستان اور افغانستان کے درمیان تعلقات ہمیشہ سے جغرافیائی، ثقافتی، مذہبی اور تاریخی رشتوں میں جڑے رہے ہیں۔ دونوں ممالک نہ صرف مشترکہ سرحد رکھتے ہیں بلکہ ان کے درمیان گہری سماجی وابستگیاں اور طویل عرصے پر محیط انسانی رشتے بھی موجود ہیں۔ پاکستان نے ہمیشہ افغانستان کو ایک برادر اسلامی ملک اور قریبی ہمسایہ سمجھ کر اس کے ساتھ خیر سگالی، تعاون اور بھائی چارے کا برتاؤ کیا ہے۔ تاہم حالیہ برسوں میں بڑھتی ہوئی دہشت گردی، سرحد پار حملے اور افغان سرزمین کی جانب سے دہشت گرد گروہوں کی موجودگی نے پاکستان کے لئے سنگین سیکیورٹی چیلنجز پیدا کئے ہیں مگر پاکستان اب مزید کسی بھی قسم کی دہشت گردی، مداخلت اور عدم تعاون کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان نے افغانستان سے اس وقت تک تجارت نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے جب تک افغان سرزمین دہشت گردوں کی محفوظ پناہ گاہوں سے پاک نہیں ہو جاتی۔ یہ فیصلہ خطے کی سلامتی اور پاکستانی شہریوں کی جانوں کے تحفظ کا تقاضا ہے۔ پاکستان نے ہمیشہ افغانستان کے ساتھ بات چیت کے دروازے کھلے رکھے ہیں اور کسی بھی افغان حکومت کے ساتھ مذاکرات سے کبھی انکار نہیں کیا بلکہ ہمیشہ مثبت، مثالی، خیر سگالی کا عملی مظاہرہ کیا افغانستان کے ساتھ تعلقات کے تناظر میں یہ ذکر کرنا ضروری ہے کہ پاکستان نے دنیا میں سب سے زیادہ افغان مہاجرین کی میزبانی کی۔ پچھلی چار دہائیوں میں پاکستان نے نہ صرف لاکھوں افغانوں کو پناہ دی بلکہ انہیں تعلیم، صحت، کاروبار اور روزگار کے مواقع فراہم کئے۔ پاکستان نے اپنے محدود معاشی وسائل کے باوجود افغان مہاجرین کی دیکھ بھال کو انسانی اور اسلامی ذمہ داری سمجھ کر نبھایا۔ افغان جنگ کے دوران پاکستان نے نہ صرف سرحدیں کھلی رکھیں بلکہ عالمی برادری کے ساتھ مل کر کروڑوں افغانوں کے لئے زندگی کی راہیں ہموار کیں۔ بدقسمتی سے دنیا آج بھی اس حقیقت کو اکثر فراموش کر دیتی ہے کہ افغانستان کے لئے سب سے زیادہ قربانیاں پاکستان نے دیں۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں شہادتیں دینے والے پاکستانیوں کا خون اس بات کا گواہ ہے کہ پاکستان نے اس خطے میں امن کے لئے ناقابل تلافی قربانیاں دیں۔ پاکستان نے بارہا دنیا کو یہ باور کروایا ہے کہ افغانستان میں عدم استحکام کا سب سے زیادہ اثر پاکستان پر پڑتا ہے۔ 2021 میں امریکا کے افغانستان سے انخلا کے بعد طالبان حکومت کی آمد کے ساتھ ہی پاکستان نے توقع کی تھی کہ اب افغان سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہیں ہوگی۔ لیکن پاکستان کے اندر دہشت گرد حملوں میں نمایاں اضافہ ہوا جن میں زیادہ تر حملوں کی منصوبہ بندی اور نگرانی افغانستان سے کی گئی۔ یہ صورتحال پاکستان کے لئے نہایت پریشان کن ہے۔ پاکستان نے افغانستان میں انسانی ہمدردی کی بنیاد پر تجارت جاری رکھی، حتیٰ کہ بجلی، خوراک، ادویات اور دیگر سہولیات بھی فراہم کیں۔ لیکن اس کے بدلے میں پاکستان کے خلاف خطرناک گروہوں کو نہ روکنے کی روش اختیار کی گئی۔ افغانستان کے ساتھ تجارت پاکستان کے لئے ہمیشہ اہم رہی ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان ہزاروں ٹرک روزانہ کی بنیاد پر سامان لاتے اور لے جاتے ہیں۔ لیکن اب جب کہ دہشت گرد گروہ کھلے عام افغان سرزمین سے پاکستان کو نشانہ بنا رہے ہیں، تو تجارت روکنے کا فیصلہ ایک ایسی مجبوری ہے جسے پاکستان کی سکیورٹی اور قومی مفاد کے تناظر میں سمجھنا چاہئے۔ جیسا کہ ترجمان نے کہا تجارت انسانی جانوں کے ضیاع سے زیادہ اہم نہیں ہے۔ کوئی بھی ذمہ دار ریاست اپنے شہریوں کی جانوں کی حفاظت پر سمجھوتہ نہیں کرتی۔ پاکستان کا فیصلہ بھی اسی اصول پر مبنی ہے۔ پاکستان نے ہمیشہ افغانستان کی آزادی، خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی حمایت کی ہے۔ لیکن افسوس کہ پاکستان کو بارہا اس بات پر مایوسی ہوئی ہے کہ افغانستان نے حق ہمسائیگی کا اسی طرح سے جواب نہیں دیا جس طرح پاکستان دیتا رہا ہے۔ اب وقت بدل چکا ہے، خطے کی سیاست تبدیل ہو چکی ہے، اور دہشت گردی کے خطرات پہلے سے کئی گنا زیادہ سنگین ہو چکے ہیں۔ لہٰذا اب ضرورت اس بات کی ہے کہ افغانستان عملی طور پر یہ ثابت کرے کہ وہ پاکستان کا برادر ملک اور اچھا ہمسایہ ہے۔ اس کے لئے سب سے اہم اقدامات یہ ہیں کہ پاکستان مخالف دہشت گرد گروہوں کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کی جائے انہیں پناہ دینے کی پالیسی کا خاتمہ کیا جائے، • دونوں ممالک کے درمیان اعتماد اور تعاون کی بنیاد مضبوط کی جائے جو کہ افغانستان کے ہاتھ میں ہے اگر افغانستان نے یہ اقدامات نہ کئے تو نہ صرف دونوں ممالک کے تعلقات مزید بگڑیں گے بلکہ خطے میں امن کے امکانات بھی کمزور پڑ جائیں گے۔ پاکستان نے اس حقیقت کی طرف بھی اشارہ کیا ہے کہ طالبان انتظامیہ کے اندر بھی ایسے گروہ موجود ہیں جو پاکستان سے بہتر تعلقات چاہتے ہیں لیکن بدقسمتی سے ایک مضبوط گروہ ایسا بھی ہے جسے بیرونی مالی امداد حاصل ہے اور جو مسلسل دونوں ممالک کے درمیان کشیدگی بڑھانے کی کوشش میں ہے۔ پاکستان نے اس صورتحال کو بارہا سنجیدگی سے اٹھایا ہے اور عالمی برادری کو بھی اس جانب توجہ دلائی ہے۔ پاکستان نے ہمیشہ حق ہمسائیگی ادا کیا مگر افسوس کہ افغانستان کی جانب سے ہمیشہ معاملات ڈانواں ڈول رہے اب وقت آ گیا ہے کہ افغانستان اچھے ہمسایہ اور برادر اسلامی ملک ہونے کا عملی ثبوت دے۔ پاکستان نے ہمیشہ افغانستان میں امن اور استحکام کی خواہش رکھی ہے پاکستان ہر مرحلے پر افغانستان کے ساتھ کھڑا رہا۔ پاکستان نے مذاکراتی عمل، دوحہ معاہدے، اور مختلف بین الاقوامی فورمز پر ہمیشہ افغان امن کو اولیت دی۔ اگر پاکستان چاہتا تو افغانستان سے مکمل لاتعلقی اختیار کر لیتا، لیکن پاکستان نے ایسا نہیں کیا کیونکہ پاکستان جانتا ہے کہ ایک پرامن افغانستان ہی ایک پرامن پاکستان کا ضامن ہے۔

غلط فہمی کی خلیج کو ختم کرنا ہوگا

قرطاس

ناصف اعوان

ستائیسویں آئینی ترمیم — ہنگامہ آرائی یا نظام کی تجدید؟

زاویہ نظر



دو ججوں کے استعفے، ایک سوال: اصول یا سیاست؟

منظر نامہ

پارلیمانی نظام اور 27 ویں ترمیم

عنایات



آصف عنایت

دہلی ریڈ فورٹ دھماکہ: بھارت کا ایک اور فالس فلیگ آپریشن

میڈیا آئی

عبدالباسط علوی

عرفان صدیقی: دوریوں میں نظر امتیاز



خورشید ندیم

بہار الیکشن نے بہت سے سوالوں کا جواب دے دیا

منظر نامہ



رضا ہمدانی

محکمہ ایکسائز کا موٹر سائیکل گاڑیوں کی آن لائن رجسٹریشن، انسداد منشیات مہم کا آغاز

نصیرآباد میں تمام رجسٹریشن ڈیٹا کو جدید کمپیوٹرائزڈ نظام کے ذریعے محفوظ کر رہا ہے، جس سے جعلسازی دوہری رجسٹریشن اور ٹیکس چوری جیسے مسائل کا خاتمہ ممکن ہو گا

ہماری ٹیم منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں کے ساتھ آگاہی کے پروگرام ترتیب دے رہی ہے تاکہ نوجوان نسل کو اس لعنت سے محفوظ رکھا جاسکے نذیر احمد چھلگری

نصیر آباد (نامہ نگار) محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن بلوچستان کا جدید اور عوام دوست اقدام موٹر سائیکل و گاڑیوں کی آن لائن رجسٹریشن اور انسداد منشیات مہم کا آغاز پارلیمانی سیکرٹری حاجی محمد خان لہڑی، سیکرٹری ظفر بخاری اور ڈی جی زمان صاحب کی خصوصی ہدایت پر عملدرآمد نذیر احمد چھلگری کی قیادت میں شفاف نظام کی تشکیل تفصیلات کے مطابق پارلیمانی سیکرٹری برائے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن حاجی محمد خان لہڑی، سیکرٹری ظفر بخاری، اور ڈی جی ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ساجد زمان کی خصوصی نگرانی اور ہدایت پر شروع کیا گیا ہے جبکہ نصیر آباد میں اس نظام پر کامیاب عملدرآمد کی قیادت سینئر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر نذیر احمد چھلگری کر رہے ہیں نذیر احمد چھلگری نے اپنے بیان میں کہا کہ محکمہ ایکسائز عوامی سہولت کے لیے جدید ڈیجیٹل نظام متعارف کروا رہا ہے تاکہ شہریوں کو با آسانی تمام سہولیات دستیاب ہوں انہوں نے کہا کہ گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی آن لائن رجسٹریشن کا مقصد عوام کے لیے شفاف اور سہل طریقہ کار فراہم کرنا ہے تاکہ لوگوں کو دفاتر کے چکروں سے نجات ملے اور انہیں تمام سہولتیں گھر بیٹھے میسر آئیں انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ ایکسائز نصیر آباد میں انسداد منشیات کی مہم بھی بھرپور انداز میں جاری رکھے ہوئے ہے ہماری ٹیم منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں کے ساتھ ساتھ عوامی آگاہی کے پروگرام بھی ترتیب دے رہی ہے تاکہ نوجوان نسل کو اس لعنت سے محفوظ رکھا جاسکے نذیر احمد چھلگری کے مطابق محکمہ ایکسائز اور ٹیکسیشن نصیر آباد میں تمام رجسٹریشن ڈیٹا کو جدید کمپیوٹرائزڈ نظام کے ذریعے محفوظ کر رہا ہے، جس سے جعلسازی دوہری رجسٹریشن اور ٹیکس چوری جیسے مسائل کا خاتمہ ممکن ہو گا انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت کی خصوصی توجہ عوامی ریلیف اور ادارہ جاتی شفافیت پر مرکوز ہے، اور محکمہ ایکسائز اس وژن کو عملی شکل دینے کے لیے سرگرم ہے عوامی و سماجی حلقوں نے نذیر احمد چھلگری اور ان کی ٹیم کی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ نصیر آباد میں محکمہ ایکسائز کا طرز عمل دوسرے اضلاع کے لیے ایک مثالی نظام بنتا جا رہا ہے عوام کا کہنا ہے کہ آن لائن رجسٹریشن اور منشیات کی روک تھام کے لیے ایک ہی پلیٹ فارم پر خدمات کی فراہمی، حقیقی معنوں میں بلوچستان کو جدید طرز حکمرانی کی جانب لے جا رہی ہے۔

ضمنی انتخاب میں شیخ ماسم خان کی کامیابی کے سلسلے میں تقریب کا انعقاد

پارٹی منشور، عوامی توقعات اور اتحادی جماعتوں کے اعتماد پر پورا اتریں گے

ژوب (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع ژوب کے ضلعی سیکریٹریٹ کے بیان میں یونین کونسل تیکئی کے ضمنی انتخاب میں نومنتخب چیئرمین شیخ ماسم خان مندوخیل کی کامیابی کے سلسلے میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کی صدارت پارٹی کے مرکزی و ضلعی سیکریٹری ڈاکٹر بایزید روشان نے کی۔ تقریب سے پارٹی کے مرکزی سیکریٹری ڈاکٹر بایزید روشان نومنتخب چیئرمین شیخ ماسم خان مندوخیل، ضلع ایگزیکٹو ڈاکٹر افراسیاب مندوخیل، ضلع ایگزیکٹو خدائے دوست کبزئی، ضلع ایگزیکٹو اختر محمد اور شفیع اللہ نے خطاب کیا۔ مقررین نے شیخ ماسم خان مندوخیل کو کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی اور امید ظاہر کی کہ وہ پارٹی کے منشور، عوامی توقعات اور اتحادی جماعتوں کے اعتماد پر پورا اتریں گے۔ مقررین نے اپنے خطابات میں کہا کہ ہم عوامی نیشنل پارٹی، مسلم لیگ اور تمام اتحادی کونسلروں کے شکر گزار ہیں جنہوں نے پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے نامزد چیئرمین پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے انہیں کامیاب کرایا۔ ان کا کہنا تھا کہ پارٹی پر عوام کا بڑھتا ہوا بھروسہ اس بات کا ثبوت ہے کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی آج پشتون افغان عوام اور دیگر محکوم اقوام کی ایک مضبوط، نمائندہ اور اصول پسند سیاسی قوت بن چکی ہے۔ جو ہر فورم پر اپنے عوام کے حقوق، اختیارات اور سیاسی تشخص کی ترجمانی کرتی رہے گی۔ مقررین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پارٹی سمجھتی ہے کہ عوام کی ملی و قومی تمناؤں کی تکمیل، ایک منظم، نظریاتی اور سائنسی بنیادوں پر استوار سیاسی تنظیم کے ذریعے ہی ممکن ہے

جعفرآباد، ڈی سی خالد خان کو انجینئر عتیق الرحمٰن بی آر کالونی کے تعمیراتی کام کے متعلق آگاہی دے رہے ہیں

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت خسرہ مہم کی تیاریوں کے سلسلے میں اجلاس

ضلع نوشکی میں خسرہ مہم 17 نومبر سے 29 نومبر تک جاری رہے گی، ڈی ایچ او

نوشکی (نامہ نگار) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نوشکی کی صدارت میں خسرہ مہم کی تیاریوں کے سلسلے میں آخری جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی ایچ او ڈاکٹر عبدالرحمٰن شیرانی ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر مشتاق مینگل، مانیٹرنگ آفیسر آغا داود شاہ و دیگر افسران شریک ہوئے۔ یہ خسرہ مہم کے حوالے سے آخری جائزہ اجلاس تھا جس میں تمام انتظامات اور تیاریوں پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نوشکی عمر جمالی کو تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ڈی ایچ او ڈاکٹر عبدالرحمٰن شیرانی نے میڈیا اور شرکاء کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ پورے ضلع نوشکی میں خسرہ مہم 17 نومبر سے 29 نومبر تک جاری رہے گی اور اس دوران 6 ماہ سے پانچ سال کے بچوں کو خسرہ اور پولیو کے قطرے بھی پلائے جائیں گے۔ مہم کو موثر انداز میں چلانے کے لیے فکس سائٹس، ایک موبائل ٹیمیں اور 47 آؤٹ ریچ ٹیمیں مقرر کی گئی ہیں۔ 6 ماہ سے 5 سال تک کے بچوں کو خسرہ کے ٹیکے جبکہ پیدائش سے 5 سال تک کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے۔ اس سلسلے میں تمام تیاریاں مکمل کرلی ہے جن میں مائیکرو پلاننگ ٹیم ٹریننگ سیاسی سماجی قبائلی و مذہبی شخصیات سے ملاقات و شعور و آگاہی سیشن منعقد کی گئی ہے جبکہ ایمرجنسی کی صورت میں ایمبولینس ہسپتال میں خصوصی وارڈ و دیگر ٹیکنیکل سٹاف الرٹ کی گئی ہے پروگرام میں ڈپٹی ڈی ایچ او و مانیٹرنگ آفیسر سی او سی ایس وی پی پی ایچ آئی نیشنل پروگرام ایم این سی ایچ سمیت سیاسی و سماجی مذہبی شخصیات و صحافی برادری کی بڑی تعداد شریک تھی۔ تقریب کے دوران خسرہ سے متعلق آگاہی فراہم کی گئی۔ مزید نے والدین اور عوام سے پرزور اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کو لازمی طور پر خسرہ کے ٹیکے لگوائیں اور پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں تاکہ بچوں کو خطرناک بیماریوں سے محفوظ بنایا جاسکے۔

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔

☆ مسا اور رانگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

☆ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقی غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔

☆ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔

☆ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

گمشدگی موٹر سائیکل کاغذات

میری موٹر سائیکل CD-70 رجسٹریشن نمبر MR-8839 کے کاغذات کہیں گم ہوگئے ہیں ملنے پر 03168558006 پر مطلع کریں

R.NO......62363

میر طارق مگسی کو جھل مگسی گرڑھ کے مقام پر جاری تعمیراتی منصوبے پر بریفنگ

بروقت فنڈز کی فراہمی پر دونوں بڑے پلز کا کام جنوری کے آخر تک مکمل کیا جائے گا، پی ڈی حامد علی بنگلزئی

نوابزادہ میر طارق خان مگسی نے منصوبے پر پیش رفت اور جلد کام کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے عزم کو سراہا

گنداواہ جھل مگسی (نامہ نگار) صوبائی وزیر نوابزادہ میر طارق خان مگسی نے گرڑھ کے مقام پر پہنچ کر ایم 8 تو سیف آباد روڈ پر جاری تعمیراتی منصوبے ندی پر بڑے پلوں کا معائنہ کیا جہاں پر پراجیکٹ ڈائریکٹر روڈ جھل مگسی حامد علی بنگلزئی نے پلز اور روڈ کے کام کے متعلق تفصیلی آگاہ کیا۔ حامد علی بنگلزئی نے بریفنگ کے دوران صوبائی وزیر نوابزادہ میر طارق خان مگسی کو بتایا کہ اگر ہمیں حکومت فنڈز بروقت فراہم کرے تو ہم اپنے ٹیکنیکل اسٹاف کے ہمراہ منصوبے کو مقررہ وقت پر مکمل کریں گے فنڈز کی عدم موجودگی کی وجہ سے اسٹاف، ٹھیکیداروں اور عوام کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے صوبائی وزیر کو منصوبے کے سائیڈ کا بھی دورہ کرایا گیا۔ صوبائی وزیر نوابزادہ ... پراجیکٹ ڈائریکٹر حامد علی بنگلزئی کو ذمہ داری دی جس کا ورک مکمل کر کے جمع کروا دیا ہے وہاں پر بھی جلد منصوبے شروع کیے جائیں گے مون سون بارشوں میں بھی ضلعی ہیڈ کوارٹر گنداواہ کا نوتال روڈ سے رابطہ بحال ہوں اس موقع پر سیکرٹری ممتاز خان مگسی، ارشاد علی و دیگر بھی موجود تھے

بہتر نتائج کے لیے سرکاری امور کی مانیٹرنگ ناگزیر ہے، صلاح الدین

محکمے کا مورال بلند رکھنے، کارکردگی کو بہتر بنانے کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں

نصیر آباد (خ ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی سے ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر جعفرآباد حبیب اللہ جوگیزئی نے ملاقات کی۔ ملاقات میں ضلع جعفرآباد میں پاپولیشن ویلفیئر کے امور اور متعلقہ اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر حبیب اللہ جوگیزئی نے کمشنر کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ... میں قائم مراکز فعال ہیں اور تمام عملہ مفاد عامہ کے تحت اپنی ذمہ داریاں پوری لگن کے ساتھ سرانجام دے رہا ہے۔ کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری اداروں کو دی گئی ذمہ داریاں بہترین انداز میں نبھانا ہم سب کی اولین ترجیح ہونی چاہیے ...

ایسے میلوں سے طلبہ کا چھپا ہوا ٹیلنٹ سامنے آتا ہے، ڈی سی

یہ سائنسی میلہ نہ صرف بارکھان بلکہ پورے خطے کے لیے باعث فخر ہے

بارکھان (خ ن) ضلع بارکھان میں پہلی بار گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج میں ایک شاندار سائنس ایگزیبیشن کا انعقاد کیا گیا، جس میں طلبہ کی تخلیقی صلاحیتوں اور سائنسی ذہنیت کو نمایاں طور پر سراہا گیا۔ سائنس ایگزیبیشن میں مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ نے شرکت کی، جن میں گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج بارکھان، حسن پبلک اسکول ... بارکھان عبداللہ کھوسہ اور اسسٹنٹ کمشنر خادم حسین بھنگر نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے سائنسی ماڈلز کا تفصیلی معائنہ کیا اور طلبہ کی محنت، تخلیقی سوچ اور سائنسی جذبے کی تعریف کی۔ انہوں نے اس موقع پر کہا کہ ایسے میلوں سے طلبہ کا چھپا ہوا ٹیلنٹ سامنے آتا ہے اور انہیں سیکھنے اور تحقیق کا نیا حوصلہ ملتا ہے۔ انہوں نے اساتذہ کو بھی خراج تحسین پیش کیا ...

بچوں کو خسرہ اور روبیلا سے بچاؤ کے ٹیکے لگوا کر ان کا مستقبل محفوظ بنائیں، ڈی سی نوشکی

قطروں کی اہمیت اور افادیت سے متعلق عوام میں شعور اور آگاہی کی ضرورت ہے، مہم کو قومی فریضہ سمجھ کر حصہ لیں

تمام اسٹیک ہولڈرز محکمہ صحت کے ساتھ تعاون کرتے ہوئے صحت مند معاشرے کی تشکیل ممکن بنائیں، محمد حسین ہزارہ

صحت مند بچے ہی مستقبل کی مضبوط بنیاد ہے، ڈاکٹر بشیر

والدین اپنے بچوں کو لازمی خسرہ اور روبیلا سے بچاؤ کی ویکسین لگوائیں

ضلعی انتظامیہ کے زیر صدارت آل کلسٹر سیکنڈری اسکول اساتذہ کا اجلاس

نہم و دہم کے طلباء کی بہتری کے لیے میٹرک اکیڈمی قائم کرنے کا فیصلہ

واٹر فلٹریشن پلانٹ آپریٹرز نے مستقلی کیلئے عدالت عالیہ سے رجوع کر لیا

گنداواہ، سینئر صوبائی وزیر نوابزادہ میر طارق خان مگسی کو ڈی سی حامد علی کھوسہ ترقیاتی منصوبوں کے بارے میں بریفنگ دے رہے ہیں

ضلعی کانفرنس پارٹی کی مضبوطی کے لیے سنگ میل ثابت ہوگی، نقیب خوشحال

نظریاتی، سیاسی اور جمہوری جدوجہد کو مزید منظم کرنے کا پیش خیمہ ثابت ہوگی

چاغی، پٹرول کی قلت، قیمتیں آسمان کو چھونے لگیں

جی آر منصوبہ اہمیت کا حامل ہے، افسران اپنی رہائشی مسائل ختم ہو جائیں گے، ڈپٹی کمشنر جعفرآباد

قبضہ مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن کا استعمال کیے، عدالت سے گرین سگنل ملتے ہی منصوبے پر تعمیراتی کام شروع کردیا گیا

منصوبہ پانچ ایکڑ رقبے پر مشتمل ہوگا جہاں چار دیواری کی تعمیر کے بعد افسران کے لیے رہائشی بنگلے تعمیر کیے جائیں گے

جماعت اسلامی کا اجتماع عام تبدیلی کا پیش خیمہ ثابت ہوگا، فہمیدہ مینگریو

بلوچستان سے تعلق رکھنے والی خواتین بڑی تعداد میں شرکت کریں گی

بعدالت جناب قاضی 1 صاحب ڈیرہ مراد جمالی
62365 ... DM

بعدالت جناب سول جج IV صاحب کوئٹہ
62366

بعدالت ایڈیشنل سیشن جج IX کوئٹہ
62365

بعدالت تحصیلدار/اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل قلعہ سیف اللہ
DG(MM)/PL-Fluorite(64)/3346-48 — JB/Mines-2025/276-77

بعدالت تحصیلدار/اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل قلعہ سیف اللہ
DG(MM)/PL-Fluorite(45)/3342-44 — JB/Mines-2025/278-79

بعدالت سیف اللہ سول جج صاحب زیارت بااختیارات ڈسٹرکٹ جج صاحب زیارت
62362

بعدالت سیف اللہ سول جج صاحب زیارت بااختیارات ڈسٹرکٹ جج صاحب زیارت
62362

FEDERAL PUBLIC SERVICE COMMISSION

PUBLIC NOTICE

F.1/4/2025-T&S-Coord. (Phase-VI/2025) — Islamabad the 12th November, 2025

Subject: CONDUCT OF EXAMS/ TESTS BY FPSC W.E.F. 22.11.2025

Federal Public Service Commission will hold exams/ tests in the following cases **from 22.11.2025 to 27.11.2025**

(I)	CASES IN WHICH SCREENING (MCQ) TEST WILL BE HELD						
1.	F.4-115/2025-R	2.	F.4-116/2025-R	3.	F.4-117/2025-R	4.	F.4-118/2025-R
5.	F.4-119/2025-R	6.	F.4-120/2025-R	7.	F.4-121/2025-R	8.	F.4-122/2025-R
9.	F.4-123/2025-R	10.	F.4-124/2025-R	11.	F.4-125/2025-R	12.	F.4-126/2025-R
13.	F.4-127/2025-R	14.	F.4-128/2025-R	15.	F.4-129/2025-R	16.	F.4-130/2025-R
17.	F.4-131/2025-R	18.	F.4-132/2025-R	19.	F.4-133/2025-R	20.	F.4-135/2025-R
21.	F.4-136/2025-R	22.	F.4-137/2025-R	23.	F.4-138/2025-R	24.	F.4-139/2025-R
25.	F.4-140/2025-R	26.	F.4-141/2025-R	27.	F.4-142/2025-R	28.	F.4-143/2025-R
29.	F.4-144/2025-R	30.	F.4-145/2025-R	-	-	-	-
(II)	CASE IN WHICH 2ND STAGE WRITTEN (DESCRIPTIVE) TEST WILL BE HELD						
1.	F.4-158/2024-R	-	-	-	-	-	-
(III)	DEPARTMENTAL PROMOTIONAL EXAMINATION FOR THE POST OF INSPECTOR INLAND REVENUE, FBR						
1.	F.4-900/2025-R	-	-	-	-	-	-

2. Above exams/ tests will be held simultaneously at D.I.Khan, Gilgit, Gujranwala, Hyderabad, Islamabad, Karachi, Lahore, Multan, Peshawar, Quetta, Rawalpindi, Skardu & Sukkur.
3. For above scheduled exams/ tests, Admission Certificates of all registered candidates and Time Table etc., have been uploaded on FPSC's website www.fpsc.gov.pk. The candidates are advised to visit FPSC's website to get print out of their respective Admission Certificates and to appear at the allocated centres according to the scheduled date and time alongwith their Original CNIC.
4. For further clarification / details, if any, the candidates may contact on Phone No. 051-9212427 and UAN 051-111-000-248 during working hours.

PID (I)4092/25

DAD (T&S)

اسپورٹس

روزنامہ مشرق

تنقید کرنے والوں کو کوئی جواب نہیں دوں گا ساری توجہ کرکٹ پر ہے بابر اعظم

جدوجہد کا پیریڈ کافی طویل تھا لیکن میں نے کوشش جاری رکھی اور آج کر کے دکھا دیا، میرا کام کرکٹ کھیلنا اور گراؤنڈ میں پرفارم کرنا ہے، اسی پر ساری توجہ مرکوز ہے

مداحوں نے برے وقت میں ہمیشہ سپورٹ کیا، مداحوں کی سپورٹ سے بہت حوصلہ ملا، جو ٹارگیٹ تھا اس کے مطابق بیٹنگ کی، سنچری اسکور کرنے کے بعد اعتماد بحال ہوا ہے، گفتگو

راولپنڈی (آئی این پی) قومی کرکٹر بابر اعظم نے گزشتہ 2 سالوں کے دوران بہتر پرفارم نہ کرنے کے باعث ان پر تنقید کرنے والوں کو جواب دینے سے گریز کیا اور کہا ہے کہ جدوجہد کا پیریڈ کافی طویل تھا لیکن میں نے کوشش جاری رکھی اور آج کر کے دکھا دیا، ان کا کام کرکٹ کھیلنا اور گراؤنڈ میں پرفارم کرنا ہے، اسی پر ساری توجہ مرکوز ہے۔ سری لنکا کے خلاف دوسرے ون ڈے میں شاندار کامیابی کے بعد گفتگو کرتے ہوئے بابر اعظم نے کہا کہ بابر اعظم نے کہا کہ فینز نے سپورٹ کیا، وہی مجھے حوصلہ دیتے ہیں، گزشتہ سیریز میں سٹارٹ اچھا ملا، بدقسمتی سے اس وقت اچھا نہیں کھیل سکا، اننگز سٹارٹ ہوئی تو یہی تھا کہ فخر کے ساتھ مل کر بہترین کھیلوں۔ انہوں نے کہا مشکل وقت گزرا تاہم میں نے اپنی فٹنس، بیٹنگ، فیلڈنگ پر کام کیا، جب بھی مشکل وقت آئے اپنے اوپر اعتماد رکھیں۔ بابر اعظم نے کہا کہ مداحوں نے برے وقت میں ہمیشہ سپورٹ کیا، مداحوں کی سپورٹ سے بہت حوصلہ ملا۔ جو ٹارگیٹ تھا اس کے مطابق بیٹنگ کی، سنچری اسکور کرنے کے بعد اعتماد بحال ہوا ہے، خود پر بھروسہ تھا کہ سنچری اسکور کرنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صورتحال کے مطابق کھیلنے کیلئے اپنے آپ کو واپس لانے میں کامیاب ہوا، جب بھی سنچری کرتے ہیں تو حوصلہ ملتا ہے، جب پرفارم نہیں کر رہا ہوتا تو مختلف خیالات ذہن میں آتے ہیں، ہر کسی نے حوصلہ دیا اور جب اللہ کریم آپ کو نوازنا چاہتا ہے تو پھر آپ کو ملتا ہے۔ بابر اعظم کا کہنا تھا کہ لف ٹائم گزرا لیکن اپنی فٹنس کو بہتر کیا، بہتر کرنے کی کوشش میں ہر روز کے پلان کو مکمل کریں، پھر نتیجہ آپ کو لازمی ملتا ہے، جب بھی مشکل وقت آئے اپنے اوپر اعتماد رکھیں، سب بہتر ہو جاتا ہے، شاہد اسلم منصور رانا ہیلپ کرتے ہیں۔ کرکٹر کا مزید کہنا تھا کہ پرفارم نہ کر سکنے پر ہونے والی تنقید کو نظر انداز کر کے خود کو بہتری کیلئے متحرک رکھا، سب کھلاڑیوں نے ساتھ دیا، ان کا بیک کرنا میرے لیے بوسٹر تھا، فینز نے بھی نہیں چھوڑا، میرا کام کرکٹ کھیلنا اور گراؤنڈ میں پرفارم کرنا ہے، اسی پر توجہ ہے، جواب دینا میرا کام نہیں۔ یاد رہے سری لنکا کے خلاف کھیلے جانے والے دوسرے ون ڈے میں سنچری اسکور کر کے بابر اعظم نے سعید انور کا قومی ریکارڈ برابر کیا، سعید انور نے 244 اننگز میں پاکستان کے لیے 20 ون ڈے انٹرنیشنل سنچریاں اسکور کی تھیں۔ بابر اعظم نے 136 ویں اننگز میں اپنے ون ڈے کیریئر کی 20 ویں ون ڈے انٹرنیشنل سنچری اسکور کی، بابر اعظم کم سے کم اننگز میں 20 سنچریاں مکمل کرنے والے تیسرے کھلاڑی ہیں۔

ساؤتھ افریقہ اور انڈیا کے درمیان پہلے ٹیسٹ میچ میں ساؤتھ افریقی بولر وکٹ لینے کے بعد ساتھی کھلاڑی داد وصول کر رہا ہے

پارٹنر شپ سے زیادہ ٹیم کی جیت اہم ہے، محمد رضوان

میچ کی پلاننگ کی تھی لیکن بابر کی سنچری کی زیادہ پلاننگ تھی اگر یہ فارم میں آتے ہیں تو ٹیم کیلئے اچھا ہوگا اور ایسا ہی ہو

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) قومی ٹیم کے وکٹ کیپر بلے باز محمد رضوان کا سری لنکا کو دوسرے ون ڈے میں شکست کے بعد کہنا تھا کہ پارٹنر شپ سے زیادہ ٹیم کی جیت اہم ہے۔ سری لنکا کو دوسرے ون ڈے میں شکست کے بعد محمد رضوان نے کہا کہ میچ کی پلاننگ کی تھی لیکن بابر کی سنچری کی زیادہ پلاننگ تھی اگر یہ فارم میں آتے ہیں تو ٹیم کیلئے اچھا ہوگا اور ایسا ہی ہوا۔ رضوان کا کہنا تھا کہ پارٹنر شپ کتنے رنز کی بنی یہ ہم دونوں کو نہیں معلوم۔ ماضی میں کئی اہم شراکت بنائیں اور ایک تو سب کو یاد ہے اور خاص بھی ہے۔ ادھر پاکستانی ٹیم کے قائم مقام کپتان سلمان علی آغا نے سری لنکا کو دوسرے ون ڈے میں شکست کے بعد کہا کہ ہدف کے تعاقب میں تین بہترین پارٹنر شپس قائم ہوئیں، خوش تھا کہ سری لنکا کو 290 سے کم رنز پر محدود کیا ہے۔ واضح رہے کہ بابر اعظم کی شاندار سنچری کی بدولت پاکستان نے سری لنکا کو دوسرے ون ڈے میچ میں 8 وکٹوں سے شکست دے کر سیریز میں 0-2 کی فیصلہ کن برتری حاصل کر لی۔ راولپنڈی میں کھیلے گئے میچ میں پاکستان نے سری لنکا کی جانب سے دیا جانے والا 289 رنز کا ہدف 48.2 اوورز میں 2 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کر لیا۔

سری لنکا کیخلاف سنچری کے ساتھ کئی ریکارڈ، بابر اعظم نے سعید انور کا ریکارڈ برابر کر دیا

بیٹر نے 2 سال اور 2 ماہ سے زائد کے دورانیے کے بعد یعنی 807 دن انتظار کے بعد سنچری اسکور کی

راولپنڈی (آن لائن) سابق کپتان بابر اعظم نے سری لنکا کے خلاف دوسرے ایک روزہ میچ میں سنچری کے ساتھ ہی کئی سنگ میل عبور کر لیے ہیں۔ راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے 3 میچز کی سیریز کے دوسرے مقابلے میں بابر اعظم نے لیجنڈ اوپنر سعید انور کا 20 سنچریوں کا ریکارڈ برابر کر دیا ہے۔ سری لنکا کے خلاف راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم پر کھیلے گئے میچ میں بابر اعظم نے ایک روزہ کرکٹ میں اپنی 20 ویں سنچری اسکور کی اور سعید انور کا قومی ریکارڈ برابر کر دیا۔ 31 سالہ بابر اعظم نے 10 سال کے دوران 138 میچز کی 135 اننگز کھیلیں اور 20 سنچریاں اور 37 نصف سنچریاں اسکور کی ہیں۔ دوسری طرف سعید انور نے 14 سالہ ون ڈے کیریئر کے دوران 247 میچز کی 244 اننگز کھیلیں اور 20 سنچریاں اور 43 نصف سنچریاں بنائیں۔ بابر اعظم ایک روزہ کرکٹ میں 5 بار صفر پر آؤٹ ہوئے ہیں جبکہ سعید انور 15 مرتبہ بغیر کوئی رنز بنائے پویلین لوٹے۔ اسٹار بیٹر نے ایک روزہ کرکٹ میں 2 سال اور 2 ماہ سے زائد کے دورانیے کے بعد یعنی کل 807 دن کے طویل انتظار کے بعد سنچری اسکور کی ہے۔ اس کے ساتھ ہی بابر اعظم سری لنکا کے خلاف 12 ایک روزہ میچز میں 4 سنچریوں کی مدد سے مجموعی طور پر 666 رنز اسکور کر چکے ہیں، اس طرح انہوں نے عمران خان کا 636 رنز کا ریکارڈ توڑ دیا ہے۔ بابر اعظم انضمام الحق اور محمد حفیظ کا لنکن ٹیم کے خلاف سنچریوں کا ریکارڈ بھی برابر کر چکے ہیں۔

بلوچستان ٹینس ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری سلیم اختر کوچ نظام الدین کے ہمراہ 35 ویں نیشنل گیمز کیلئے خواتین کھلاڑیوں کا ٹرائلز کے موقع پر گروپ فوٹو

پاکستان اور سری لنکا کی کرکٹ ٹیموں آخری میچ میں آج ٹکرائیں گی

میچ دن ازھائی بجے راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں کھیلا جائیگا، پاکستان کو سیریز میں برتری حاصل ہے

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان اور سری لنکن کرکٹ ٹیموں کے درمیان تین ایک روزہ میچوں کی سیریز کا تیسرا اور آخری ایک روزہ میچ آج 16 نومبر بروز اتوار دن ازھائی بجے راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں کھیلا جائیگا۔ پاکستان کو سیریز میں دو۔ صفر کی برتری حاصل ہے۔

زمبابوے کرکٹ ٹیم کا اسلام آباد میں ٹریننگ سیشن

افتتاحی میچ پاکستان اور زمبابوے کے درمیان 18 نومبر کو راولپنڈی میں کھیلا جائے گا

اسلام آباد (آن لائن) زمبابوے کرکٹ ٹیم نے پاکستان میں تین ملکی ٹی ٹوئنٹی سیریز کی تیاری کے لیے اسلام آباد میں ٹریننگ سیشن کیا۔ ٹیم نے کوچز کی نگرانی میں نیٹ سیشن میں حصہ لیا اور میچ کی تیاری مکمل کی۔ تین ملکی ٹورنامنٹ کا افتتاحی میچ پاکستان اور زمبابوے کے درمیان 18 نومبر کو راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ اس سیریز میں تیاری اور فارم کو دیکھتے ہوئے دونوں ٹیمیں اپنی بہترین کارکردگی پیش کرنے کی کوشش کریں گی۔

سابق کپتان وقار یونس (آج) اپنی 54 ویں سالگرہ منائیں گے

بورے والا ایکسپریس کہلائے جانے والے وقار یونس 16 نومبر 1971 کو بورے والا میں پیدا ہوئے

لاہور (این این آئی) پاکستان کے ماضی کے عظیم فاسٹ بالر اور سابق کپتان وقار یونس (آج) 16 نومبر کو اپنی 54 ویں سالگرہ منائیں گے۔ بورے والا ایکسپریس کہلائے جانے والے وقار یونس 16 نومبر 1971 کو بورے والا میں پیدا ہوئے۔ 1989 میں اپنے کرکٹ کے کیریئر کا آغاز کیا۔ پرانی گیند سے ریورس سوئنگ کرنے میں وقار یونس کا کوئی ثانی نہیں تھا۔ وسیم اکرم کے ساتھ انکی جوڑی بلے بازوں کے لیے پریشانی کا سبب تھی۔ ٹو ڈبلیوز کے نام سے مشہور ہونے والی اس جوڑی نے بڑے بڑے بلے بازوں کے چھکے چھڑائے۔ وقار یونس نے 87 ٹیسٹ اور 262 ایک روزہ میچز کھیلے اور شاندار باؤلنگ کرتے ہوئے مجموعی طور پر 789 وکٹیں حاصل کیں۔ تیز ترین باؤلنگ کی وجہ سے وقار یونس کو بورے والا ایکسپریس کا ٹائٹل بھی ملا۔ وقار یونس نے اپریل 2004 میں تمام طرز کی کرکٹ سے ریٹائرمنٹ لے لی۔ انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کے بعد وقار نے قومی ٹیم کی کوچنگ بھی کی۔

ڈھاکہ، پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان ہاکی ورلڈ کپ کوالیفائنگ راؤنڈ میں بنگلہ دیش کو شکست دیکر کھلاڑیوں جشن منا رہے ہیں

ریٹائرمنٹ کے قریب رونالڈو کو انٹرنیشنل کیریئر میں پہلا ریڈ کارڈ مل گیا

40 سالہ رونالڈو کو ڈبلن میں میچ کے دوران 61 ویں منٹ میں اس وقت میدان سے باہر بھیج دیا گیا جب انہوں نے آف دی بال ایکشن میں آئرش ڈیفینڈر دارا اوشی کو کہنی ماری

ابتدائی طور پر گراؤنڈ میں موجود ریفری گلین نیبرگ نے انہیں پیلا کارڈ دکھایا، لیکن ویڈیو اسسٹنٹ ریفری (وی اے آر) نے آن فیلڈ ریویو کا مشورہ دیا، جس کے بعد رونالڈو کو ریڈ کارڈ دکھا دیا گیا

لزبن (آئی این پی) حال ہی میں ریٹائرمنٹ کا اعلان کرنے والے پرتگالی اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو کو بین الاقوامی کیریئر میں پہلی بار ریڈ کارڈ دکھایا گیا۔ یہ ریڈ کارڈ پرتگال اور آئرلینڈ کے درمیان گزشتہ روز ہونے والے ورلڈ کپ کوالیفائر میچ میں عالمی شہرت یافتہ فٹبالر کو دکھایا گیا، جس کے بعد انہیں سخت سزا کا سامنا ہے۔ 40 سالہ رونالڈو کو ڈبلن میں میچ کے دوران 61 ویں منٹ میں اس وقت میدان سے باہر بھیج دیا گیا جب انہوں نے آف دی بال ایکشن میں آئرش ڈیفینڈر دارا اوشی کو کہنی ماری۔ ابتدائی طور پر گراؤنڈ میں موجود ریفری گلین نیبرگ نے انہیں پیلا کارڈ دکھایا، لیکن ویڈیو اسسٹنٹ ریفری (وی اے آر) نے آن فیلڈ ریویو کا مشورہ دیا، جس کے بعد رونالڈو کو ریڈ کارڈ دکھا دیا گیا۔ رونالڈو کو میچ کے دوران اس وقت ریڈ کارڈ دکھایا گیا جب پرتگال پہلے ہی ٹرائے ہیریٹ کے دوسرے ہاف میں 0-2 گول سے پیچھے تھا۔ واضح رہے کہ یہ رونالڈو کے ریکارڈ ساز بین الاقوامی کیریئر کے دوران پہلا ریڈ کارڈ ہے، وہ اب تک اپنے ملک کی جانب سے 226 میچوں میں 143 گول کر چکے ہیں۔ البتہ کلب کی سطح پر انہیں 13 مرتبہ ریڈ کارڈ مل چکا ہے۔ فیفا قوانین کے مطابق پرتشدد رویے پر کم از کم 3 میچوں کی پابندی بھی لگ سکتی ہے، جس سے رونالڈو ورلڈ کپ کے ابتدائی ایک یا دو میچوں سے باہر ہو سکتے ہیں۔ گزشتہ روز ہونے والے میچ میں آئرلینڈ نے پرتگال کو 0-2 سے شکست دے کر اپنی 2026 ورلڈ کپ کے لئے کوالیفائی کرنے کی امیدیں روشن کر لیں۔ ممکنہ طور پر اب آئرلینڈ کو پلے آف میں انہیں جانا پڑے گا، جس سے پرتگال کو ایک اور دھچکا لگ سکتا ہے۔

پاکستان کے خلاف ٹرائی سیریز شاندار ہوگی، پاکستان کرکٹ بورڈ کے انتظامات سے مطمئن ہیں، زمبابوے اسسٹنٹ کوچ

اسلام آباد (این این آئی) زمبابوے کرکٹ ٹیم کے اسسٹنٹ کوچ ڈیان ابراہیم نے کہا ہے کہ پاکستان کے خلاف ٹرائی سیریز شاندار ہوگی، پاکستان کرکٹ بورڈ کے انتظامات سے مطمئن ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سال سے زائد زمبابوے کرکٹ ٹیم کی تیاری جاری ہے، انٹرنیشنل کرکٹ میں زمبابوے اچھی کرکٹ کھیل رہی ہے، ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے لیے ٹرائی سیریز کی تیاری اہم کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے پاس ورلڈ کلاس کھلاڑی ہیں، زمبابوے کے پاس لمبے قد کے فاسٹ باؤلرز ہیں، زمبابوے کا فاسٹ باؤلنگ اٹیک مختلف صلاحیتوں کا مالک ہے۔

خوشی ہے سری لنکا کو 290 تک محدود کرنے میں کامیاب رہے، سلمان علی

ہدف کے تعاقب میں تین بہترین پارٹنر شپس قائم ہوئیں، اس پچ پر 320 رنز اچھا اسکور ہوتا

راولپنڈی (این این آئی) پاکستانی ٹیم کے قائم مقام سلمان علی آغا نے سری لنکا کو دوسرے ون ڈے میں شکست کے بعد کہا ہے کہ ہدف کے تعاقب میں تین بہترین پارٹنر شپس قائم ہوئیں، خوش تھا سری لنکا کو 290 سے کم رنز پر محدود کیا ہے۔ میڈیا سے گفتگو میں قومی ٹیم کے قائم مقام کپتان سلمان علی آغا نے کہا کہ اس پچ پر 320 رنز اچھا اسکور ہوتا، خوشی ہے سری لنکا کو 290 تک محدود کرنے میں کامیاب رہے۔ واضح رہے کہ راولپنڈی میں کھیلے گئے میچ میں پاکستان نے مہمان ٹیم کی جانب سے دیا جانے والا 289 رنز کا ہدف 48.2 اوورز میں 2 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کر لیا۔

پاکستانی بلے باز مہرین علی نے بلائنڈ ویمنز کرکٹ میں عالمی ریکارڈ قائم کر دیا

پاکستانی بلے باز مہرین علی نے بلائنڈ ویمنز کرکٹ میں سری لنکا کیخلاف 78 گیندوں پر 230 رنز بنا کر کے عالمی ریکارڈ قائم کیا

کولمبو (این این آئی) پاکستانی بلے باز مہرین علی نے بلائنڈ ویمنز کرکٹ میں عالمی ریکارڈ قائم کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق بلائنڈ ویمن کرکٹ ورلڈکپ میں پاکستان نے سری لنکا کو 221 رنز سے شکست دے دی۔ کولمبو میں شروع ہونے والے ایونٹ کے پہلے میچ میں پاکستان بلائنڈ ویمن ٹیم نے سری لنکا کیخلاف بغیر کسی نقصان کے 331 رنز بنائے۔ پاکستانی بلے باز مہرین علی نے بلائنڈ ویمنز کرکٹ میں سری لنکا کیخلاف 78 گیندوں پر 230 رنز بنا کر کے عالمی ریکارڈ قائم کیا۔ جواب میں سری لنکن ویمن ٹیم 120 رنز پر ڈھیر ہوگئی، پاکستان کی نور فاطمہ، حوریہ ملک، سمیرا ملک نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔ اس موقع پر مہرین علی نے کہا کہ ریکارڈ قائم کرنے پر اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔

پی ایس ایل کی نئی فرنچائزز کی فروخت کیلئے بڈز طلب، آخری تاریخ 15 دسمبر مقرر

لاہور (آئی این پی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی ساتویں اور آٹھویں ٹیموں کے فرنچائز حقوق فروخت کرنے کیلئے بڈز طلب کر لیں۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق ٹیکنیکل پروپوزلز جمع کرانے کی آخری تاریخ 15 دسمبر ہے۔ صرف تکنیکی طور پر اہل بڈرز ہی بڈنگ کے عمل کے اگلے مرحلے میں حصہ لینے کے مجاز ہوں گے۔

بلائنڈ ویمنز ٹی 20 کرکٹ ورلڈ کپ گیم چینجر ثابت ہوگا، سید سلطان شاہ

دہشت گردی کے باوجود سری لنکن ٹیم اپنا دورہ پاکستان مکمل کر رہی ہے اس پر بھی بورڈ اور حکومت کے مشکور ہیں، صدر ورلڈ بلائنڈ کرکٹ کونسل

کولمبو (آئی این پی) ورلڈ بلائنڈ کرکٹ کونسل کے صدر سلطان شاہ نے کہا کہ بلائنڈ ویمنز ٹی 20 کرکٹ ورلڈ کپ بلائنڈ خواتین اور کھلاڑیوں کیلئے گیم چینجر ثابت ہوگا، کولمبو میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے سلطان شاہ کا کہنا تھا کہ پہلے بلائنڈ ویمنز ٹی 20 کرکٹ ورلڈ کپ کا سری لنکا میں دوسرے مرحلے کا آغاز ہو رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ نیپال کی بلائنڈ کھلاڑیوں کی درخواست پر ویمنز کرکٹ کا آغاز کیا تھا، اب امریکہ اور آسٹریلیا سمیت دنیا بھر میں ہزاروں بلائنڈ ویمنز کرکٹرز موجود ہیں۔

بلوچستان ٹینس ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری سلیم اختر کوچ نظام الدین کے ہمراہ 35 ویں نیشنل گیمز کیلئے خواتین کھلاڑیوں کے ٹرائلز دیکھ رہے ہیں

26 ماہ بعد سنچری، بابر اعظم کیلئے مداحوں کی طرف سے مبارکباد کا تانتا بندھ گیا

اپنی چند تصاویر شیئر کی اور کیپشن میں "الحمدللہ" لکھا۔ اس کے ساتھ ہی انہوں نے مداحوں کا بھی شکریہ ادا کیا

راولپنڈی (آن لائن) قومی کرکٹر بابر اعظم نے بالآخر 807 دنوں کے بعد سنچری بنا کر آؤٹ آف فارم ہونے کے کالے بادل ہٹا دیے ہیں۔ بین الاقوامی کرکٹ کی 83 اننگز کے بعد بابر اعظم کے مداحوں کا انتظار ختم ہوا، سری لنکا کے خلاف دوسرے ون ڈے میں قومی کرکٹر کے بلے نے اپنا جادو جگایا اور 102 رنز اسکور کیے۔ فوٹوز اینڈ ویڈیوز شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر اپنی شاندار پرفارمنس کے بعد بابر اعظم نے پوسٹ شیئر کی۔ انہوں نے گزشتہ روز ہونے والے میچ سے اپنی چند تصاویر شیئر کی اور کیپشن میں "الحمدللہ" لکھا۔ اس کے ساتھ ہی انہوں نے مداحوں کا بھی شکریہ ادا کیا۔ بابر اعظم کی پوسٹ کے کمنٹس سیکشن میں تبصرہ کرتے ہوئے مداحوں کی جانب سے مبارکباد کا تانتا بندھ گیا۔

ایشیز سیریز، پہلے ٹیسٹ سے قبل آسٹریلیا کو ایک اور بڑا دھچکا، ہیزل ووڈ بھی باہر

ہیزل ووڈ کو ہیم اسٹرنگ اسٹرین انجری کی تصدیق، مائیکل نیسر پہلے ٹیسٹ کیلئے اسکواڈ میں شامل

سڈنی (آن لائن) انگلینڈ کے خلاف ایشیز سیریز کے پہلے ٹیسٹ سے قبل آسٹریلیا کرکٹ ٹیم کو ایک اور بڑا دھچکا لگ گیا۔ فاسٹ بولر جوش ہیزل ووڈ پہلے مقابلے سے باہر ہوگئے۔ کرکٹ آسٹریلیا کے مطابق جوش ہیزل ووڈ کو ہیم اسٹرنگ اسٹرین انجری کی تصدیق ہوئی ہے۔ اب ان کی جگہ پر مائیکل نیسر کو پہلے ٹیسٹ کیلئے اسکواڈ میں شامل کر لیا گیا۔ واضح رہے کہ کپتان پیٹ کمنز پہلے ہی ہیم اسٹرنگ اسٹرین کے باعث ٹیم سے باہر ہو چکے ہیں جبکہ پیٹ کمنز بھی کمر کی تکلیف کی وجہ سے پہلے ٹیسٹ کیلئے دستیاب نہیں ہیں۔ خیال رہے کہ آسٹریلیا اور انگلینڈ کی ٹیموں کے درمیان پہلا ٹیسٹ میچ 21 نومبر سے پرتھ میں کھیلا جائے گا۔

انگلینڈ کے بلے باز جو روٹ اپنے ٹور میچ میں شاٹ لگا رہے ہیں

بنگلادیش میں پاکستانی سفیر کا قومی ہاکی ٹیم کے اعزاز میں ظہرانہ

قومی ٹیم نے بنگلادیش کے خلاف بہترین کھیل پیش کیا، پاکستانی سفیر عمران حیدر

ڈھاکہ (آئی این پی) بنگلادیش میں متعین پاکستان کے سفیر عمران حیدر نے کہا ہے کہ قومی ہاکی ٹیم نے بنگلہ دیش کی ہاکی ٹیم کے خلاف شاندار کارکردگی اور کامیابی حاصل کر کے ایک نئی تاریخ رقم کی ہے۔ ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز ڈھاکہ میں موجود پاکستانی سفارت خانے میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر قومی ٹیم مینیجر اولمپئن محمد عثمان شیخ، کوچ اولمپئن ذیشان اشرف، قومی ٹیم کے کپتان عماد بٹ سمیت دیگر آفیشلز و کھلاڑی بھی موجود تھے۔ پاکستانی سفیر عمران حیدر نے قومی ٹیم کو ورلڈکپ کوالیفائنگ راؤنڈ کیلئے کوالیفائی کرنے پر مبارکباد پیش کی۔

ضلع قلعہ عبداللہ، گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری اسکول میزئی اڈہ میں سالانہ سپورٹس ویک

کھیل نوجوانوں میں نظم وضبط، برداشت اور ٹیم ورک کا درس دیتے ہیں، ناصر مسیزئی

نمایاں کھیلوں میں فٹبال، والی بال، رسہ کشی، ریس، تھری ٹانگ گیم اور دیگر دلچسپ مقابلے شامل تھے

قلعہ عبداللہ (یو این اے) گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری اسکول میزئی اڈہ میں سپورٹس انچارج ناصر خان مسیزئی کی نگرانی میں جاری سالانہ سپورٹس ویک 2025 کا شاندار اور رنگا رنگ فائنل آج منعقد ہوا۔ پورا میدان طلبا کے جوش، نعروں اور کھیلوں کے جذبے سے گونجتا رہا۔ فائنل میں نمایاں کھیلوں میں فٹبال، والی بال، رسہ کشی، ریس، تھری ٹانگ گیم اور دیگر دلچسپ مقابلے شامل تھے، جن میں طلبا نے شاندار مہارت کا مظاہرہ کیا اور تماشائیوں سے داد وصول کی۔ تقریب کے مہمان خصوصی یوتھ آرگنائزیشن بلوچستان کے صدر حمید اللہ خان کاکڑ تھے۔ اس کے علاوہ ڈی ای او ضلع یوسف زرکون، ترقی فاؤنڈیشن کے نمائندہ نور خان کاکڑ، اساتذہ کرام اور اسکول سٹاف نے بھی بھرپور شرکت کی۔ مہمانان خصوصی نے کامیاب طلبا اور ونرٹیموں میں انعامات، ٹرافیاں اور میڈلز تقسیم کیے۔ خطاب کے دوران مقررین نے کہا کہ کھیل نوجوانوں میں نظم وضبط، برداشت اور ٹیم ورک کا درس دیتے ہیں، صحت مند سرگرمیاں معاشرے میں مثبت تبدیلی کی بنیاد رکھتی ہیں اور ایسے مقابلے طلبا کے اعتماد اور ٹیلنٹ کو اجاگر کرتے ہیں۔ انہوں نے وعدہ کیا کہ مستقبل میں کھیلوں کے مزید مواقع فراہم کیے جائیں گے تاکہ نوجوان اپنی صلاحیتوں کو بہتر انداز میں پیش کر سکیں۔

وزیراعظم کی قومی ٹیم کو سیریز جیتنے پر مبارکباد، سری لنکن کھلاڑیوں کا بھی شکریہ

چیئرمین پی سی بی کی کاوشوں کو سراہتا ہوں، سری لنکن کھلاڑیوں کی سیریز میں شرکت دونوں قوموں کے درمیان پائیدار دوستی کی عکاسی کرتی ہے، شہباز شریف

پاکستان نے سری لنکا کے خلاف دوسرے ون ڈے میں 8 وکٹوں سے فتح حاصل کر کے تین میچز کی سیریز میں 0-2 کی ناقابل شکست برتری حاصل کر لی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے قومی ٹیم کو سری لنکا کے خلاف ون ڈے سیریز جیتنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سری لنکا کا شکر گزار ہوں، شرکت ایک بار پھر ہماری دونوں قوموں کے درمیان پائیدار دوستی کی عکاسی کرتی ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری تہنیتی پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ میں سری لنکا کے خلاف ون ڈے سیریز جیتنے پر اپنی قومی ٹیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میں چیئرمین پی سی بی محسن نقوی اور ان کی پوری ٹیم کی شاندار کاوشوں کو سراہتا ہوں، یہ کرکٹ کے متحد جذبے کا شاندار مظاہرہ تھا۔ وزیراعظم نے کہا کہ میں سری لنکن کھلاڑیوں اور انتظامیہ کا خصوصی شکریہ ادا کرتا ہوں۔ ان کی شرکت ایک بار پھر ہماری دونوں قوموں کے درمیان پائیدار دوستی کی عکاسی کرتی ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان نے سری لنکا کے خلاف دوسرے ون ڈے میں 8 وکٹوں سے فتح حاصل کر کے تین میچز کی سیریز میں 0-2 کی ناقابل شکست برتری حاصل کر لی ہے۔

سری لنکا کی ٹیم کے کھلاڑیوں اور مینجمنٹ کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کرتا ہوں، محسن نقوی

چیئرمین پی سی بی نے ویلڈن گرین شرٹس، اس کے ساتھ ہی چیئرمین پی سی بی نے تھینک یو سری لنکا بھی کہا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے چیئرمین محسن نقوی کا کہنا ہے کہ سری لنکا کی ٹیم کے کھلاڑیوں اور مینجمنٹ کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کرتا ہوں۔ محسن نقوی نے سری لنکا کیخلاف ون ڈے سیریز جیتنے پر قومی ٹیم کو مبارکباد دی دینے کے ساتھ پاکستانی ٹیم کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ویلڈن گرین شرٹس، اس کے ساتھ ہی چیئرمین پی سی بی نے تھینک یو سری لنکا بھی کہا۔ چیئرمین پی سی بی نے کہا کہ آج پرامن پاکستان کے ساتھ ہمارے مخلص دوست سری لنکا اور کرکٹ کی بھی جیت ہوئی ہے، شائقین کرکٹ نے سری لنکن ٹیم کو پوری طرح سپورٹ کیا۔

وبھو سوریا ونشی نے 32 گیندوں پر سنچری جڑ کر بڑے برج الٹ دیے

جے پور (این این آئی) بھارت کے نوجوان بیٹر وبھو سوریا ونشی نے ایشیا کپ رائزنگ اسٹارز میں 32 گیندوں پر سنچری جڑ دی۔ بھارت کے نوجوان بیٹر وبھو سوریا ونشی نے ویسٹ اینڈ پارک کرکٹ اسٹیڈیم میں یو اے ای کے خلاف ایشیا کپ رائزنگ اسٹار کے میچ میں 32 گیندوں پر شاندار سنچری بنا کر کئی بڑے ریکارڈ اپنے نام کر لیے۔ 14 سالہ سوریا ونشی آئی پی ایل میں راجستھان رائلز سے کھیلتے ہوئے 35 گیندوں پر سنچری بنا کر مشہور ہوئے تھے۔ اب یو اے ای کے خلاف میچ میں وبھو سوریا ونشی نے 32 گیندوں پر دوسری ٹی 20 سنچری بنائی جو مختصر فارمیٹ میں کسی بھارتی بیٹر کی دوسری تیز ترین سنچری ہے۔ ابھیشیک شرما کے پاس ٹی 20 میں تیز ترین سنچری بنانے کا ریکارڈ ہے انہوں نے گزشتہ سال سید مشتاق علی ٹرافی میں پنجاب کی نمائندگی کرتے ہوئے صرف 28 گیندوں پر سنچری جڑی تھی۔

فاسٹ بولر کگیسو ربادا پسلی میں انجری کے باعث ایڈن گارڈنز میں بھارت کے خلاف پہلے ٹیسٹ سے باہر ہوئے

ایڈن گارڈنز (این این آئی) جنوبی افریقہ کے اسٹار فاسٹ بولر کگیسو ربادا بھارت میں ٹیم کے ابتدائی تربیتی سیشن کے دوران پسلی میں انجری کے باعث ایڈن گارڈنز میں کھیلے جانے والے بھارت کے خلاف پہلے ٹیسٹ سے باہر ہو گئے ہیں۔ آئندہ ہفتے گوہاٹی میں شیڈول دوسرے ٹیسٹ میچ میں بھی ان کی شرکت غیر یقینی ہے۔ ربادا اسکین کروایا ہے۔ ربادا نے آج ٹیسٹ شروع ہونے سے قبل فٹنس ٹیسٹ میں شرکت کی لیکن انہیں تکلیف کا سامنا کرنا پڑا جس کی وجہ سے انہیں میچ سے باہر کرنے کا فیصلہ تاخیر سے کیا گیا۔ ان کی جگہ کوربن بوش کو پلینگ الیون میں شامل کیا گیا ہے۔ کوربن بوش پاکستان میں جنوبی افریقہ کے اسکواڈ کا بھی حصہ تھے، وہ سیریز کے طور پر مارکو جانسن اور ویان مولڈر کو جوائن کریں گے۔ جنوبی افریقہ کی ٹیم بھارت سے ٹیسٹ سیریز کے بعد تین ون ڈے اور 5 ٹی 20 میچز کی سیریز بھی کھیلے گی۔

بابر اعظم کا بہت بڑا فین ہوں، سری لنکن بلے باز سدھیرا اسمارا وکرما

بدقسمتی سے ہم نے کچھ ڈراپ کیے جس کے باعث میچ میں کامیابی نہ مل سکی، سمارا وکرما، گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) سری لنکن بلے باز سدھیرا سمارا وکرما نے بابر اعظم کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ بابر اعظم کا بہت بڑا فین ہوں، انہوں نے اچھی سنچری اسکور کی۔ راولپنڈی میں پاک سری لنکا ون ڈے سیریز کے دوسرے میچ کے اختتام پر گفتگو میں سدھیرا سمارا وکرما نے کہا کہ 2019 میں بھی کھیلا تھا، اور اب بھی کھیلنا اچھا لگا۔ انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی انتظامات بہت اچھے تھے ہم نے نہایت محفوظ ماحول میں کرکٹ کھیلی۔ سدھیرا سمارا وکرما نے کہا کہ پہلے ہاف میں وکٹ اسپنرز کے لیے بہتر رہی، ابرار اور نواز نے اچھی بولنگ کی۔ ان کا کہنا تھا کہ بدقسمتی سے ہم نے کچھ ڈراپ کیے جس کے باعث میچ میں کامیابی نہ مل سکی۔

امریکا، جم ٹیچر کا تھری۔پوائنٹر شاٹس کا گینیز ورلڈ ریکارڈ

راین مارٹن نے باسکٹ بال کورٹ میں 1516 تھری۔پوائنٹر شاٹس اسکور کر کے گینیز ورلڈ ریکارڈ قائم کیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں ہائی اسکول کے ایک جم ٹیچر نے باسکٹ بال کورٹ میں 1516 تھری۔پوائنٹر شاٹ اسکور کر کے گینیز ورلڈ ریکارڈ قائم کر دیا۔ امریکی ریاست مین سے تعلق رکھنے والے راین مارٹن نے ایک گھنٹے میں 1683 تھری۔پوائنٹر شاٹس کی کوشش کی جس میں سے 1516 کامیابی کے ساتھ باسکٹ میں گئے۔ راین کا مقصد 1372 شاٹس اسکور کرنا تھا لیکن انہوں نے 145 شاٹس زیادہ اسکور کیے۔ یہ ان کا تیسرا گینیز ورلڈ ریکارڈ ہے۔

انٹر کلاسز گرلز سپورٹس فیسٹیول کے اختتامی تقریب کے انعامات کے موقع پر مہمان خاص دین محمد مکسی کو بدوہ جوائنٹ سپورٹس پروموشن کمیٹی کے عہدے دار عبداللہ رند شیلڈ دے رہے ہیں اس موقع پر محمد سلیم بلوچ سید طیب شاہ ماما منیر مینگل اور عزیز لانگو بھی موجود ہے

جنوبی افریقن کپتان کی توہین بھارتی باؤلر بمراہ کو معطل کیے جانے کا امکان

یہ واقعہ آرٹیکل 2.13 کے تحت آتا ہے اگر بمراہ قصوروار ثابت ہوئے تو انہیں سخت سزا کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، کرکٹ کی معروف ویب سائٹ وسڈن

لیول 2 کی خلاف ورزی کی صورت میں کھلاڑی کی میچ فیس کا 50 سے 100 فیصد تک جرمانہ کیا جا سکتا، کھلاڑی کو 2 میچوں کے لیے معطل بھی کیا جا سکتا ہے

نئی دہلی (این این آئی) جنوبی افریقہ کے کپتان ٹیمبا باووما کی توہین کرنے پر بھارتی کھلاڑی مشکل میں پھنس گئے۔ جنوبی افریقی کپتان ٹیمبا باووما کے ایل بی ڈبلیو کی اپیل کے بعد ری ویو کے حوالے سے بات کرتے ہوئے بھارت کے فاسٹ باؤلر بمراہ نے ٹیمبا باووما کو بونا کہا اور اس کی تائید وکٹ کیپر نے بھی کی۔ کرکٹ کی معروف ویب سائٹ وسڈن کا کہنا ہے کہ جسپریت بمراہ کے خلاف آئی سی سی کے ضابطہ اخلاق کے زمرے میں کارروائی ہو سکتی ہے۔ یہ واقعہ آرٹیکل 2.13 کے تحت آتا ہے اگر بمراہ قصوروار ثابت ہوئے تو انہیں سخت سزا کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، آرٹیکل کے مطابق لیول 2 کی خلاف ورزی کی صورت میں کھلاڑی کی میچ فیس کا 50 سے 100 فیصد تک جرمانہ کیا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ کھلاڑی کو 2 میچوں کے لیے معطل بھی کیا جا سکتا ہے، معاملے کا حتمی فیصلہ مکمل طور پر میچ ریفری کی تشریح پر منحصر ہے، اگر یہ تسلیم کر لیا جاتا ہے کہ جسپریت کا تبصرہ باووما کے قد کی بجائے گیند کی اونچائی کے تناظر میں کیا گیا تھا نہ کہ ذاتی توہین کے طور پر تو انہیں ریلیف ملنے کا امکان ہے۔ دوسری صورت میں انہیں سزا کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

افغانستان کے ساتھ حالیہ میچ میں غلطیاں ہوئیں، قومی فٹبالر اعتزاز حسین

اسلام آباد (این این آئی) قومی فٹ بال ٹیم کے کھلاڑی اعتزاز حسین نے کہا ہے کہ افغانستان کے ساتھ حالیہ میچ میں غلطیاں ہوئیں، جن سے سیکھ رہے ہیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو میں اعتزاز حسین نے کہا کہ قومی فٹبال ٹیم بہتری کی طرف جاری ہے، پرفارمنس بہتر ہو رہی ہے۔

تیسری نیشنل سٹوڈنٹس اولمپک گیمز 31 جنوری سے اسلام آباد میں شروع ہوگی

گیمز میں ملک بھر سے تعلیمی اداروں یونیورسٹیز، کالجز اور سکولز کے چار ہزار سے زائد طلبا و طالبات حصہ لیں گے

اسلام آباد (یو این پی) تیسری نیشنل سٹوڈنٹس اولمپک گیمز 31 جنوری سے اسلام آباد میں شروع ہوگی۔ سٹی سکول جنرل ٹرافی کا دفاع کرے گا۔ پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر مقبول آرائیں نے بتایا کہ گیمز کی تیاریاں ابھی سے شروع کر دی گئی ہیں اور گیمز میں 19 کھیلوں کے مقابلے رکھے گئے ہیں جن میں ایتھلیٹکس، آرچری، بیڈمنٹن، باسکٹ بال، کیچ بال، کرکٹ، سائیکلنگ، چیس (شطرنج)، فٹ سال، فٹنس، جمناسٹک، روپ سکیپنگ، سکیٹنگ، پیڈل، پکل بال، ٹیبل ٹینس، تھرو بال، رسہ کشی اور والی بال کے کھیل شامل ہیں۔

تیسری قمر زمان جونیئر نیشنل سکواش چیمپئن شپ 19 نومبر سے پشاور میں شروع ہوگی

چیمپئن شپ کی تیاریاں ابھی سے شروع کر دی گئی ہیں اور چیمپئن شپ میں ملک بھر سے لڑکے اور لڑکیاں حصہ لیں گی

اسلام آباد (یو این پی) خیبر پختونخوا سکواش ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام تیسری قمر زمان جونیئر نیشنل سکواش چیمپئن شپ 19 نومبر سے پشاور میں شروع ہوگی۔ خیبر پختونخوا سکواش ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری سابق ایشین چیمپئن منصور زمان نے بتایا کہ چیمپئن شپ کی تیاریاں ابھی سے شروع کر دی گئی ہیں اور چیمپئن شپ میں ملک بھر سے لڑکے اور لڑکیاں حصہ لیں گی۔ چیمپئن شپ میں مختلف پانچ لڑکوں کی ایج کیٹگریز اور دو لڑکیوں کی ایج کیٹگریز کے مقابلے رکھے گئے ہیں۔

اسلامی یکجہتی گیمز، اولمپک گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم کل ایکشن میں نظر آئیں گے

ان کے ہمراہ دوسرے قومی ایتھلیٹ یاسر سلطان بھی جیولین تھرو ایونٹ میں قسمت آزمائی کریں گے

ریاض (آئی این پی) سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض میں جاری چھٹے اسلامی یکجہتی گیمز میں اولمپک گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم کل (پیر) کو ایکشن میں ہوں گے، ان کے ہمراہ دوسرے قومی ایتھلیٹ یاسر سلطان بھی جیولین تھرو ایونٹ میں قسمت آزمائی کریں گے۔ قوی امکان ہے کہ اولمپئن ارشد ندیم پہلی پوزیشن حاصل کر کے پاکستان کے لئے گولڈ میڈل جیتنے میں کامیاب رہیں گے جبکہ یاسر سلطان سے بھی اچھی توقعات وابستہ ہیں۔ دونوں قومی ایتھلیٹس اپنے کوچ سلمان بٹ کے ہمراہ پاکستان سے سعودی عرب پہنچ چکے ہیں اور ایونٹ میں شرکت کی بھرپور تیاریاں کر رہے ہیں۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ ریاض میں جاری چھٹے اسلامی یکجہتی گیمز میں پاکستان اب تک 2 میڈلز اپنے نام کر چکا ہے، فاطمہ زہرا نے خواتین باکسنگ کی 60 کلوگرام کیٹگری میں سیمی فائنل کھیل کر برانز میڈل حاصل کیا جبکہ مردوں کی باکسنگ میں 55 کلوگرام کے ایونٹ میں قدرت اللہ برانز میڈل حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے۔ پاکستان کی عروشہ سعید نے تماشائی کھیل کراش میں برانز میڈل جیتا مگر یہ ریکارڈ کا حصہ نہیں ہوگا۔

بابر اعظم نے سنچری بنا کر ویرات کوہلی کا ان چاہا ریکارڈ برابر کر دیا

بابر نے 2 سال 2 ماہ اور 15 دن کے طویل وقفے کے بعد سنچری اسکور کی، انہوں نے آخری سنچری 30 اگست 2023 کو بنائی تھی

لاہور (یو این پی) پاکستان کے اسٹار بلے باز بابر اعظم نے بالآخر اپنی طویل سنچری خشک سالی ختم کر دی، راولپنڈی میں سری لنکا کے خلاف میچ میں انہوں نے شاندار بیٹنگ کرتے ہوئے 83 اننگز بعد شاندار سنچری بنائی، بابر اعظم نے 2 سال 2 ماہ اور 15 دن کے طویل وقفے کے بعد کم بیک کیا، آخری سنچری 30 اگست 2023ء کو بنائی تھی۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ بابر اعظم کے 83 اننگز تک سنچری نہ بنانے کا یہ سلسلہ بالکل ویسا ہی ہے جیسا بھارت کے اسٹار بلے باز ویرات کوہلی نے 2019ء سے 2022ء کے دوران جھیلا تھا۔ کوہلی نے بھی ٹھیک 83 اننگز بعد اپنی خشک سالی ختم کی تھی، جب انہوں نے دبئی میں افغانستان کے خلاف سنچری بنائی۔ دونوں کھلاڑیوں کی جانب سے برابر تعداد کی اننگز کے بعد سنچری بنانا شائقین کے لیے ایک دلچسپ اتفاق بن گیا ہے۔ گزشتہ روز راولپنڈی میں کھیلے گئے میچ میں بابر اعظم نے 102 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی اور ٹیم کو ون ڈے سیریز جتوانے میں اہم کردار ادا کیا، بابر نے بھرپور اعتماد کے ساتھ بیٹنگ کی۔

پی ایس ایل بڑی اور بہتر ہونے والی ہے محسن نقوی نے خوشخبری سنا دی

بڈز طلب کر لی گئی ہیں پی ایس ایل کی نئی فرنچائزز کے حیدرآباد، سیالکوٹ، مظفرآباد، فیصل آباد، گلگت اور راولپنڈی میں سے نام رکھے جا سکیں گے

دو نئی ٹیموں کی فروخت کا عمل شروع کر دیا گیا، پی ایس ایل میں دو نئے خواب سچ ہونے کا وقت آ گیا ہے چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کا پیغام

لاہور: (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے خوشخبری سناتے ہوئے کہا کہ پاکستان سپر لیگ بڑی اور بہتر ہونے والی ہے۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں محسن نقوی نے کہا کہ دو نئی ٹیموں کی فروخت کا عمل شروع کر دیا گیا، پی ایس ایل میں دو نئے خواب سچ ہونے کا وقت آ گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی سی بی نے دو نئی ٹیموں کے فرنچائز حقوق فروخت کرنے کے لیے بڈز طلب کر لیں، ٹیکنیکل پروپوزلز جمع کرانے کی آخری تاریخ 15 دسمبر ہے۔ ذرائع کے مطابق پی ایس ایل کی نئی فرنچائزز کے حیدرآباد، سیالکوٹ، مظفرآباد، فیصل آباد، گلگت اور راولپنڈی میں سے نام رکھے جا سکیں گے۔

ملتان سلطانز کو پی سی بی کی جانب سے نیا پی ایس ایل کنٹریکٹ نہ ملنے کا انکشاف

ملتان (این این آئی) پاکستان سپر لیگ کی فرنچائز ملتان سلطانز مینجمنٹ کو پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کی جانب سے نیا پی ایس ایل کنٹریکٹ نہ ملنے کا انکشاف ہوا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ملتان سلطانز کو نیا پی ایس ایل کنٹریکٹ نہ ملنے کا انکشاف ہوا ہے، ذرائع نے بتایا کہ ملتان سلطانز کمپلائنس پالیسی پر پورا نہیں اتری۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے بقیہ 5 فرنچائزز (کراچی کنگز، پشاور زلمی، اسلام آباد یونائیٹڈ، کوئٹہ گلیڈی ایٹرز اور لاہور قلندرز) کو کنٹریکٹ آفر کیے گئے ہیں۔ پی سی بی کی جانب سے تمام فرنچائزز کو ملے شدہ ویلیو کے مطابق 25 فیصد اضافے کے ساتھ کنٹریکٹ آفر کیے گئے اور انہیں کنٹریکٹ سائن کرنے کیلئے 10 دن کا وقت دیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ ملتان سلطانز کے مالک علی ترین نے مینجمنٹ کے خلاف بیان بازی کی تھی اور علی ترین نے پی سی بی کا لیگل نوٹس بھی پھاڑ دیا تھا۔

فلسطینی قومی فٹبال ٹیم اسپین میں خیراتی میچز کے لیے تیار

فلسطین کے لیے آزادی اور تحفظ کی کوشش جاری ہیں، ایہاب ابو جزار کا پیغام

بلباو (آن لائن) فلسطینی قومی فٹبال ٹیم کے کوچ ایہاب ابو جزار اور ان کے کھلاڑی اسپین میں ایک خیراتی اور علامتی میچ کے لیے تیار ہیں، جہاں وہ باسک کنٹری اور کیٹالان قومی ٹیموں کے خلاف کھیلیں گے۔ اس اقدام کا مقصد فلسطینی عوام کے لیے حفاظت اور آزادی کے لیے شعور بیدار کرنا ہے۔ لیزاما، اتھلیٹک بلباو کے ٹریننگ گراؤنڈ میں کوچ ابو جزار نے اپنی ٹیم کی تربیت کی قیادت کی، جس میں کھلاڑیوں کو اتوار کے دن 50,000 شائقین کے سامنے سان مامیز اسٹیڈیم میں کھیلنے کی تیاری کروائی گئی۔

بابر اعظم نے جاوید میانداد، جے سوریا، ویوین رچرڈز کو پیچھے چھوڑ دیا

بابر نے سری لنکا کے خلاف سیریز کے دوسرے ون ڈے میچ میں 118 گیندوں پر سنچری مکمل کی، جس میں 8 چوکے شامل تھے

راولپنڈی (یو این پی) بابر اعظم ایک ہی میچ میں عظیم کرکٹرز سر ویوین رچرڈز، جاوید میانداد، سعید انور، برائن لارا، جے وردھنے اور جو روٹ کو پیچھے چھوڑ دیا۔ پاکستان کے ریکارڈ ساز بلے باز اور سابق کپتان بابر اعظم کی ون ڈے کرکٹ میں طویل عرصے سے روٹھی فارم واپس آ گئی اور فارم کی واپسی کے ساتھ ہی انہوں نے ایک ہی میچ کی ریکارڈ ساز اننگز میں دنیائے کرکٹ کے بڑے بڑے ناموں کو پیچھے چھوڑ دیا۔ بابر اعظم نے سری لنکا کے خلاف سیریز کے دوسرے ون ڈے میچ میں 118 گیندوں پر سنچری مکمل کی۔

بقیہ 1 وزیراعظم

کے لیے اہم کردار کا اعتراف کیا۔ ملاقات کے دوران، پاکستان اور اردن کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کے لیے مفاہمتی یادداشتوں (MoUs) کا تبادلہ بھی کیا گیا۔ ان شعبوں میں میڈیا، ثقافت اور تعلیم شامل ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے شاہ عبداللہ دوئم اور ان کے وفد کے اعزاز میں عشائیہ بھی دیا، جس میں دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ ملاقات میں نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، چیف آف آرمی سٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ، وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک اور دیگر اعلیٰ سرکاری افسران بھی موجود تھے

بقیہ 2 پاکستان

زیر غور ہے۔ یہ قرارداد امریکا نے کونسل کے ارکان اور خطے کے شراکت داروں سے مشاورت کے بعد تیار کی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ 29 ستمبر کو اعلان کردہ غزہ تنازع کے خاتمے کے لیے تاریخی جامع منصوبہ اس قرارداد میں شامل ہے اور شرم الشیخ میں اس کی توثیق اور پذیرائی کی گئی۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ ہم یہ بیان ان ممالک کے طور پر جاری کر رہے ہیں، جنہوں نے ہائی لیول ویک کے دوران اس عمل کی ابتدا کی، ایک ایسا عمل جو فلسطینیوں کے حق خودارادیت اور ریاست کے قیام کا راستہ فراہم کرتا ہے۔ بیان اس عمل کی توثیق کرتا ہے جو فلسطینی خودارادیت اور ریاست کی راہ ہموار کرتا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ ہم واضح کرتے ہیں کہ یہ ایک مخلصانہ کوشش ہے اور یہ منصوبہ نہ صرف اسرائیلیوں اور فلسطینیوں کے درمیان بلکہ پورے خطے کے لیے امن اور استحکام کا قابل عمل راستہ پیش کرتا ہے۔ ممالک نے امید ظاہر کی کہ سلامتی کونسل اس قرارداد کو جلد منظور کرے گی۔ امریکا نے اس سے قبل اپنے ایک بیان میں سلامتی کونسل پر زور دیا تھا کہ وہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے غزہ امن منصوبے کو مضبوط بنانے کے لیے تیار کی جانے والی امریکی قرارداد کی باقاعدہ توثیق کرے اور خبردار کیا تھا کہ غزہ میں جنگ بندی 'کمزور' ہے۔ امریکی اپیل کے ساتھ ہی روس نے سلامتی کونسل کے اجلاس میں غزہ پر اپنی علیحدہ قرارداد پیش کر دی، جس سے براہ راست امریکی مسودے کو چیلنج کیا گیا ہے۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور مصر کے وزیر خارجہ کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ ہوا، جس میں غزہ میں امن کی کوششوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحٰق ڈار اور مصر کے وزیر خارجہ بدر عبدالعاطی کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے بتایا کہ مصر کے وزیر خارجہ نے پاکستان میں حالیہ دہشت گردی کے حملوں میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر تعزیت کا اظہار کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں رہنماؤں

مشاورت کا رنگ غالب ہونے کی شکایت پیدا ہوئی تھی، بشریٰ بی بی کے روحانی اثر کے نتیجے میں عمران خان اپنے اعلان کردہ اصلاحاتی ایجنڈے کو نافذ کرنے میں ناکام رہے۔ بعض مبصرین کے حوالے سے رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ حساس ادارے کے کچھ افراد مبینہ طور پر ایسی معلومات بشریٰ بی بی تک پہنچاتے تھے، جنہیں وہ عمران خان کے سامنے اپنی روحانی بصیرت سے حاصل معلومات کے طور پر پیش کرتی تھیں۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ پاکستان کے حساس ادارے کی بشریٰ بی بی میں دلچسپی کی پہلی علامت ان کی عمران خان کے ساتھ خفیہ شادی کے فوراً بعد سامنے آئی۔ دی اکانومسٹ کی رپورٹ کے مطابق اگرچہ انٹر سروسز انٹیلی جنس (آئی ایس آئی) نے یہ رشتہ نہیں کروایا تھا تاہم ایسے اشارے ضرور موجود تھے کہ ادارہ اس تعلق سے فائدہ اٹھا رہا تھا۔ پاکستانی میڈیا میں گردش کرنے والی ایک کہانی کے مطابق سابق انٹیلی جنس سربراہ جنرل فیض حمید نے بشریٰ بی بی کو نہایت باریک مگر مؤثر طریقے سے استعمال کیا۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ حساس ادارہ اپنے ایک افسر کے ذریعے آئندہ ہونے والے واقعات کی معلومات بشریٰ بی بی کے کسی پیر تک پہنچاتا جو آگے بشریٰ بی بی تک منتقل کرتا اور یہ انفارمیشن بشریٰ بی بی عمران خان کے سامنے اپنی روحانی بصیرت سے حاصل معلومات کے طور پر پیش کرتی تھیں، جب وہ پیش گوئیاں درست ثابت ہوتیں تو عمران خان کا اپنی اہلیہ کی بصیرت پر یقین مزید پختہ ہو جاتا تھا۔ دوسری جانب دی اکانومسٹ کی خصوصی رپورٹ کی شریک مصنفہ بشریٰ تسکین نے پاکستان کے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ پہلے بھی بشریٰ بی بی کے جادو ٹونے پر رپورٹنگ ہوتی رہی ہے تاہم ہم نے اس پر کام شروع کیا تو ہمارے لیے بہت ساری معلومات حیران کن تھیں، سب سے زیادہ بشریٰ بی بی کا روحانی بصیرت کا لبادہ جو اوڑھا ہوا تھا اور عمران خان کو جس طرح انہوں نے کنٹرول کیا تو اس کے نتیجے میں ملک کا جو حال ہوا وہ سب کے سامنے ہے۔ ایک سوال کے جواب میں سینئر صحافی نے کہا کہ عمران خان کے سیاسی وعدے صرف باتوں کی حد تک تھے، ہم نے اس میں سے کسی ایک پر بھی عمل ہوتے نہیں دیکھا، ہم نے ان کی پارٹی کے سینئر ممبران، ان کی کابینہ میں شامل وزراء، ان کے اراکین پارلیمنٹ سمیت درجنوں افراد سے رابطہ کیا تو اکثریت نے اعتراف کیا کہ عمران خان کی ناکامی کی وجوہات اسٹیبلشمنٹ کے عنصر کے بجائے انتظامی تھیں۔ کالے جادو اور سیاست میں مداخلت سے متعلق سوال پر صحافی بشریٰ تسکین کا نے کہا کہ اگر آپ کو یاد ہو کہ جب بشریٰ بی بی کی شادی ہوئی تھی تو ہم نے ایک نوٹ کیا تھا، جس میں کالے جادو کا تذکرہ تھا لیکن بین الاقوامی میڈیا نے اس معاملے کو اس طرح سے رپورٹ نہیں کیا۔ انہوں نے بتایا کہ جب ہم نے

ججز زیادہ سنیں، کم مداخلت کریں، عوامی مفاد کو ترجیح دیں، خواجہ آصف

ججز کے تقرر میں احتیاط برتی جائے، ذاتی مفاد کے لیے قانون کی غلط تشریح قبول نہیں، وزیر دفاع

ایسے ججز اگر سیاست میں دلچسپی رکھتے ہیں تو انہیں عدالت چھوڑ کر سیاست کرنی چاہیے، بیان

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ ججز کے تقرر میں احتیاط برتی جائے تو ریاست کے اس اہم ستون کی ساکھ متاثر ہوتی ہے، جس سے عدلیہ پر عوام کا اعتماد کمزور ہوتا ہے۔ انہوں نے خاص طور پر ایسے ججز کی تنقید کی جو "صرف عوامی سطح پر پروفائل بڑھانے یا ذاتی مفاد کے لیے فیصلے کرتے ہیں۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس" پر بیان دیتے ہوئے وزیر دفاع نے کہا کہ ایسے ججز اگر سیاست میں دلچسپی رکھتے ہیں تو انہیں عدالت چھوڑ کر سیاست کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ججز کو سالوں تک اسٹے آرڈرز جاری کرنے اور بعد ......

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

ڈھاکہ: جمعیت کے سربراہ مولانا فضل الرحمن عالمی ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

شادی پر پابندی بل ہر بچے کی حفاظت یقینی بنانے کی جانب اہم قدم

یہ بل نوجوانوں کے مستقبل کیلئے سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے، سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری

کوئٹہ (یو این اے) چیئرپرسن سینیٹ اسٹینڈنگ کمیٹی برائے انسانی حقوق سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا ہے کہ بلوچستان اسمبلی میں بچوں کی شادی پر پابندی کا بل 2025 منظور ہونے پر انہیں فخر ہے۔ سینیٹر ثمینہ زہری نے بتایا کہ یہ قانون ہر بچے کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لئے انتہائی ضروری ہے۔ بل میں بچوں کی شادی میں ملوث افراد کیلئے سخت سزائیں ر......

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

بلدیاتی انتخابات سے قبل ہی بندر بانٹ ہوچکی ہے، قاری مہر اللہ

بلدیاتی انتخابات پر سیاسی جماعتوں کے تحفظات اور خدشات کا ازالہ نہیں کیا گیا، رہنما، جمعیت نظریاتی

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ، جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی، مولانا نیاز محمد، آغا ابراہیم شاہ، مولانا اللہ بخش، مولانا محمد ابراہیم، حاجی نادر خان اچکزئی نے کہا کہ کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات سے قبل بندر بانٹ ہوچکی ہے بلدیاتی انتخابات کے انعقاد سے قومی خزانہ کو برباد نہ کرے بلدیاتی انتخابات پر سیاسی ......

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

لیویز فورس دکی کی کارروائی پوست کی کاشت تلف

ایک غیر قانونی بور ناکارہ، متعدد سولر پینلز ضبط 3 افغان باشندے گرفتار

دکی (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور ڈپٹی کمشنر دکی محمد نعیم خان کی خصوصی ہدایات پر لیویز فورس نے تحصیل لونی، موضع تکی میں منشیات کے خاتمے، غیر قانونی بورنگ، افغان باشندوں اور پوست کی کاشت کے خلاف موثر کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران ایک غیر قانونی بور ناکارہ، متعدد سولر پلیٹس ضبط، جبکہ تین غیر قانونی افغان ......

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

دکی: ڈی سی محمد نعیم خان کی ہدایت پر لیویز فورس پوست کی فصل تلف کر رہی ہے

اسمبلیاں بوگس، نمائندے جعلی، انکو آئین میں ترمیم کا حق حاصل نہیں، نواب ایاز جوگیزئی

وطن دشمن ارادوں کا مقابلہ قومی اتحاد سے ممکن، سب کو عظیم جمہوری رہبر محمود خان اچکزئی کا ساتھ دینا ہوگا، مرکزی رہنما، پشتونخوا میپ

ہم اپنی سرزمین میں پائی جانے والی قیمتی معدنیات لوٹنے کی کسی صورت اجازت نہیں دیں گے

کوئٹہ (پ ر) ملک میں جمہوریت کا راستہ روکا جارہا ہے، پاکستان کے آئین میں آئے روز غیر جمہوری ترامیم جاری ہے ساری دنیا کو پتہ ہے یہ اسمبلیاں بوگس ہیں یہاں عوامی نمائندے نہیں، ان کو کسی ترمیم کا حق حاصل نہیں۔ آج ایک مرتبہ پھر جمہوری قوتوں کیلئے آخری امید کی کرن پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین اور تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی ہیں ہم نے عظیم جمہوری رہبر محترم محمود خان اچکزئی کا ساتھ دینا ہوگا اس ملک میں کئی دہائیوں سے جمہوریت کے علمبردار رہے ہیں، پشتونخوا وطن کو تاریخ کی اذیت ......

بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ انڈس ہسپتال کے تعاون سے طبی فضلے کی تلفی کیلئے ییلو ویسٹ ویسکلو کا افتتاح کر رہے ہیں

شادی بل این جی اوز کی خواہشات کی تکمیل کے سوا کچھ نہیں، جمعیت نظریاتی

سن بلوغت کیلئے 18 سال کی کوئی شرط اسلام نہ ہی پشتون بلوچ قومی روایات میں موجود ہے، مولانا عبدالقادر لونی، مفتی شفیع الدین

کم عمری کی شادی کے نام پر بل کی منظوری ناقابل قبول اسلامی اصولوں کے برخلاف ہے، مولانا محمود الحسن قاسمی، مولانا عبدالرؤف، عبدالستار شاہ چشتی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے بلوچستان اسمبلی میں 18 سال سے کم عمر افراد کی شادی بل کی منظوری کو مغربی یورپی این جی اوز کی خواہشات کی تکمیل قرار دیتے ہوئے کہا کہ اسلام نے بلوغت ہی کے بعد شادی کو جائز قرار دیا ہے اور مغربی یورپی دنیا کے این جی اوز کی ......

بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

پاک و اردن تعاون نئے عہد کا پروقار آغاز ہے، محمد عبدالقادر

بادشاہ شاہ عبداللہ دوم کی اہم اور تاریخی دورے پر پاکستان آمد غیر معمولی اہمیت کی حامل ہے، سینیٹر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ اردن کے بادشاہ شاہ عبداللہ دوم کی طویل عرصے بعد ایک اہم اور تاریخی دورے پر پاکستان آمد غیر معمولی اہمیت کی حامل ہے۔ یہ کئی برس بعد ......

بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

ہسپتالوں کے فضلہ جات کا انتظام بنیادی ضرورت ہے، بخت محمد کاکڑ

15 پیلی گاڑیاں ٹرانسپورٹ نہیں بلکہ ایک جامع ویسٹ مینجمنٹ فریم ورک ہے، صوبائی وزیر صحت

کوئٹہ (خ ن) انڈس ہسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک (IHHN) نے محکمہ صحت بلوچستان اور حکومت بلوچستان کے تعاون سے ایکسس میڈیکل ویسٹ مینجمنٹ کیلئے خصوصی ییلو ویسٹ گاڑیوں کا باضابطہ آغاز کر دیا ہے یہ اقدام IHHN کے قومی ایکسٹینشن ......

بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

بلدیاتی ادارے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، پیپلز پارٹی

بلدیاتی انتخابات میں بھرپور حصہ لیں گے کوئٹہ کا میئر پی پی کا جیالا ہوگا، لیاقت لہڑی، نورالدین کاکڑ

انتخابی عمل کی نگرانی کیلئے پارٹی نے ٹاؤنز کیلئے آرگنائزر کا اعلان کردیا، شاہجہان گجر، اختر بلوچ، اسد علی کاسی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے رہنماؤں نے کہا کہ جمہوریت میں بلدیاتی ادارے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات میں بھرپور حصہ لے گی اور انشاء اللہ کوئٹہ کا میئر پاکستان پیپلز پار......

بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

اسحاق ڈار اور اومانی وزیر خارجہ سید بدر بن حماد کا ٹیلیفونک رابطہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار اور اومانی وزیر خارجہ سید بدر بن حماد کا ٹیلیفونک رابطہ ہوا جس میں پاک اومان مشترکہ وزارتی کمیشن کا 8 واں اجلاس جلد منعقد کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے اومان کے قومی دن کے حوالے سے پیشگی مبارکباد دی۔ نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے پاک اومان برادرانہ تعلقات کو سراہا۔ ٹیلی ......

بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

امید ہے کہ سعودی عرب جلد ابراہیمی معاہدے میں شامل ہوجائے گا: امریکی صدر

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امید ہے کہ سعودی عرب جلد ابراہیمی معاہدے میں شامل ہوجائے گا۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایئرفورس ون میں صحافیوں سے گفتگو کی۔ اس دوران ایک صحافی نے ٹرمپ سے سوال کیا کہ آپ اگلے ہفتے سعودی ولی عہد سے ملاقات کرنے والے ہیں؟ ملاقات کے مقاصد کیا ہیں؟ اس پر امریکی ......

بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

دوسری بین الاقوامی آئل اینڈ گیس کانفرنس (کل) ہوگی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) دوسری بین الاقوامی آئل اینڈ گیس کانفرنس پاکستان 2025 (کل) پیر 17 نومبر 2025 کو اسلام آباد میں منعقد ہوگی، جس میں ملکی و غیر ملکی صنعت کے رہنما، پالیسی ساز اور ماہرین شرکت کریں گے۔ یہ کانفرنس اوگرا (آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی) اور او سی اے سی (آئل کمپنیاں ایڈوائزری کونسل) کی سرپرستی میں ہوگی، جو اس کی اہمیت کو بڑھاتی ہے اور ملکی ......

بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

بنگلہ دیش کا مسلمان ہو یا پاکستان کا، ایک قوم ایک امت ہے، مولانا فضل الرحمن

دو بھائی اپنے گھر میں جائداد تقسیم کر لیتے ہیں، اپنا اپنا گھر اور کاروبار بسا لیتے ہیں، ان کے بھائی چارے میں کوئی فرق نہیں آتا

علماء پاکستان کے برادر اسلامی عوام کا خیر سگالی کا پیغام بنگلہ دیش کے برادر مسلمانوں تک لے کر آئے ہیں، امیر جے یو آئی

ڈھاکہ (م ڈ) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ علماء پاکستان کے برادر اسلامی عوام کا خیر سگالی کا پیغام بنگلہ دیش کے برادر مسلمانوں تک لے کر آئے ہیں، دو بھائی اپنے گھر میں جائداد تقسیم کر لیتے ہیں، اپنا اپنا گھر اور کاروبار بسا لیتے ہیں، ان کے بھائی چارے میں کوئی فرق نہیں آتا، بنگلہ دیش کا مسلمان ہو یا پاکستان کا، وہ ایک مسلمان قوت ہے، ایک امت ہے، ایک جماعت ہے۔ ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تہہ دل سے شکر گزار ہوں کہ آپ نے بنگلہ دیش کے ......

بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

مرکزی جمعیت اہلحدیث کے سینئر نائب امیر مولانا ڈاکٹر علی محمد ابوتراب کو ڈاکٹر نصیر اختر شیلڈ دے رہے ہیں

خضدار، جعلی فیس بک اکاؤنٹ بنا کر مافیا عوام کو لوٹنے میں سرگرم

خضدار (آئی این پی) ضلع خضدار میں سائبر کرائم کا ایک سنگین واقعہ سامنے آیا گیا، جہاں آن لائن "دھوکہ باز" نے خضدار کے شہری ایم کے سالانی کے نام پر جعلی فیس بک آئی ڈی بنا کر ان کے سعودی عرب میں موجود دوست سے بینک اکاؤنٹ کے ......

بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت بھرپور طاقت کے ساتھ بلدیاتی میدان میں اترے گی، مولانا عبدالرحمان رفیق

جمعیت عوام کو دیانتدار نمائندے فراہم کرے گی، مجلس عاملہ کے اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی ضلعی مجلس عاملہ اور الیکشن کمیٹی کا اہم اور فیصلہ کن اجلاس ضلعی امیر مولانا عبدالرحمان رفیق کی صدارت میں منعقد ہوا اجلاس میں بلدیاتی انتخابات کی بھرپور تیاریوں، انتخابی مہم کی منظم حکمت عملی، اور ضلعی و ٹاؤن سطح پر نظم و ضبط کو مزید موثر بنانے کیلئے اہم فیصلے کئے گئے شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا ......

بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

کم عمری شادی سے متعلق بل کیخلاف عدالت سے رجوع کریں گے، اپوزیشن اراکین اسمبلی

بلوچستان اسمبلی میں منافی شریعت بل پاس کرنا شرمناک اور ناقابل قبول ہے، یونس عزیز زہری، زابد علی ریکی

حکومتی ممبران کا ڈھٹائی کے ساتھ بل پاس کرنا قابل مذمت، شادی سے متعلق یہ بل صریحاً قرآن و سنت کے خلاف ہے، غلام دستگیر بادینی، سید ظفر آغا

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام سے تعلق رکھنے والے اپوزیشن اراکین نے کہا کہ بلوچستان اسمبلی میں منافی شریعت بل پاس کرنا شرمناک اور ناقابل قبول ہے حکومتی ممبران کا ڈھٹائی کے ساتھ بل پاس کرنا قابل مذمت ہے شادی سے متعلق یہ بل صریحاً قرآن و سنت کے خلاف ہے جے یو آئی اس بل پر سخت ردعمل دے گی جلد اس بارے میں عدالت سے بھی رجوع کرینگے یہ بات اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری اپوزیشن اراکین میر زابد علی ریکی، میر غلام دستگیر بادینی، سردارزادہ سید ظفر آغا اور اصغر علی ترین نے اسمبلی اجلاس کے بعد میڈیا سے الگ ......

بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

ایس ایس پی کچھی کی گاڑی پر فائرنگ معجزانہ طور پر محفوظ رہے

ملزمان فرار ہونے میں کامیاب، پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کرکے سرچ آپریشن کا آغاز کر دیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ضلع کچھی ایس ایس پی کچھی کی گاڑی پر مسلح موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ ایس ایس پی سمیت پولیس اہلکار فائرنگ سے محفوظ جبکہ جوابی فائرنگ سے مسلح افراد فرار ہوگئے پولیس کے مطابق ایس ایس پی کچھی نے گزشتہ دنوں پولیس تھانہ حاجی شہر پر مسلح افراد کے حملے اور تھانہ و سرکاری ریکارڈ کو نذر آتش کرنے کے واقعہ پر ......

بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

سینٹرل جیل لاہور میں 2000 قیدیوں کیلئے بیرکس تیار

لاہور (بیورو رپورٹ) سینٹرل جیل لاہور میں چیئرمین ٹاسک فورس برائے جیل خانہ جات رانا منان خان اور سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے قیدیوں کیلئے نئی ڈبل سٹوری بیرکس کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر آئی جی جیل خانہ جات میاں فاروق نذیر، ایڈیشنل سیکرٹری پریزن رومان بورانہ، ڈی آئی جی ریجن محسن رفیق، جیل سپرنٹنڈنٹ اعجاز اصغر اور متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق کوٹ لکھپت جیل ......

بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

ژوب، پک اپ کی ٹکر سے نوجوان جاں بحق

وڈھ کا کاہیر میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے نوجوان نواب قتل

ژوب + خضدار (آن لائن) ژوب میں پک اپ کی ٹکر سے نوجوان جاں بحق تفصیلات کے مطابق ڈی آئی خان قومی شاہراہ پر مسافر ویگن اور ٹرالر میں تصادم کے نتیجے میں ویگن میں سوار دس افراد زخمی ہوگئے جبکہ پک اپ کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار وکیل خان جاں بحق ہوگیا دریں اثناء تحصیل وڈھ کے علاقے کاکاہیر میں نامعلوم افراد کی فائرنگ ایک نو ......

بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

تمبو، مسلح افراد کی لوٹ مار، پولٹری اونر کا منشی 3 لاکھ روپے سے محروم

واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس جائے وقوع پر پہنچ گئی، ملزمان کی تلاش جاری ہے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو کے علاقے بالان شاخ میں مسلح افراد کی لوٹ مار پولٹری اونر کے منشی سے تین لاکھ روپے نقدی موٹر سائیکل دو قیمتی موبائل فونز چھین کر فرار ہوگئے پولیس کے مطابق چھجو شوری پولیس تھانہ کی حدود بالان شاخ کے مقام پر پولٹری فارم کے اونر کے منشی گل جان ابڑو سے مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر تین لاکھ روپے نقدی و دو قیم......

بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

خیبر پختونخوا میں دہشت گردی خود ساختہ ہے، سہیل آفریدی

وفاق ہمارے 3 ہزار ارب روپے بھی نہیں دے رہا، وزیر اعلیٰ کے پی

لوئر دیر (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ صوبے میں دہشت گردی خود ساختہ شروع کی گئی ہے، ترقیاتی منصوبوں کیلئے وفاق سے این او سی نہیں مل رہا ہے اور وفاق ہمارے 3 ہزار ارب روپے بھی نہیں دے رہا ہے۔ لوئر دیر میں 41 میگاواٹ بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت کے حامل کوٹو ہائیڈل پاور پراجیکٹ کے افتتا......

بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

برطانوی جریدے کا آرٹیکل بالکل درست ہے، عون چوہدری

شرم ناک ہے کہ وزیر اعظم سرکاری فیصلے بیوی سے پوچھ کر کرتے تھے، وزیر مملکت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر مملکت برائے اوورسیز پاکستانیز عون چوہدری نے کہا ہے کہ برطانوی جریدے کے آرٹیکل میں جو بھی چھپا ہے وہ بالکل درست ہے، شرم ناک ہے کہ وزیر اعظم سرکاری فیصلے بیوی سے پوچھ کر کرتے تھے۔ ایک بیان میں سابق وزیر اعظم عمران خان کے سابق قریبی ساتھی اور پولیٹیکل سیکرٹری عون چوہدری نے کہا کہ 2 ......

بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

سیکرٹری صحت داؤد خان محکمانہ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

شہداء کے خون کی بدولت پشتون قومی تحریک آج بھی منظم و فعال ہے، اے این پی

اے این پی عوام کے حقوق، امن و استحکام اور جمہوری اقدار کے فروغ کیلئے سیاسی جدوجہد جاری رکھے گی، اصغر خان اچکزئی

23 نومبر کو شہید خان جیلانی خان اچکزئی، شہید اسد خان اچکزئی کی یاد میں جلسہ منعقد ہوگا، ایمل ولی خان خصوصی شرکت کریں گے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کی صوبائی کابینہ کا اجلاس ارباب ہاؤس میں صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کی صدارت میں منعقد ہوا اجلاس میں ملکی سیاسی منظرنامے، صوبے کی مجموعی صورتحال امن و امان اور تنظیمی امور پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا اجلاس میں شہداء وطن شہید خان جیلانی خان اچکزئی شہید اسد خان اچکزئی سمیت پشتون قومی تحریک کے عظیم شہداء کو ان کی لازوال قربانیوں پر خراج تحسین و خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا گیا کہ ان شہداء کے خون کی بدولت پشتون قومی تحریک آج بھی نہ صرف فعال اور منظم ہے بلکہ اپنے ان اہداف کے ......

بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

جلد پاکستان سے پٹرول اور گیس کے مزید ذخائر نکلیں گے، رانا ثناء اللہ

ایک حکومت تھی جس نے 15 کلو ناجائز ہیروئین کا کیس ڈال دیا تھا، اللہ نے مجھے بری کیا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) مشیر وزیر اعظم سینیٹر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ ایک دن آئے گا جب پاکستان سے پٹرول اور گیس کے مزید ذخائر نکلیں گے۔ سینیٹر رانا ثناء اللہ نے بوزیوال روڈ پر فراہمی سوئی گیس منصوبے کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گیس کی سہولت سے سب سے زیادہ آسانی خواتین کو ہوگی، پاکستان میں گیس کے ذخائر کم ......

بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

شرم بھی آتی ہے کہ ہر فیصلہ بشریٰ بی بی کرتی تھیں، شیری رحمان

کافی لوگوں نے یہ کہانی سنائی اور اس کی تصدیق بھی کی ہے، ردعمل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ شرم بھی آتی ہے کہ ہر فیصلہ، ہر تقرری، کابینہ کے فیصلے تک بشریٰ بی بی کرتی تھیں۔ سینیٹر شیری رحمان نے برطانوی جریدے کی بشریٰ بی بی سے متعلق شائع کی گئی خصوصی رپورٹ پر اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عجیب و غریب چیزیں سامنے آرہی ہیں، کافی لوگوں نے یہ کہانی سنائی اور اس کی ......

بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

پشین: برشور اوبازار میں ملک علی احمد خان کاکڑ کی دستاربندی کی تقریب سے نواب ایاز خان جوگیزئی، ڈاکٹر گوہر اعجاز خان کاکڑ، ملک علی احمد کاکڑ و دیگر خطاب کر رہے ہیں

اجتماع عام میں بلوچستان کی آواز دنیا تک پہنچائیں گے، مولانا ہدایت الرحمن

مینار پاکستان کا جلسہ تاریخی ہوگا جس سے ذمہ داران اور کارکنان کو نیا عزم و حوصلہ اور جذبہ ملے گا، صوبائی امیر جماعت اسلامی

جماعت اسلامی اپنی عوامی قوت و تائید سے نظام کو بدلے گی، دورہ لورالائی کے موقع پر ذمہ داران و کارکنان سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ صدیوں کی محرومیاں، دہائیوں کا درد اور برسوں سے دبی فریاد اب ایک بار پھر پاکستان کے سب سے بڑے مینار کے سائے تلے امانت بن کر پیش ہونے جا رہے ہیں 21 تا 23 نومبر، مینار پاکستان پر ہم بلوچستان کے مظلوم عوام کی آواز کو منظم انداز میں دنیا تک پہنچائیں گے ان شاء اللہ یہ موقع صرف جلسہ نہیں یہ تاریخ لکھنے کا لمحہ ہے۔ آئیں، بلوچستان کے حق کیلئے کھڑے ہوں تاکہ کل ہماری آنے والی نسلیں یہ نہ کہیں کہ ہم خاموش ......

بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

آزاد جموں و کشمیر اسمبلی، تحریک عدم اعتماد کل پیش کی جائے گی

مسلم لیگ ن کا اپوزیشن میں بیٹھنے کا فیصلہ، تحریک انصاف حصہ نہیں بنے گی، خواجہ فاروق احمد

مظفر آباد (م ڈ) آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کا انتہائی اہم اجلاس (کل) 17 نومبر بروز پیر طلب کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں وزیر اعظم آزاد جموں و کشمیر چوہدری انوار الحق کے خلاف تحریک عدم اعتماد پیش کی جائے گی، اجلاس میں نئے قائد ......

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

حیدر آباد، غیر قانونی آتش بازی سامان کے کارخانے میں دھماکہ، 4 افراد جاں بحق

وزیر اعلیٰ سندھ کا نوٹس، زخمی مزدوروں کو فوری اور بہترین طبی امداد فراہم کرنے کی ہدایت

حیدر آباد (بیورو رپورٹ) حیدر آباد کے علاقے لطیف آباد نمبر 10 میں واقع غیر قانونی آتش بازی کا سامان بنانے والے کارخانے میں دھماکے کے بعد آگ لگ گئی، جس کے نتیجے میں 4 مزدور جاں بحق، 5 زخمی ہو گئے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق لطیف ......

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر



آنکھ روشن،
جہان روشن

او جی ڈی سی کی جانب سے مفت آئی کیمپس کا آغاز

شیڈول برائے آئی کیمپس صوبہ بلوچستان 26-2025

تاریخ	مقام	ضلع
17 تا 19 نومبر 2025	رورل ہیلتھ سینٹر (آر ایچ سی)	جھل مگسی
24 تا 26 نومبر 2025	ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر (ڈی ایچ کیو) اسپتال	ڈیرہ بگٹی
24 تا 26 جنوری 2026	ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر (ڈی ایچ کیو) اسپتال	خضدار
29 تا 31 جنوری 2026	ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر (ڈی ایچ کیو) اسپتال	خاران
03 تا 05 فروری 2026	ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر (ڈی ایچ کیو) اسپتال	صحبت پور
09 تا 11 فروری 2026	نوکنڈی / چاغی	چاغی

بلوچستان میں 06 مفت آئی کیمپس پر فراہم کی جانے والی خدمات

لیبارٹری ٹیسٹ اور مشاورت | ادویات اور چشمے | موتیا کا آپریشن | لینزکی فراہمی

the energy

ogdcl.com